# ایسر القرآن

## وَمَآ اُبَرِّئُ 13

ہمارا مشن ہے کہ...... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو
با محاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

قرآن پاک کو اس انداز میں سمجھنے اور سمجھانے کے لئے طریقہ کار

**ڈاکٹر اُمِّ ارقم سلمیٰ ضمیر خان صاحبہ** اور **انجینئر امیر ضمیر احمد خان صاحب**

نے تخلیق و تجویز فرمایا......اور ہر مرحلہ پر راہنمائی اور تصحیح فرمائی


## جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں



| | | |
|---|---|---|
| تدوین وترتیب | : | ڈاکٹر اُمِّ ارقم سلمیٰ ضمیر خان |
| تسوید وتصحیح | : | ابوسعد محمد شفیق خاں جالندھری |
| پروف ریڈنگ | : | ڈاکٹر حافظ محمد عرفان رمضان |
| نظرِ ثانی | : | ابُو عبداللہ مفتی محمد مسعود ظفر |
| اہتمام | : | حافظ محمد عثمان عیشؔ |
| پارہ | : | وَمَآ اُبَرِّئُ (13) |
| اشاعت اوّل | : | |
| تعداد | : | 1000 |
| طباعت | : | اقراء کمپیوٹرز، پرنٹرز اینڈ پبلشرز |

پریس مارکیٹ امین پور بازار فیصل آباد۔ پاکستان 0301-7977716

پبلشرز :

خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق

1- سینٹ میری پارک، گلبرگ III، کلمہ چوک، لاہور 0300-7942202

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com

# القرآن الكريم

# وَمَآ اُبَرِّئُ (13)

ہمارا مشن ہے کہ..... قرآنی الفاظ کے اُردو تلفظ...... اُردو لفظی ترجمہ
عربی مادہ اور عام زبان میں استعمال کو سمجھ کر...... قرآن پاک کو
با محاورہ اُردو ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کو ممکن بنانا

خاور صادق
قرآن سمجھو
تحریک

# منفرد انداز میں قرآن پاک کی تلاوت اور اُسے سمجھنے کا طریقہ

قرآن پاک ایک ایسی آسمانی کتاب ہے جسے اللہ عزوجل نے عربی زبان میں نازل کیا ہے۔اس کے باوجود قرآنِ مجید کومختلف زبانوں میں سمجھانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منتخب فرمایا۔فہم قرآن کیلئے عالمِ اسلام میں مختلف کوششیں کی گئیں۔اسی طرح اُردو زبان میں بھی قرآن پاک کی ترجمانی کیلئے بیش بہا کوششیں ہوئیں،مگر بدقسمتی سے عربی زبان کو عربی لہجے میں پڑھنا بالخصوص پاکستان کے کچھ علاقہ جات میں مشکلات کا ہی شکار رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ مستقل اساتذہ کرام کی رہنمائی کے بغیر قرآنِ پاک کے مقدس عربی الفاظ کو صحتِ تلفظ سے پڑھنا ناممکن ہی نظر آتا ہے۔اس کے علاوہ تمام مسلم احباب کیلئے قرآنِ پاک کے الفاظ کی تعلیم کا ابتدائی مرحلہ حروفِ تہجی کے الفاظ کو ہجوں کی شکل میں جوڑ توڑ میں لکھا جاتا ہے اور پڑھایا جاتا ہے۔اس کیلئے ادارہ جات میں بنیادی (قاعدے) موجود ہیں اور وہاں مستقل قراء کرام، اساتذہ کرام بھی موجود ہیں، اُن کی بروقت رہنمائی متعلمین اور مبتدئین کے لئے ازبس ضروری ہے، مگر افسوس صد افسوس! بے شمار لوگ ابھی بھی قرآن پاک کی ناظرہ تعلیم اور اس کے ترجمہ و تفہیم سے یکسر قاصر نظر آتے ہیں۔

خاور صادق "قرآن سمجھو" تحریک کا ایک ہی بنیادی مقصد ہے کہ ہر آدمی جس کی قومی زبان اردو ہے اُسے قرآنی الفاظ کا تلفظ بھی سمجھ آجائے اور قرآن کے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ بھی سمجھنے میں آسانی ہوجائے اور ترجمہ کو عام زبان میں استعمال ہونے والے الفاظ سے کالمی انداز میں قرآن کو سمجھانے کی منفرد کوشش کی گئی ہے۔پہلے کالم میں قرآنی الفاظ، دوسرے کالم میں قرآنی الفاظ کا اردو میں تلفظ، تیسرے کالم میں لفظی اردو ترجمہ، چوتھے کالم میں قرآنی الفاظ کا عربی لغت میں مادہ اور پانچویں کالم میں عام زبان میں عربی الفاظ کا استعمال پیش کیا گیا ہے، تاکہ پڑھنے والے اچھی طرح تلفظ سیکھنے کے ساتھ اردو ترجمہ بھی خوب ذہن نشین کرلیں اور بامحاورہ ترجمہ بھی دل نشین انداز میں پیش خدمت ہے۔عوام الناس کیلئے یہ نادر اور منفرد کوشش و کاوش ہے۔اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے۔

قرآنی الفاظ کی تلاوت کا طریقہ قرأت وتجوید کے رولز کے مطابق چند ضروری مگر مختصر قوانین پڑھنے والوں کی رہنمائی کیلئے پیش خدمت ہیں:

**① جزم والا ھمزہ:** اس کے لئے اُردو کے تلفظ میں "x" کراس کا نشان لگایا گیا ہے، جیسے:

يَأْتُوكُمْ   یَ x تُ وْ کُمْ   مُؤْمِنِيْنَ   مُ x مِ نِ یْ نَ

**② مد متصل:** اگر حروف مدہ (واؤ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آجائے تو اُسے مدِ متصل کہتے ہیں اسے تین نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

جَآءَكُمْ   جَا... ءَ کُ مْ   سُوْٓءَ   سُ وْ ... ءَ   سَيِّئٰتُ   سَیْ ... ءَ تُ

**③ مد منفصل:** اگر حروفِ مدہ (واؤ، الف، یائے) کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آئے تو اُس کو مدِ منفصل کہتے ہیں اُسے دو نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے، جیسے:

بِمَآ اُنْزِلَ   بِ مَا.. اُنْ زِ لَ   قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا   قُ وْ لُ وْ.. آ مَنْ نَا   فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ   فِیْ.. اَنْ فُ سِ کُمْ

**④ ادغام تام اور مدغم حروف کی صوت (آواز):** دو حرفوں کا آپس میں اس طرح مل جانا گویا دونوں ایک ہوگئے ہیں اسکی تین صورتیں ہیں:

(۱) ایک حرف دو مرتبہ ایک کلمہ یا دو کلموں میں اس طرح آئے کہ پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن کو متحرک میں مدغم کردیں گے، اس کو مدغم مثلین کہتے ہیں جیسے:

اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ   اِذْ ہَ بْ بِ کِ تَا بِ یْ   سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا   سَ عْ یُ کُمْ مَ شْ کُ وْ رَا   عَنْ نَّفْسِهٖ   عَنْ نَفْ سِ یْ

(۲) اگر ایسے دو حرف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جن کا مخرج ایک اور ان کا پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک حرف میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اَحَطْتُّ   اُ حِ ت تُ   اِذْ ظَّلَمُوْا   اِ ظْ ظَ لَ مُ وْ   قَدْ تَّبَيَّنَ   قَ تْ تَ بَ یْ یَ نَ

(۳) اگر ایسے دو حروف ایک کلمہ یا دو کلموں میں جمع ہوں جو قریب المخرج اور قریب الصوت ہوں اور پہلا حرف ساکن اور دوسرا حرف متحرک ہو تو ساکن حرف کو متحرک میں مدغم کردیں گے، جیسے:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ   اَ لَ مْ نَ خْ لُ كْ کُمْ   قُلْ رَّبِّيْ   قُ رْ رَ بْ بِ یْ   مِنْ رَّحِيْقٍ   مِ رْ رَ حِیْ قِنْ

**⑤ ادغام ناقص میں صوت (آواز):** "ن" ساکن یا "ن" تنوین (کے قاعدہ ادغام غُنّہ کے ساتھ) میں دیکھ چکے ہیں کہ "ن" کے ادغام کے باوجود اس کی صوت (آواز) باقی ہے ایسے ہی مدغم حرف کی کوئی صفت باقی رہے تو اُس کو ادغام ناقص کہتے ہیں، جیسے:

مَنْ يَّفْعَلْ   مَا ئیں یَ فْ عَ لْ   مَنْ يَّشَآءُ   مَا ئیں یَ شَا... ءُ   عِلْمًا وَّ   عِ لْ مَا وَں وَ   جَنّٰتٌ وَّ   جَ نْ نَا تُوں وَ

**نوٹ:** تلاوت کے حوالے سے مزید ضروری "قواعد و ضوابط" تفصیل کے ساتھ ایک کتابچہ کی صورت میں شائع کئے جائیں گے۔   (ادارہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۳ | وَمَآ اُبَرِّئُ | وَ مَا.. اُ بَ رِ ءُ | اور میں بَری نہیں کرتا | ب ر ء | بَرِیُٔ الذِّمہ، بَرأت، مُبَرّا ہونا |
| | نَفْسِیْ ج | نَف سِیْ | اپنے نفس کو | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتنفّس |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | النَّفْسَ | ن نَف سَ | نفس (تو) | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتنفّس |
| | لَاَمَّارَةٌۢ | لَ اَم مَا رَ تُم | ضرور حکم دیتا ہے | ء م ر | آمِر، اَمر بِالْمَعْرُوف، نَفس اَمّارَہ |
| | بِالسُّوْٓءِ | بِس سُوْ... ءِ | بُرائی کا | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | مَا رَحِمَ | مَا رَ حِ مَ | جس پر رحم کرے | ر ح م | رَحم، رَحمَت، رَحِیم، رَحم وکَرم |
| | رَبِّیْ ط | رَب بِیْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | اِنَّ رَبِّیْ | اِن نَ رَب بِیْ | بے شک میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ج اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ط اِنَّ رَبِّیْ

میں اپنے نفس کی پاکیزگی بیان نہیں کرتا، بیشک نفس تو بُرائی پر ابھارنے والا ہی ہے، مگر یہ کہ میرا پروردگار ہی اپنا رحم کرے، یقیناً میرا پالنے والا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَفُوْرٌ | غَ فُوْ رُ | بہت بخشنے والا | غ ف ر | غَفّار، عَبدُ الغَفور، غَافِر، اِستِغفَار |
| | رَّحِیْمٌ ۝۵۳ | رر رَ حِیْ م | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمَت، رَحِیم، رَحم وکَرم |
| ۵۴ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | الْمَلِكُ | لْ مَ لِ کُ | بادشاہ نے | م ل ك | مَلِک فَہد، مَلِک مُحمّد بن سَلمان |
| | ائْتُوْنِیْ بِهٖ | x تُوْ نِیْ بِ هِیْ.. | تم اسے میرے پاس لے آؤ | ء ت ی | |
| | اَسْتَخْلِصْهُ | اَس تَ خْ لِصْ هُ | میں اسے خالص کروں گا | خ ل ص | خَالِص، خُلاصہ، مُخلِص، اِخلَاص |
| | لِنَفْسِیْ ج | لِ نَف سِیْ | اپنی ذات کے لئے | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتنفّس |
| | فَلَمَّا | فَ لَم مَا | پھر جب | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَلَّمَهٗ | کَل لَ مَ ہُو | اس (بادشاہ نے بات کی اس (یوسف) سے | ك ل م | کَلِمہ طَیِّبَہ، کَلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |

## غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الۡمَلِكُ ائۡتُوۡنِىۡ بِهٖۤ اَسۡتَخۡلِصۡهُ لِنَفۡسِىۡ‌ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ

بڑی بخشش کرنیوالا اور بہت مہربانی فرمانے والا ہے ﴿۵۳﴾ بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لاؤ کہ میں اسے اپنے خاص کاموں کیلئے مقرر کرلوں،

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَالَ | قَالَ | تو کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | اِنَّكَ | اِن نَ كَ | بے شک تو | | |
| | الۡيَوۡمَ | اَل یَا وُ مَ | آج | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | لَدَيۡنَا | لَ دَا اِیۡ نَا | ہمارے ہاں | | |
| | مَكِيۡنٌ | مَ کِیۡ نُنۡ | بڑے مرتبے والا | م ك ن | تَمکین، اِمکان، بَاتَمکین، مُتَمَکَّن |
| | اَمِيۡنٌ ﴿۵۴﴾ | اَ مِیۡ ن | امین ہے | ء م ن | اَمانَت ودیانَت، اَمِین، اَمانَت دار |
| ۵۵ | قَالَ | قَالَ | اس (یوسف) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | اجۡعَلۡنِىۡ | جۡ عَ لۡ نِیۡ | آپ مجھے (نگران) بنادیں | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | عَلٰى خَزَآئِنِ | عَ لَا خَ زَا ... ءِ نِ | خزانوں (پیداوار) پر | خ ز ن | خازِن، خَزِینَہ، وَزارتِ خَزانَہ |
| | الۡاَرۡضِ‌ ۚ | اَلۡ اَرۡضِ | زمین کے | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ اَرض، اَرضِ مُقدس |

## قَالَ اِنَّكَ الۡيَوۡمَ لَدَيۡنَا مَكِيۡنٌ اَمِيۡنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجۡعَلۡنِىۡ عَلٰى خَزَآئِنِ الۡاَرۡضِ‌ ۚ

پھر جب اس سے بات چیت کی تو کہنے لگا کہ آپ ہمارے ہاں آج سے ذی عزت اور امانت دار ہیں ﴿۵۴﴾ (یوسف علیہ السلام نے) کہا آپ مجھے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنِّىۡ | اِن نِیۡ | بے شک میں | | |
| | حَفِيۡظٌ | حَ فِیۡ ظُ نۡ | مکمل حفاظت کرنے والا | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفاظَت، مَحفُوظ، مُحافِظ |
| | عَلِيۡمٌ ﴿۵۵﴾ | عَ لِیۡ مۡ | خوب جاننے والا ہوں | ع ل م | عِلم، عالِم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| ۵۶ | وَكَذٰلِكَ | وَ كَ ذَا لِ كَ | اور اسی طرح | | کَالعَدم، کَماحَقُّہٗ |
| | مَكَّنَّا | مَ كَ نَ نَا | ہم نے اقتدار دیا | م ك ن | مَکان، مَکِین، اِمکان، بَاتَمکین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِیُوْسُفَ | لِ یُوْ سُفَ | یوسف کو | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فِی الْاَرْضِ ج | فِلْ اَ رْ ضِ | زمین (مصر) میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرہ ارض، ارضِ مُقدس |
| | یَتَبَوَّاُ | یَ تَ بَوْ وَ اُ | وہ جگہ پکڑتا تھا | ب و ء | |
| | مِنْهَا | مِنْ ہَا | اس (ملک) میں | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | حَیْثُ | حَ ئِیْ ثُ | جہاں | ح ی ث | مِن حَیثُ القوم |

## اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ۚ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ

ملک کے خزانوں پر مقرر کر دیجئے، میں حفاظت کرنے والا اور باخبر ہوں ﴿۵۵﴾ اسی طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو ملک کا قبضہ دے دیا کہ وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یَشَآءُ ط | یَ شَا...ءُ | وہ چاہتا | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَاشَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | نُصِیْبُ | نُ صِیْ بُ | ہم پہنچاتے ہیں | و ص ب | مُصِیبَت زدہ، مَصَائِب وآلام |
| | بِرَحْمَتِنَا | بِ رَحْ مَ تِ نَا | اپنی رحمت | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| | مَنْ نَّشَآءُ | مَن نَ شَا...ءُ | جسے ہم چاہیں | ش ی ء | اِن شَاءَ اللہ، مَاشَاءَ اللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَلَا نُضِیْعُ | وَلَا نُ ضِیْ عُ | اور ہم ضائع نہیں کرتے | ض ی ع | ضَائع کرنا، وَقت کا ضِیاع پانی کا ضِیاع |
| | اَجْرَ | اَجْ رَ | اَجر | ء ج ر | اَجر وثَواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| | الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۶﴾ | اَلْ مُ حْ سِ نِیْ نَ | نیکی کرنے والوں کا | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| ۵۷ | وَلَاَجْرُ | وَلَ اَجْ رُ | اور یقیناً اَجر | ء ج ر | اَجر وثَواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |

## یَشَآءُ ط نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجْرُ

جہاں کہیں چاہے رہے سہے، ہم جسے چاہیں اپنی رحمت پہنچا دیتے ہیں، ہم نیکوکاروں کا ثواب ضائع نہیں کرتے ﴿۵۶﴾ یقیناً ایمان داروں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاٰخِرَةِ | اَلْ آ خِ رَ ةِ | آخرت کا | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |
| | خَیْرٌ | خَ ئِیْ رُ | بہت بہتر ہے | خ ی ر | خَیرخواہی، خَیروشر، خَیروبَرکت |
| | لِلَّذِیْنَ | لِ لِلْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کے لئے جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اٰمن وامان، مُؤمن، ایمان |
| | وَكَانُوْا | وَ كَ انُوْ | اور رہے | ك و ن | |
| | يَتَّقُوْنَ ﴿٥٧﴾ | يَت تَ قُوْن | وہ ڈرتے | و ق ی | مُتَّقِی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| ٥٨ | وَجَآءَ | وَ جَا... ءَ | اور آئے | ج ی ء | |
| | اِخْوَةُ | اِ خْ وَ ةُ | بھائی | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُؤاخات اُخوّت، اخوانُ المُسلِمین |
| | يُوْسُفَ | يُوْ سُ فَ | یوسف کے | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فَدَخَلُوْا | فَ دَ خَ لُوْ | پھر وہ داخل ہوئے | د خ ل | داخِل، دُخول، وزارتِ داخلہ |

الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا

اور پرہیزگاروں کا اُخروی اجر بہت ہی بہتر ہے ﴿٥٧﴾ یوسف (علیہ السلام) کا بھائی آئے اور یوسف (علیہ السلام) کے پاس گئے تو اس نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ | عَ لَا يْ هِ | اس (یوسف) پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلان |
| | فَعَرَفَهُمْ | فَ عَ رَ فَ هُمْ | تو اس (یوسف) نے انہیں پہچان لیا | ع ر ف | عُرف، عارِف، تعریف، تعارُف |
| | وَهُمْ لَهٗ | وَ هُمْ لَ هُوْ | جبکہ وہ (بھائی) اِسے | | |
| | مُنْكِرُوْنَ ﴿٥٨﴾ | مُنْ كِ رُوْ نَ | پہچاننے والے نہ تھے | ن ك ر | مُنکَر، مُنکَرات، مُنکِرین |
| ٥٩ | وَلَمَّا | وَ لَم مَا | اور جب | | |
| | جَهَّزَهُمْ | جَ ہ ہَ زَ هُمْ | اس (یوسف) نے ان کے لئے تیار کردیا | ج ھ ز | تَجہیز و تَکفِین کرنا، جہاز (سامان) سامانِ جَہیز |
| | بِجَهَازِهِمْ | بِ جَ هَا زِ هِمْ | ان کا سامان | ج ھ ز | تَجہیز و تَکفِین کرنا، جہاز (سامان) سامانِ جَہیز |
| | قَالَ | قَ الَ | تو کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | ائْتُوْنِيْ | x تُوْنِي | میرے پاس لے کر آنا | ء ت ی | |

عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ

انہیں پہچان لیا اور انہوں نے اسے نہ پہچانا ﴿٥٨﴾ جب انہیں ان کا اسباب مہیا کر دیا تو کہا کہ تم میرے پاس اپنے اس بھائی کو بھی لانا جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَخٍ لَّكُمْ | بِ اَخِ لْ لَ کُ مْ | تم اپنا وہ بھائی | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُوَاخات اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| | مِّنْ اَبِيْكُمْ ج | مِنْ اَبِيْ کُ مْ | جوتمہارے باپ کی طرف سے ہے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | اَلَا تَرَوْنَ | اَلَا تَ رَاوْنَ | کیا تم نہیں دیکھتے | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُوٴیتِ ہِلال، غَیرمَرئی |
| | اَنِّيْٓ | اَن نِیْ.. | کہ بے شک میں | | |
| | اُوْفِي | اُوْفِ | پورا دیتا ہوں | و ف ی | وَفاشِعاری، وَفاداری اِیفائے عہد، عہدِوفا |
| | الْكَيْلَ | لْ کَائِ لَ | ماپ | ك ی ل | مِکیال، کَیل (ناپ تول) |
| | وَاَنَا خَيْرُ | وَ اَنَا خَائِ رُ | اور میں بہتر ہوں؟ | خ ی ر | خَیرخواہی، خَیروشَر، خَیروبَرکت |
| | الْمُنْزِلِيْنَ ۵۹ | لْ مُنْ زِ لِیْ نَ | مہمان نوازی کرنے والوں میں سے | ن ز ل | نازِل، اِنزال، قُنُوتِ نازِلہ |

بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۵۹

تمہارے باپ سے ہے، کیا تم نے نہیں دیکھا کہ میں پورا ناپ کر دیتا ہوں اور میں ہوں بھی بہترین میزبانی کرنے والوں میں ۵۹

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٠ | فَاِنْ | فَ اِنْ | پھر اگر | | |
| | لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ | لَمْ تَ x تُوْنِيْ بِ ہِیْ | تم اسے میرے پاس نہ لائے | ء ت ی | |
| | فَلَا كَيْلَ | فَ لَا کَائِ لَ | تو نہ کوئی ماپ (غلہ) ہے | ك ی ل | مِکیال، کَیل (ناپ تول) |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | عِنْدِيْ | عِنْ دِیْ | میرے پاس | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں، عِندَالطَّلَب |
| | وَلَا تَقْرَبُوْنِ ٦٠ | وَلَا تَقْ رَ بُوْنِ | اور نہ تم میرے قریب آنا | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عَزِیزواَقارِب |
| ٦١ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | سَنُرَاوِدُ | سَ نُ رَا وِ دُ | ہم ضرور مطالبہ کریں گے | ر و د | |

فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ٦٠ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ

پس اگر تم اسے لے کر پاس نہ آئے تو میری طرف سے تمہیں کوئی ناپ بھی نہ ملے گا بلکہ تم میرے قریب بھی نہ پھٹکنا ٦٠ انہوں نے کہا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْهُ | عَنْ هُ | اس کے بارے میں | | |
| | اَبَاهُ | آ بَا هُ | اس کے باپ سے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِس کے آباء |
| | وَاِنَّا | وَاِن نَا | اور بے شک ہم | | |
| | لَفٰعِلُوْنَ ﴿٦١﴾ | لَ فَا عِ لُوْن | (یہ کام) ضرور کرنیوالے ہیں | ف ع ل | فِعل، فَاعِل، مَفعُول، اَفعَال |
| ٦٢ | وَقَالَ | وَقَا لَ | اور اس (یوسف) نے کہا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لِفِتْيٰنِهِ | لِ فِتْ يَا نِ هِ | اپنے جوانوں (خادموں سے) | ف ت ی | فِتْيَان (جمع/غلام) |
| | اجْعَلُوْا | جْ عَ لُوْ | تم رکھ دو | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | بِضَاعَتَهُمْ | بِ ضَا عَ تَ هُمْ | ان کی پونجی (نقدی) | ب ض ع | |
| | فِيْ رِحَالِهِمْ | فِيْ رِحَا لِ هِمْ | ان کے سامان میں | ر ح ل | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |

عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿٦١﴾ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ

اچھا ہم اسکے باپ کو اس کی بابت پھسلائیں گے اور پوری کوشش کریں گے ﴿٦١﴾ اپنے خدمت گاروں سے کہا کہ ان کی پونجی انہی کی بوریوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَعَلَّهُمْ | لَ عَلْ لَ هُمْ | تاکہ وہ | | |
| | يَعْرِفُوْنَهَآ | يَ عْ رِفُوْنَ هَا.. | اسے پہچان لیں | ع ر ف | عُرف، عَارِف، تَعرِیف، تَعَارُف |
| | اِذَا انْقَلَبُوْٓا | اِ ذَنْ قَ لَ بُوْ.. | جب وہ لوٹ کر جائیں | ق ل ب | قَلب، اِنقِلَاب، اِنقِلَابی اَقدَام |
| | اِلٰٓى اَهْلِهِمْ | اِلَا.. اَهْ لِ هِمْ | اپنے گھر والوں کی طرف | ء ھ ل | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ، اَہل وعَیَال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | لَعَلَّهُمْ | لَ عَلْ لَ هُمْ | تاکہ وہ | | |
| | يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٢﴾ | يَرْ جِ عُوْن | پھر لوٹ آئیں | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (بار بار پلٹنا) |
| ٦٣ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | چنانچہ جب | | |

لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٢﴾ فَلَمَّا

میں رکھ دو کہ جب لوٹ کر اپنے اہل وعیال میں جائیں اور پونجیوں کو پہچان لیں تو بہت ممکن ہے کہ یہ پھر لوٹ کر آئیں ﴿٦٢﴾ جب یہ لوگ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَجَعُوْٓا | رَ جَ عُوْ.. | وہ لوٹے | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (بار بار پلٹنا) |
| | اِلٰٓى اَبِيْهِمْ | اِلَا.. اَبِیْ ہِمْ | اپنے باپ کی طرف | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاَقہ |
| | قَالُوْا | قَ الُوْ | توانہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰٓاَبَانَا | یَا.. اَ بَا نَا | اے ہمارے باپ! | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاَقہ |
| | مُنِعَ | مُ نِ عَ | روکا گیا ہے | م ن ع | مَانِع، مَمنُوع، مُمَانِعَت، مَنْع کرنا |
| | مِنَّا | مِن نَ | ہم سے (آیندہ) | | |
| | الْكَيْلُ | لْ كَ اَئِ لُ | ماپ (غلہ) | ك ی ل | مِکیَال، کَیل (ناپ تول) |
| | فَاَرْسِلْ | فَ اَرْ سِلْ | لہٰذا تو بھیج | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مَعَنَآ | مَ عَ نَا.. | ہمارے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | اَخَانَا | اَ خَا نَا | ہمارا بھائی (بنیامین تاکہ) | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُوَاخَات<br>اُخُوَّت، اخوانُ المُسلِمِین |
| | نَكْتَلْ | نَ كْ تَ لْ | ہم ماپ (غلہ) لائیں | ك ی ل | مِکیَال، کَیل (ناپ تول) |

**رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ**

لوٹ کر اپنے والد کے پاس گئے تو کہنے لگے ابا جان ہم سے تو غلہ کا ناپ روک لیا گیا، اب آپ ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیجئے کہ ہم پیمانہ بھر کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنَّا لَهٗ | وَاِن نَا لَ هُوْ | اور بے شک ہم اس کی | | |
| | لَحٰفِظُوْنَ ﴿٦٣﴾ | لَ حَا فِ ظُوْن | ضرور حفاظت کرنیوالے ہیں | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظَت، مَحفُوظ |
| ٦٤ | قَالَ | قَ الَ | اس (یعقوب) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | هَلْ اٰمَنُكُمْ | ہَلْ آ مَ نُ كُ مْ | میں تمہیں اَمانت دار نہیں سمجھتا | ء م ن | اَمن واَمَان، مُومِن، اِیمَان |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ هِ | اس پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الاِعلاَن |
| | اِلَّا كَمَآ | اِل لَا كَ مَا.. | مگر جیسا کہ | | اِلَّا مَا شَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل<br>کَالعدم، کَمَا حَقُّہٗ |
| | اَمِنْتُكُمْ | اَ مِن تُ كُ مْ | میں نے تمہیں امانت دار سمجھا تھا | ء م ن | اَمن واَمَان، مُومِن، اِیمَان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰٓی اَخِیۡہِ | عَ لَآ.. اَ خِیۡ ہِ | اس کے بھائی پر | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُؤاخات اُخوّت، اخوانُ المُسلِمین |

وَ اِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوۡنَ ﴿۶۳﴾ قَالَ ہَلۡ اٰمَنُکُمۡ عَلَیۡہِ اِلَّا کَمَاۤ اَمِنۡتُکُمۡ عَلٰۤی اَخِیۡہِ

لائیں ہم اسکی نگہبانی کے ذمہ دار ہیں ﴿۶۳﴾ (یعقوب علیہ السلام نے) کہا کہ مجھے تو اس کی بابت تمہارا بس ویسا ہی اعتبار ہے جیسا اس سے پہلے اسکے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنۡ قَبۡلُ ؕ | مِنۡ قَبۡ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | فَاللّٰہُ | فَ ل لَا ہُ | پس اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | خَیۡرٌ | خَا یِ رُنۡ | بہترین | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر و شَر، خَیر و بَرَکت |
| | حٰفِظًا ۪ | حَا فِ ظَا ؤں | محافظ ہے | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفاظت، مَحفُوظ |
| | وَّ ہُوَ اَرۡحَمُ | وَہُوَ اَرۡ حَ مُ | اور وہی سب رحم کرنیوالوں سے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم و کَرم |
| | الرّٰحِمِیۡنَ ﴿۶۴﴾ | ررَا حِ مِیۡ نَ | زیادہ رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم و کَرم |
| ۶۵ | وَ لَمَّا فَتَحُوۡا | وَلَمۡ مَا فَ تَ حُوۡ | اور جب انہوں نے کھولا | ف ت ح | فَتح، فاتِح، مَفتوح، اِفتِتاح |
| | مَتَاعَہُمۡ | مَ تَا عَ ہُمۡ | اپنا سامان | م ت ع | مَتاعِ کاروان، مَتاعِ عزیز تَمَتُّع (فائدہ اٹھانا)، حَجِّ تَمَتُّع |

مِنۡ قَبۡلُ ؕ فَاللّٰہُ خَیۡرٌ حٰفِظًا ۪ وَّ ہُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ﴿۶۴﴾ وَ لَمَّا فَتَحُوۡا مَتَاعَہُمۡ

بھائی کے بارے میں تھا، بس اللہ تعالیٰ ہی بہترین حافظ ہے اور وہ سب مہربانوں سے بڑا مہربان ہے ﴿۶۴﴾ جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَجَدُوۡا | وَ جَ دُوۡ | تو انہوں نے پائی | و ج د | وَجد، وَجدان، واجِد (نام)، مَوجُود |
| | بِضَاعَتَہُمۡ | بِ ضَا عَ تَ ہُمۡ | اپنی پونجی | ب ض ع | |
| | رُدَّتۡ | رُ د دَتۡ | جو واپس کر دی گئی تھی | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کُفر، اِرتِداد، فِتنہِ اِرتِداد |
| | اِلَیۡہِمۡ ؕ | اِ لَا یۡ ہِمۡ | ان کی طرف | | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | قَالُوۡا | قَا لُوۡ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | یٰۤاَبَانَا | یَا.. اَ بَا نَا | اے ہمارے باپ | ء ب و | آباؤ اَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | مَا نَبۡغِیۡ ؕ | مَا نَبۡ غِیۡ | ہم (اور) کیا چاہتے ہیں؟ | ب غ ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا | ہَاذِہِیْ بِ ضَاعَ تُ نَا | یہ ہماری پونجی ہے | ب ض ع | |

وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا

تو اپنا سرمایہ موجود پایا جو ان کی جانب لوٹا دیا گیا تھا، کہنے لگے اے ہمارے باپ! ہمیں اور کیا چاہیے دیکھئے تو یہ ہمارا سرمایہ بھی ہمیں واپس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رُدَّتْ | رُ د دَ تْ | جو واپس کر دی گئی ہے | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کُفر، اِرتِدَاد، فِتنۂ اِرتِدَاد |
| | اِلَيْنَا ج | اِ لَا ئِیْ نَا | ہماری طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَنَمِيْرُ | وَ نَ مِیْ رُ | اور ہم غلہ لائیں گے | ن م ر | |
| | اَهْلَنَا | اَ ہْ لَ نَا | اپنے اہل وعیال کے لئے | ء ھ ل | اَہل وعِیَال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | وَنَحْفَظُ | وَ نَ حْ فَ ظُ | اور ہم حفاظت کریں گے | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |
| | اَخَانَا | اَ خَا نَا | اپنے بھائی کی | ء خ و | اُخُوَّت پروگرام، مُوَاخات، اُخُوَّت، اِخوَانُ المُسلِمِین |
| | وَنَزْدَادُ | وَ نَ زْ دَا دُ | اور ہم زیادہ لائیں گے | ز ی د | زِیادہ، زَائد، مَزید، زِیَادَات |
| | كَيْلَ | کَا ئِیْ لَ | ماپ (غلہ) | ك ی ل | مِکیَال، کَیل (ناپ تول) |
| | بَعِيْرٍ ط | بَ عِیْ رِ | ایک اونٹ کا | ب ع ر | |
| | ذٰلِكَ كَيْلٌ | ذَا لِ کَ کَا ئِیْ لُوْئِیْں | یہ ماپ (غلہ لانا تو) | ك ی ل | مِکیَال، کَیل (ناپ تول) |

رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ

لوٹا دیا گیا ہے، ہم اپنے خاندان کو رسد لا دیں گے اور اپنے بھائی کی نگرانی رکھیں گے اور ایک اونٹ کے بوجھ کا غلہ زیادہ لائیں گے، یہ ناپ تو بہت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَّسِيْرٌ ۝٦٥ | یَ سِیْ ر | بہت آسان ہے | ی س ر | یُسر، مُیَسَّر، اَیسَرُ القُرآن، تَیسِیرُ القُرآن |
| ٦٦ | قَالَ | قَا لَ | اس (یعقوب) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | لَنْ اُرْسِلَهٗ | لَنْ اُ رْ سِ لَ ہُوْ | میں اسے ہرگز نہیں بھیجوں گا | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مَعَكُمْ | مَ عَ کُ مْ | تمہارے ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | حَتّٰى | حَتْ تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُؤْتُوْنِ | تُ x تُوْنِ | تم مجھے دو | ء ت ی | |
| | مَوْثِقًا | مَاوْ ثِ قَن | پکا وعدہ | و ث ق | وَثِیقَہ نَوِیس، وُثُوق، مِیْثَاقِ مَدِینَہ |
| | مِّنَ اللّٰهِ | م مِنَ ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | لَتَاْتُنَّنِيْ | لَ تَ x تُن نَ نِیْ | کہ تم ضرور لاؤ گے | ء ت ی | |

يَسِيْرٌ ﴿٦٥﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ

آسان ہے ﴿٦٥﴾ یعقوب (علیہ السلام) نے کہا! میں تو اسے ہرگز تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا جب تک تم اللہ کو بیچ میں رکھ کر مجھے قول و قرار نہ دو کہ اسے میرے پاس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖٓ | بِ ہِیْ.. | اسے میرے پاس | | |
| | اِلَّآ اَنْ | اِل لَا.. اَ ئیْن | مگر یہ کہ | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | يُّحَاطَ بِكُمْ ج | یُ حَا طَ بِ کُ مْ | تم (سب) گھیرے جاؤ | ح و ط | اِحاطہ کرنا، اِحَاطۂ تَحرِیر، مُحِیط ہونا |
| | فَلَمَّآ | فَ لَم مَا.. | پھر جب | | |
| | اٰتَوْهُ | آ تَا وْ ہُ | انہوں نے اس کو دیا | ء ت ی | |
| | مَوْثِقَهُمْ | مَاوْ ثِ قَ ہُمْ | اپنا پختہ وعدہ | و ث ق | وَثِیقَہ نَوِیس، وُثُوق، مِیْثَاقِ مَدِینَہ |
| | قَالَ | قَا لَ | تو اُس نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | اس پر جو | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الاِعْلَان، مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | نَقُوْلُ | نَ قُوْ لُ | ہم کہتے ہیں | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | وَكِيْلٌ ﴿٦٦﴾ | وَ کِیْ ل | ضامن ہے | و ک ل | وَکِیل کرنا، وَکَالَت کرنا، وُکَلَاء |

بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ج فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٦٦﴾

پہنچا دو گے، سوائے ایک صورت کے کہ تم سب گرفتار کر لئے جاؤ، جب انہوں نے پکا قول قرار دیدیا تو کہا کہ ہم جو کچھ کہتے ہیں اللہ اس پر نگہبان ہے ﴿٦٦﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٦٧ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور اس (یعقوب) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یٰبَنِیَّ | یَا بَ نِیْ یَ | اے میرے بیٹو! | ب ن و | اَبناء، بَنُون، اِبنِ عُمَر، اِبنِ آدَم |
| | لَا تَدْخُلُوْا | لَا تَ دْ خُ لُوْ | تم داخل نہ ہونا | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | مِنْۢ بَابٍ | مِمْ بَا بِنْ وْ | دروازے سے | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرقم |
| | وَّاحِدٍ | وَا حِ دِنْ وْ | ایک ہی | و ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، اَحَد |
| | وَّادْخُلُوْا | وَدْ خُ لُوْ | اور تم داخل ہونا | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | مِنْ اَبْوَابٍ | مِنْ اَبْ وَا بِ | دروازوں سے | ب و ب | بابِ رحمت، بابِ عُمرہ، بابِ اَرقم |
| | مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ | مُمْ تَ فَرْ رِ قَ ہْ | الگ الگ | ف ر ق | فَرق، فَرِیق، فِرقہ، مُتفرّق |

وَ قَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّ ادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ

اور (یعقوب علیہ السلام) نے کہا اے میرے بچو! تم سب ایک دروازے سے نہ جانا بلکہ کئی جدا جدا دروازوں میں سے داخل ہونا، میں اللہ تعالیٰ کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَآ اُغْنِیْ | وَ مَا .. اُغْ نِیْ | اور میں ہٹا نہیں سکتا | غ ن ی | |
| | عَنْكُمْ | عَنْ کُ مْ | تم سے | | |
| | مِّنَ اللّٰهِ | مِنَ لْ لَا ہِ | اللہ (کے فیصلے) سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | مِنْ شَیْءٍ ؕ | مِنْ شَیْ ءٍ | کچھ بھی | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَیْئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | اِنِ الْحُكْمُ | اِنِ لْ حُ کْ مُ | نہیں ہے حکم | ح ك م | حُکّام، مَحکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، حُکومت |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | لِلّٰهِ ؕ | لِلْ لَا ہْ | اللہ ہی کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ | عَ لَا ئِ ہِ تَ وَكْ كَلْ تُ | اسی پر میں نے بھروسا کیا | و ك ل | تَوَکُّل کرنا، مُتَوَکِّل عَلَی اللہ |

وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ

طرف سے آنے والی کسی چیز کو تم سے ٹال نہیں سکتا، حکم صرف اللہ تعالیٰ ہی کا چلتا ہے، میرا کامل بھروسہ اسی پر ہے اور ہر ایک بھروسہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَلَیْهِ | وَ عَ لَا ئِ ہِ | اور اسی پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَلْيَتَوَكَّلِ | فَلْ يَ تَ وَكْ كَلِ | پس چاہیے کہ بھروسا کریں | و ك ل | تَوَکُّل کرنا، مُتَوَکِّل عَلَی اللہ |
| | الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿٦٧﴾ | لْ مُ تَ وَكْ كِ لُوْنَ | بھروسہ کرنے والے | و ك ل | تَوَکُّل کرنا، مُتَوَکِّل عَلَی اللہ |
| ٦٨ | وَلَمَّا | وَ لَمْ مَا | اور جب | | |
| | دَخَلُوْا | دَ خَ لُوْ | وہ داخل ہوئے | د خ ل | داخل، دُخول، وَزارتِ داخلہ |
| | مِنْ حَيْثُ | مِنْ حَ ىْ ثُ | جہاں سے | ح ى ث | مِن حَیثُ القوم |
| | اَمَرَهُمْ | اَ مَ رَ هُمْ | انہیں حکم دیا تھا | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بالمعروف |
| | اَبُوْهُمْ ؕ | اَ بُوْ هُمْ | ان کے باپ نے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |

وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ

کرنے والے کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿٦٧﴾ جب وہ انہی راستوں سے جن کا حکم ان کے والد نے انہیں دیا تھا گئے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَا كَانَ | مَا كَ انَ | نہیں تھا | ك و ن | |
| | يُغْنِيْ | يُ غْ نِيْ | وہ (یعقوب) ہٹا سکتا | غ ن ى | |
| | عَنْهُمْ | عَنْ هُمْ | ان سے | | |
| | مِّنَ اللّٰهِ | مِنَ لْ لَا هِ | اللہ (کے فیصلے) سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مِنْ شَيْءٍ | مِنْ شَ ىْ ءِنْ | کچھ بھی | ش ى ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلَّا ماشاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | حَاجَةً | حَا جَ تَنْ | ایک خواہش تھی | ح و ج | قَضائے حاجت، نَمازِ حاجت |
| | فِيْ نَفْسِ | فِيْ نَفْ سِ | دل میں | ن ف س | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوَقت، نَفس، اَنفُس، نَفسا نَفسی، مُتَنفّس |
| | يَعْقُوْبَ | يَ عْ قُوْ بَ | یعقوب کے | | حضرت یعقوب علیہ السلام (نبی کا نام) |

مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ

کچھ نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے جو بات مقرر کردی ہے وہ اس سے انہیں ذرا بھی بچالے، مگر یعقوب (علیہ السلام) کے دل میں ایک خیال (پیدا ہوا)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَضٰىهَا ؕ | قَ ضَا ہَا | (کہ) اس نے اسے پورا کیا | ق ض ی | نمازِ قضاء، قضائے حاجت |
| | وَ اِنَّهٗ | وَ اِن نَ ہُوْ | اور بے شک وہ | | |
| | لَذُوْ عِلْمٍ | لَ ذُوْ عِ لْ مِ | یقیناً صاحبِ علم تھا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | لِّمَا عَلَّمْنٰهُ | ل لِ مَا عَل لَمْ نَا ہُ | اس وجہ سے کہ ہم نے اسے سکھایا تھا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | وَلٰكِنَّ | وَ لَا کِن نَ | اور لیکن | | |
| | اَكْثَرَ | اَ کْ ثَ رَ | اکثر | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | النَّاسِ | ن نَا سِ | لوگ | ن و س | خیرُالنّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | لَا يَعْلَمُوْنَ ۚ ۶۸ | لَا یَ عْ لَ مُوْ نَ | نہیں جانتے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |

قَضٰىهَا ؕ وَ اِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۚ ۶۸

جسے اس نے پورا کر لیا، بلاشبہ وہ ہمارے سکھلائے ہوئے علم کا عالم تھا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ۶۸

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹ | وَلَمَّا | وَ لَم مَا | اور جب | | |
| | دَخَلُوْا | دَ خَ لُوْ | وہ داخل ہوئے | د خ ل | داخل، دُخول، وزارتِ داخلہ |
| | عَلٰى يُوْسُفَ | عَ لَا یُوْ سُ فَ | یوسف پر | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اٰوٰٓى اِلَيْهِ | آ وَا .. اِ لَا یْ ہِ | تو اس نے اپنے پاس جگہ دی | ء و ی | ملجاء و ماویٰ، جنّتُ الماویٰ |
| | اَخَاهُ | اَ خَا ہُ | اپنے بھائی کو | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُواخات، اُخوّت، اخوانُ المُسلمین |
| | قَالَ | قَ ا لَ | (اور) کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِیْ .. | بلاشبہ میں | | |
| | اَنَا اَخُوْكَ | اَ نَا اَ خُ وْ کَ | تیرا بھائی ہوں | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُواخات، اُخوّت، اخوانُ المُسلمین |
| | فَلَا تَبْتَىِٕسْ | فَ لَا تَبْ تَ ءِ سْ | لہٰذا تم غم نہ کرو | ب ء س | |
| | بِمَا | بِ مَا | اس پر جو | | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا

یہ سب جب یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچ گئے تو اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس بٹھالیا اور کہا کہ میں تیرا بھائی (یوسف) ہوں، پس یہ جو کچھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانُوْا | کَ انُوْ | وہ تھے | ك و ن | |
| | يَعْمَلُوْنَ ۝٦٩ | یَ عْ مَ لُوْن | کرتے رہے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ٧٠ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | |
| | جَهَّزَهُمْ | جَ ہْ ہَ زَ ہُمْ | اس (یوسف) نے ان کے لئے تیار کر دیا | ج ھ ز | تجہیز و تکفین کرنا، جہاز (سامان) سامانِ جہیز |
| | بِجَهَازِهِمْ | بِ جَ ہَا زِ ہِمْ | ان کا سامان | ج ھ ز | تجہیز و تکفین کرنا، جہاز (سامان) سامانِ جہیز |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | تو رکھ دیا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | السِّقَايَةَ | س سِ قَا یَ ةَ | پینے کا برتن | س ق ی | سَاقی، نَمازِ اِستسقاء، سَاقیِ کَوثر |
| | فِيْ رَحْلِ | فِیْ رَ حْ لِ | سامان میں | ر ح ل | |
| | اَخِيْهِ | اَ خِیْ هِ | اپنے بھائی کے | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُواخات اُخوّت، اخوانُ المسلمین |

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٦٩ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ

کرتے رہے اس کا کچھ رنج نہ کر ۝٦٩ پھر جب انہیں ان کا سامان اسباب ٹھیک ٹھاک کر کے دیا تو اپنے بھائی کے اسباب میں پانی پینے کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اَذَّنَ | اَ ذْ ذَ نَ | اعلان کیا | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اَذان، بِاِذنِ الله، مُؤَذِن |
| | مُؤَذِّنٌ | مُ ءَ ذْ ذِ نُنْ | ایک اعلان کرنے والے نے | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، اَذان، بِاِذنِ الله، مُؤَذِن |
| | اَيَّتُهَا الْعِيْرُ | اَیْ یَ تُ ہَلْ عِیْ رُ | اے قافلے والو! | ع ی ر | |
| | اِنَّكُمْ | اِنْ نَ کُ مْ | بے شک تم | | |
| | لَسٰرِقُوْنَ ۝٧٠ | لَ سَا رِ قُوْن | یقیناً چور ہو | س ر ق | سَرِقہ، سَارِق (چور)، مَالِ مَسرُوقہ |
| ٧١ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَقْبَلُوْا | وَ اَقْ بَ لُوْ | اس حال میں کہ وہ متوجہ ہوئے | ق ب ل | اِقبالِ جُرم کرنا |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان کی طرف: | | |
| | مَّاذَا | مَا ذَا | کیا چیز | | |

ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۝٧٠ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا

پیالہ رکھ دیا، پھر ایک آواز دینے والے نے پکار کر کہا کہ اے قافلے والو! تم لوگ تو چور ہو ۝٧٠ انہوں نے ان کی طرف منہ پھیر کر کہا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَفْقِدُوْنَ ۝٧١ | تَفْ قِ دُوْ نَ | تم گُم پاتے ہو؟ | ف ق د | عِلْم کا فُقدان، فُقدانِ حِلْم |
| ٧٢ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | نَفْقِدُ | نَفْ قِ دُ | ہم گُم پاتے ہیں | ف ق د | عِلْم کا فُقدان، فُقدانِ حِلْم |
| | صُوَاعَ | صُ وَا عَ | پیالہ | ص و ع | |
| | الْمَلِكِ | لْ مَ لِ کِ | بادشاہ کا | م ل ك | مَلک فَہد، مَلک مُحمَّد بن سَلمان |
| | وَلِمَنْ | وَ لِ مَنْ | اور اس شخص کے لئے جو | | |
| | جَآءَ بِهٖ | جَا... ءَ بِ ہِیْ | لائے گا اسے | ج ی ء | |
| | حِمْلُ | حِ مْ لُ | بوجھ (غلہ) | ح م ل | حَامِلِ قُرآن اِنسان، حَامِلِ کِتاب |
| | بَعِيْرٍ | بَ عِیْ رِنْ وْ | ایک اونٹ بھر کا | ب ع ر | |
| | وَّاَنَا بِهٖ | وَ اَ نَا بِ ہِیْ | اور میں اس (وعدے) کا | | |

تَفْقِدُوْنَ ۝٧١ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ

تمہاری کیا چیز کھوئی گئی ہے؟ ۝٧١ جواب دیا کہ شاہی پیمانہ گم ہے جو اسے لے آئے اسے ایک اونٹ کے بوجھ کا غلہ ملے گا، اس وعدے کا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | زَعِيْمٌ ۝٧٢ | زَ عِیْ مْ | ضامن ہوں | ز ع م | زَعمِ بَاطِل، بزَعمِ خویش، زَعم کے مُطابِق |
| ٧٣ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | تَاللّٰهِ | تَ ل لَا ہِ | اللہ کی قسم! | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | عَلِمْتُمْ | عَ لِ مْ تُ مْ | تم جانتے ہو | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | مَّا جِئْنَا | مَا جِ x نَا | (کہ) ہم نہیں آئے | ج ی ء | |
| | لِنُفْسِدَ | لِ نُفْ سِ دَ | تاکہ ہم فساد کریں | ف س د | فَساد، فَسَادات، فاسِد مادہ، مُفسِد |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَ رْ ضِ | اس زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | وَمَا كُنَّا | وَ مَا كُنْ نَا | اور ہم نہیں ہیں | ك و ن | |

زَعِيْمٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَ مَا كُنَّا

میں ضامن ہوں ﴿٧٢﴾ انہوں نے کہا اللہ کی قسم! تم کو خوب علم ہے کہ ہم ملک میں فساد پھیلانے کے لئے نہیں آئے اور نہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سٰرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾ | سَا رِ قِيْ نَ | چور | س ر ق | سَرِقَہ، سارِق (چور)، مالِ مَسْرُوقَہ |
| ٧٤ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | فَمَا جَزَآؤُهٗٓ | فَ مَا جَزَا...ءُ هُوْ.. | پھر کیا سزا ہے اس (چور) کی | ج ز ی | جَزائے خیر، جَزاکُمُ اللہ |
| | اِنْ كُنْتُمْ | اِنْ كُنْ تُمْ | اگر ہوئے تم | ك و ن | اِن شَاءَ اللہ |
| | كٰذِبِيْنَ ﴿٧٤﴾ | كَا ذِ بِيْ نَ | جھوٹے؟ | ك ذ ب | کِذب، تَکذِیب، کاذِب، کَذّاب<br>مُسَیلمہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| ٧٥ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | جَزَآؤُهٗ | جَ زَا...ءُ هُوْ | اس کی سزا (یہ) ہے | ج ز ی | جَزاوسَزا، جَزائے خیر<br>جَزاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | مَنْ | مَ نْ | جو شخص کہ | | |
| | وُّجِدَ | وُ جِ دَ | وہ (پیالہ) پایا جائے | و ج د | وَاجِد، مُوجِد، مَوجُود، اِیجاد |

سٰرِقِيْنَ ﴿٧٣﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ

ہم چور ہیں ﴿٧٣﴾ انہوں نے کہا اچھا چور کی کیا سزا ہے اگر تم جھوٹے ہو؟ ﴿٧٤﴾ جواب دیا کہ اس کی سزا یہی ہے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ رَحْلِهٖ | فِيْ رَحْ لِ هِيْ | اس کے سامان میں | ر ح ل | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَهُوَ | فَ ہُ وَ | تو وہی شخص ہوگا | | |
| | جَزَآؤُهٗ ط | جَزَا...ءُ ہُوْ | اس کا بدلہ | ج ز ی | جَزَاوسَزَا، جَزَائے خیر جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اِسی طرح | | کالعدم، کَمَاحَقُّہٗ |
| | نَجْزِي | نَ جْ زِ | ہم سزا دیتے ہیں | ج ز ی | جَزَاوسَزَا، جَزَائے خیر جَزَاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الظّٰلِمِيْنَ ۝٧٥ | ظ ظَا لِ مِیْ نَ | ظالموں کو | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| ٧٦ | فَبَدَاَ | فَ بَ دَ اَ | شروع ہوا (تلاشی لینے لگا) | ب د ء | اِبْتِدَاء کرنا، مُبْتَدَاء، مَبْدَاء |
| | بِاَوْعِيَتِهِمْ | بِ اَ وْ عِ یَ تِ ہِمْ | چنانچہ وہ (یوسف) | و ع ی | |
| | قَبْلَ | قَبْ لَ | سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |

**فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ط كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ۝٧٥ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ**

جس کی اسباب میں سے پایا جائے وہی اس کا بدلہ ہے، ہم تو ایسے ظالموں کو یہی سزا دیا کرتے ہیں ۝٧٥ پس یوسف (علیہ السلام) نے ان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وِعَآءِ | وِ عَا...ءِ | بورے | و ع ی | |
| | اَخِيْهِ | اَ خِیْ ہِ | اپنے بھائی کے | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُوَاخَات اُخوّت، اخوانُ المُسلِمِین |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | اسْتَخْرَجَهَا | سْ تَ خْ رَ جَ ہَا | اس نے وہ (پیالہ) نکال لیا | خ ر ج | خارِج، اِخراج، خُروج، مَخرَج |
| | مِنْ وِّعَآءِ | مِیْ اُوْں وِ عَا...ءِ | بورے سے | و ع ی | |
| | اَخِيْهِ ط | اَ خِیْ ہ | اپنی بھائی کے | ء خ و | اُخوّت پروگرام، مُوَاخَات اُخوّت، اخوانُ المُسلِمِین |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کالعدم، کَمَاحَقُّہٗ |
| | كِدْنَا | کِ دْ نَا | ہم نے تدبیر کی | ك ی د | کائِد، مَکائِد (مکار/تدبیر کرنے والا) |
| | لِيُوْسُفَ ط | لِ یُوْ سُ فَ | یوسف کے لئے | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | مَا كَانَ | مَا کَ ا نَ | وہ (یوسف) نہیں تھا | ك و ن | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ۭ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ۭ مَا كَانَ

سامان کی تلاش شروع کی، اپنے بھائی کے سامان کی تلاشی سے پہلے، پھر اس پیمانہ کو اپنے بھائی کے سامان (زنبیل) سے نکالا، ہم نے یوسف (علیہ السلام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِيَاْخُذَ | لِ يَ x خُ ذَ | کہ وہ رکھ سکتا | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخذہ کرنا، |
| | اَخَاهُ | اَ خَا هُ | اپنے بھائی کو | ء خ و | اُخُوّت پُروگرام، مُواخات، اُخُوّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| | فِيْ دِيْنِ | فِيْ دِيْ نِ | قانون میں | د ی ن | دینِ اسلام، دینِ مَتِین، دینِ مُحمّدی |
| | الْمَلِكِ | لْ مَ لِ كِ | اس بادشاہ کے | م ل ك | مَلک فہد، مَلک مُحمّد بن سَلمان |
| | اِلَّآ اَنْ | اِل لَا.. آ ءِيْں | مگر یہ کہ | | اِلَّا ماشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | يَّشَآءَ | يَ شَا...ءَ | چاہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | اللّٰهُ ۭ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | نَرْفَعُ | نَ رْ فَ عُ | ہم بلند کرتے ہیں | ر ف ع | رَافِع، مَرفُوع، رِفعت، اَرفَع و اَعلیٰ |
| | دَرَجٰتٍ | دَ رَ جَا تِ | درجے | د ر ج | درجہ بدرجہ، اللہ درجات بلند کرے |
| | مَّنْ نَّشَآءُ ۭ | م مَن نَ شَا...ءُ | جس کے ہم چاہیں | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |

لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ۭ

کیلئے اسی طرح یہ تدبیر کی، اس بادشاہ کے قانون کی رو سے یہ اپنے بھائی کو نہ لے جا سکتا تھا، مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ کو منظور ہو، ہم جس کے چاہیں درجے بلند

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَفَوْقَ | وَ فَا ؤ قَ | اور اوپر | ف و ق | فوقُ الارض، فوقَ السَّماء، فوقِیّت |
| | كُلِّ | كُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | ذِيْ عِلْمٍ | ذِ يْ عِ لْ مِنْ | صاحبِ علم کے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | عَلِيْمٌ ۝٧٦ | عَ لِيْ مْ | ایک بہت زیادہ علم والا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| ٧٧ | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اِنْ يَّسْرِقْ | اِ يَسْ رِقْ | اگر اُس نے چوری کی ہے | س ر ق | سَرِقہ، سارِق (چور)، مالِ مَسرُوقہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَقَدْ | فَ قَ دْ | تو تحقیق | | |
| | سَرَقَ | سَ رَ قَ | چوری کی تھی | س ر ق | سَرِقَہ، سارِقْ (چور)، مالِ مَسْرُوقَہ |
| | اَخٌ لَّهٗ | اَ خُ ل لَ ہُوْ.. | اس کے ایک بھائی نے بھی | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُوَاخات اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| | مِنْ قَبْلُ ج | مِنْ قَبْ ل | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَزنماز، قَبل اَزطعام |

وَفَوْقَ كُلِّ ذِىْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٦﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ج

کر دیں، ہر ذی علم پر فوقیت رکھنے والا دوسرا ذی علم موجود ہے ﴿٧٦﴾ انہوں نے کہا کہ اگر اس نے چوری کی (تو کوئی تعجب کی بات نہیں) اسکا بھائی بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَسَرَّهَا | فَ اَ سَ رَ رَ ہَا | پس اس (بات) کو چھپایا | س ر ر | سِرّی نماز، پُراَسرار، اَسرار و رُموز |
| | يُوْسُفُ | يُوْ سُ فُ | یوسف نے | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فِىْ نَفْسِهٖ | فِیْ نَفْ سِ ہِیْ | اپنے دل میں | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفساً نَفسی، مُتَنفِّس |
| | وَلَمْ يُبْدِهَا | وَ لَمْ يُ بْ دِ ہَا | اور اس نے اسے ظاہر نہ کیا | ب د و | بَادِیُ النَّظَر، مُبْدِی (ظاہر کرنیوالا) |
| | لَهُمْ ج | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | قَالَ | قَ ا لَ | (یوسف) نے دل میں) کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اَنْتُمْ شَرٌّ | اَنْ تُمْ شَرْ رُ | تم بدترین ہو | ش ر ر | شَرِیر، شَرِیر آدمی، خَیر و شَر، شَرارت |
| | مَّكَانًا ج | م مَ کَا نَا | مرتبے میں | م ك ن | تَمکِین، اِمکان، بَاتَمکِین، مُتَمَکَّن |
| | وَاللّٰهُ | وَ ل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِىْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ج قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ج وَاللّٰهُ

پہلے چوری کر چکا ہے، یوسف (علیہ السلام) نے اس بات کو اپنے دل میں رکھ لیا اور انکے سامنے بالکل ظاہر نہ کیا، کہا کہ تم بدتر جگہ میں ہو، اور جو تم بیان کرتے ہو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعْلَمُ | اَ عْ لَ مُ | خوب جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| | بِمَا | بِ مَا | اسے جو | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | تَصِفُوْنَ ﴿٧٧﴾ | تَ صِ فُوْ نَ | تم بیان کرتے ہو | و ص ف | وَصف، اَوصاف، تَوصِیف |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷۸ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار،اَقوالِ زَرّیں،مَقُولہ |
| | يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ | يَا..اَ یْ يُ هَلْ عَ زِیْ زُ | اے عزیز! | ع ز ز | عَزیزِ مصر،مُعزَّز،مُعزَّزات |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | لَهٗٓ | لَ هُوْ.. | اس (بنیامین) کا | | |
| | اَبًا | اَ بَنْ | باپ ہے | ء ب و | آبا وَ اَجداد،اِس کے آباء(والد) |
| | شَيْخًا | شَائِ خَنْ | بوڑھا | ش ی خ | شَیخُ الْمَشَائخ،شُیُوخ،شَیخِ طَرِیقت |
| | كَبِيْرًا | کَ بِیْ رَنْ | بڑی عمر والا ہے | ك ب ر | کِبَر،اَکبَر،کُبریٰ،کَبِیر،تَکَبُّر |
| | فَخُذْ | فَ خُ ذْ | لہٰذا آپ رکھ لیں | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب،مَاخَذ،مَاخُوذ، مُوَاخَذہ کرنا، |
| | اَحَدَنَا | اَ حَ دَ نَا | ہم میں سے کسی ایک کو | ء ح د | اَحد،وَاحِد،مَوَحّد،تَوحِید |

اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا

اسے اللہ تعالیٰ ہی خوب جانتا ہے ﴿۷۷﴾ انہوں نے کہا کہ اے عزیز مصر! اسکے والد بہت بڑی عمر کے بالکل بوڑھے شخص ہیں، آپ اسکے بدلے ہم میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَكَانَهٗ ۚ | مَ كَا نَ هُوْ | اس کی جگہ | م ك ن | تَمکِین،اِمکَان،بَاتَمکِین،مُتَمَکَّن |
| | اِنَّا نَرٰىكَ | اِن نَا نَ رَا كَ | بے شک ہم آپ کو دیکھتے ہیں | ر ء ی | رِیَا،رُؤیَا،رُؤیتِ ہِلَال،غَیر مَرئی |
| | مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ | مِنَ لْ مُ حْ سِ نِیْ ن | احسان کرنے والوں میں سے | ح س ن | حُسن،اِحسَان،مُحسِن،مُحسِنَات |
| ۷۹ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (یوسف) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار،اَقوالِ زَرّیں،مَقُولہ |
| | مَعَاذَ | مَ عَا ذَ | پناہ | ع و ذ | تَعَوُّذ،اِستِعَاذہ (پناہ مانگنا)، اَعُوذُ بِاللہ پڑھنا |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ،اِلٰہی،آلِہہ،اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اَنْ | اَنْ | اس بات سے کہ | | |
| | نَّاْخُذَ | ن نَ x خُ ذَ | ہم رکھیں (کسی اور کو) | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب،مَاخَذ،مَاخُوذ، مُوَاخَذہ کرنا، |
| | اِلَّا | اِل لَا | سوائے | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ،اِلَّا یہ کہ،اِلَّا قَلِیل |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ | مَا ؤں | اس شخص کے کہ | | |

مَكَانَهٗٓ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٧٨﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ

سے کسی کو لے لیجئے، ہم دیکھتے ہیں کہ آپ بڑے نیک نفس ہیں ﴿٧٨﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا کہ ہم نے جسکے پاس اپنی چیز پائی ہے اسکے سوا دوسرے کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّجَدْنَا | وَ جَ دْ نَا | ہم نے پایا | و ج د | وَاجِد، مُوجِد، مَوجُود، اِیجاد |
| | مَتَاعَنَا | مَ تَا عَ نَا | اپنا سامان | م ت ع | مَتَاعِ کَارواں، مَتَاعِ عَزِیز، تَمَتُّع (فائدہ اٹھانا)، حَجِّ تَمَتُّع |
| | عِنْدَهٗٓ ۙ | عِ نْ دَ هُوْ.. | اس کے پاس | ع ن د | عِندَاللّٰہ ماجُور ہوں، عِندَالطَّلَب |
| | اِنَّآ | اِن نَا.. | (ایسا کیا تو) بلا شبہ ہم | | |
| | اِذًا | اِ ذَ | اس وقت | | |
| | لَّظٰلِمُوْنَ ﴿٧٩﴾ ع | ل لَ ظَا لِ مُوْ ن | یقیناً ظالم ہوں گے | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| ٨٠ | فَلَمَّا | فَ لَم مَ | چنانچہ جب | | |
| | اسْتَيْـَٔسُوْا | س تَا يْ ءَ سُوْ | وہ بالکل ناامید ہوگئے | ء ی س | یَاس واُمِید، مَایُوس ہونا |
| | مِنْهُ | مِن هُ | اس سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | خَلَصُوْا | خَ لَ صُوْ | تو وہ الگ ہوئے | خ ل ص | خَالِص کرنا، خَلَاصِی پانا (الگ ہونا) |

وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿٧٩﴾ ع فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا

گرفتاری کرنے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں، ایسا کرنے سے تو ہم یقیناً ناانصافی کرنے والے ہوجائیں گے ﴿٧٩﴾ جب یہ اس سے مایوس ہوگئے تو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَجِيًّا ؕ | نَ جِیْ یَا | (اور لگے) مشورہ کرنے | ن ج و | نَجوٰی (سرگوشی کرنا)، مُنَاجِی ہونا |
| | قَالَ | قَا لَ | کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقولہ |
| | كَبِيْرُهُمْ | کَ بِیْ رُ هُم | ان کے بڑے (بھائی) نے | ك ب ر | کِبَر، اَکبَر، کُبریٰ، کَبِیر، تَکَبُّر |
| | اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا | اَ لَمْ تَ عْ لَ مُوْ.. | کیا تم نہیں جانتے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| | اَنَّ | اَن نَ | کہ بے شک | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَبَاکُمْ | اَ بَا کُ مْ | تمہارے باپ نے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | قَدْ اَخَذَ | قَ دْ اَ خَ ذَ | تحقیق لیا ہے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخذ، مَاخُوذ، مُواخذہ کرنا، |
| | عَلَیْکُمْ | عَ لَا ئِ کُ مْ | تم سے | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلَان |
| | مَّوْثِقًا | مَوْ ثِ قَن | پکا وعدہ | و ث ق | وَثِیقہ نَوِیس، وُثُوق، مِیثَاقِ مَدِینَہ |

**نَجِیًّا ؕ قَالَ کَبِیْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاکُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَیْکُمْ مَّوْثِقًا**

تنہائی میں بیٹھ کر مشورہ کرنے لگے، ان میں جو سب سے بڑا تھا اس نے کہا تمہیں معلوم نہیں کہ تمہارے والد نے تم سے اللہ تعالیٰ کی قسم لے کر پختہ قول و قرار

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ اللّٰهِ | م مِنَ ل لَا هِ | اللہ کا؟ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَمِنْ قَبْلُ | وَ مِنْ قَبْ لُ | اور (کیا نہیں جانتے) اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | مَا فَرَّطْتُّمْ | مَا فَرْ رَ تْ تُمْ | جو تم کوتاہی کر چکے ہو | ف ر ط | اِفْراط و تَفرِیط، فَرطِ جَذبات |
| | فِیْ یُوْسُفَ ج | فِیْ یُوْ سُ فَ | یوسف کے متعلق؟ | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | فَلَنْ اَبْرَحَ | فَ لَنْ اَبْ رَ حَ | اب میں ہرگز نہیں چھوڑوں گا | ب ر ح | |
| | الْاَرْضَ | لْ اَرْ ضَ | اس زمین (مصر) کو | ء ر ض | اَرض و سَماء، کُرہ ارض، ارضِ مُقدس |
| | حَتّٰی | حَتْ تَا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | یَاْذَنَ لِیْٓ | یَ x ذَ نَ لِیْ.. | اجازت دے مجھے | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، بِاِذنِ اللّٰہ، اِذنِ عام |

**مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِیْ یُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰی یَاْذَنَ لِیْٓ**

لیا ہے اور اس سے پہلے یوسف (علیہ السلام) کے بارے میں تم کوتاہی کر چکے ہو، پس میں تو اس سرزمین سے نہ ٹلوں گا جب تک کہ والد صاحب خود مجھے اجازت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَبِیْٓ | اَ بِیْ.. | میرا باپ | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | اَوْ یَحْکُمَ | اَوْ یَ حْ کُ مَ | یا فیصلہ کر دے | ح ك م | حُکّام، مَحکمۂ عَدل، حاکم، حَکَم، حُکُومت |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لِیْ ج | لِیْ | میرے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَهُوَ خَيْرُ | وَہُوَ خَائِ رُ | اور وہ بہتر ہے | خ ی ر | خیر خواہی، خیر وشر، خیر وبرکت |
| | الْحٰكِمِيْنَ ٨٠ | لْ حَاكِ مِىْ ن | سب فیصلہ کرنے والوں سے | ح ك م | حُکّام، محکمۂ عدل، حاکم، حَکَم، حُکومت |
| ٨١ | اِرْجِعُوْٓا | اِرْ جِ عُوْ.. | (اے بھائیو!) تم واپس جاؤ | ر ج ع | راجع، مَرجع، رُجوع کرنا (بار بار پلٹنا) |
| | اِلٰٓى اَبِيْكُمْ | اِلَا.. اَبِىْ كُ مْ | اپنے باپ کی طرف | ء ب و | آباؤاجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | فَقُوْلُوْا | فَ قُوْ لُوْ | اور کہو: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |

اَبِىْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِىْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ٨٠ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا

نہ دیں، یا اللہ تعالیٰ میرے اس معاملے کا فیصلہ کردے، وہی بہترین فیصلہ کرنے والا ہے ٨٠ تم سب والد صاحب کی خدمت میں واپس جاؤ اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يٰٓاَبَانَآ | يَا.. اَ بَا نَا.. | اے ہمارے باپ! | ء ب و | آباؤاجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | اِنَّ ابْنَكَ | اِن نَبْ نَ كَ | بے شک آپ کے بیٹے نے | ب ن و | اِبن، اَبناء، بنُون، بنَات |
| | سَرَقَ ۚ | سَ رَ قَ | چوری کی ہے | س ر ق | سرِقہ، سارِق (چور)، مالِ مسروقہ |
| | وَمَا شَهِدْنَآ | وَ مَا شَ هِ دْ نَا.. | اور ہم نے گواہی نہیں دی | ش ھ د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | بِمَا | بِ مَا | اس چیز کی جس کا | | ماشاءاللہ، مافوق الفطرت، ماتحت |
| | عَلِمْنَا | عَ لِمْ نَا | ہمیں علم تھا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |
| | وَمَا كُنَّا | وَ مَا كُن نَا | اور ہم نہیں تھے | ك و ن | |
| | لِلْغَيْبِ | لِلْ غَائِ بِ | غیب کی | غ ی ب | غیبی قوت، غائب، غیبت |
| | حٰفِظِيْنَ ٨١ | حَافِ ظِىْ ن | حفاظت کرنے والے | ح ف ظ | حفظ، حافظ، حفاظت، محفوظ |

يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ٨١

کہو کہ ابا جی! آپکے صاحبزادے نے چوری کی اور ہم نے وہی گواہی دی تھی جو ہم جانتے تھے، ہم کچھ غیب کی حفاظت کرنے والے نہ تھے ٨١

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٨٢ | وَسْئَلِ | وَسْ ءَ لِ | اور پوچھ لیجئے | س ء ل | سائل، سائلین، مسائل، مسئلہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلْقَرْيَةَ الَّتِيْ | لْ قَ رْ يَ تَل لَ تِيْ | اس بستی (والوں) سے وہ جو | ق ر ی | قریہ قریہ بستی بستی، اُمُّ القریٰ (مکہ) |
| | كُنَّا | كُن نَا | ہم تھے | ك و ن | |
| | فِيْهَا | فِيْ ہَا | اس میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | وَالْعِيْرَ | وَلْ عِيْ رَ | اور اس قافلہ (والوں) سے (بھی) | ع ی ر | |
| | الَّتِيْٓ | لْ لَ تِيْ.. | وہ جو | | |
| | اَقْبَلْنَا | اَقْ بَلْ نَا | ہم آئے ہیں | ق ب ل | |
| | فِيْهَا ط | فِيْ ہَا | اس میں | | فِي الْحَال، فِي الْفَور، فِي الْوَقْت |
| | وَاِنَّا | وَاِن نَا | اور بے شک ہم | | |
| | لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ | لَ صَا دِ قُوْ نَ | یقیناً سچے ہیں | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |

**وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ط وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾**

آپ (علیہ السلام) اس شہر کے لوگوں سے دریافت فرمالیں جہاں ہم تھے اور اس قافلہ سے بھی پوچھ لیں جسکے ساتھ ہم آئے ہیں، اور یقیناً ہم بالکل سچے ہیں ﴿۸۲﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸۳ | قَالَ | قَا لَ | اس (یعقوب) نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | بَلْ | بَ لْ | (حقیقت یہ نہیں) بلکہ | | |
| | سَوَّلَتْ | سَا وْ وَ لَتْ | خوشنما بنادی ہے | س و ل | |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | اَنْفُسُكُمْ | اَنْ فُ سُ كُ مْ | تمہارے نفسوں نے | ن ف س | نفس، اَنفس، نفسا نفسی، متنفس |
| | اَمْرًا ط | اَمْ رَا | ایک بات | ء م ر | امر، اُمور، آمر، امر بالمعروف |
| | فَصَبْرٌ | فَ صَبْ رُنْ | لہٰذا صبر (ہی) | ص ب ر | صبر، صابر، صَبُور، صابرین |
| | جَمِيْلٌ ط | جَ مِیْ لْ | بہتر ہے | ج م ل | جمالِ مصطفیٰ ﷺ، حسین و جمیل، اجمل |
| | عَسَى | عَ سَا | امید ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اَنْ يَّاْتِيَنِىْ | آ ئِیْں یَ x تِ یَ نِیْ | یہ کہ میرے پاس لے آئے | ء ت ی | |

**قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِىْ**

(یعقوب علیہ السلام نے) کہا یہ تو نہیں، بلکہ تم نے اپنی طرف سے بات بنالی، پس اب صبر ہی بہتر ہے، قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهِمْ | بِ ہِمْ | وہ ان کو | | |
| | جَمِيْعًا ؕ | جَ مِیْ عَا | اکٹھا | ج م ع | جَمع، جَمیع، اِجماع، مَجمَع، مَجمُوعہ |
| | اِنَّهٗ هُوَ | اِن نَ ہُوْ ہُ وَ | بے شک وہی | | |
| | الْعَلِيْمُ | لْ عَ لِیْ مُ | خوب جاننے والا | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| | الْحَكِيْمُ ۝٨٣ | لْ حَ کِیْ مُ | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حَکیم، حِکمت و دانائی، حُکَماء |
| ٨٤ | وَتَوَلّٰى | وَ تَ وَلْ لَا | اور اس نے منہ پھیرا | و ل ی | |
| | عَنْهُمْ | عَ نْ ہُمْ | ان سے | | |
| | وَقَالَ | وَ قَ الَ | اور کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰاَسَفٰى | یَا.. اَ سَ فَا | ہائے افسوس! | | کَلِمۂ تَاَسُّف، افسوس کرنا |

**بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝٨٣ وَ تَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ يٰاَسَفٰى**

میرے پاس ہی پہنچا دے، وہ ہی علم و حکمت والا ہے ۝٨٣ پھر ان سے منہ پھیر لیا اور کہا ہائے یوسف! ان کی آنکھیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى يُوْسُفَ | عَ لَا یُوْ سُ فَ | یوسف (کے بچھڑنے) پر | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَابْيَضَّتْ | وَبْ یَضْ ضَتْ | اور سفید ہو گئیں | ب ی ض | بَیضَہ (انڈا)، لَونِ اَبیَض (سفید رنگ) |
| | عَيْنٰهُ | عَ ئِیْ نَا ہُ | اس کی آنکھیں | ع ی ن | عَینی شاہد، مُعایَنہ، عَین سامنے، قُرَّۃُ العَین (آنکھوں کی ٹھنڈک) |
| | مِنَ الْحُزْنِ | مِ نَ لْ حُزْ نِ | غم سے | ح ز ن | حُزن و مَلال، عامُ الحُزن، غم و حُزن |
| | فَهُوَ | فَ ہُ وَ | پس وہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَظِيْمٌ ﴿٨٤﴾ | کَ ظِیْ م | غم سے بھرا ہوا تھا | ك ظ م | موسیٰ کاظم رحمۃ اللہ علیہ کاظم (غصہ پینے والا) |
| ٨٥ | قَالُوْا | قَ ا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | تَاللّٰهِ | تَ ل لَا ہِ | اللہ کی قسم! | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | تَفْتَؤُا | تَفْ تَ ءُ | تو سدا | ف ت ء | |

عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٨٤﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا

بوجہ رنج و غم کے سفید ہوچکی تھیں اور وہ غم کو دبائے ہوئے تھے ﴿٨٤﴾ بیٹوں نے کہا واللہ! آپ ہمیشہ یوسف (علیہ السلام) کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَذْكُرُ | تَ ذْ کُ رُ | یاد کرتا رہے گا | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مذکور، ذِکرِ الٰہی |
| | يُوْسُفَ | یُوْ سُ فَ | یوسف کو | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | حَتّٰى | حَت تا | یہاں تک کہ | | حتّی الاِمکان، حتّٰی کہ |
| | تَكُوْنَ | تَ کُوْ نَ | تو ہوجائے (غم میں) | ك و ن | |
| | حَرَضًا | حَ رَ ضَنْ | گھل جانے والا | ح ر ض | |
| | اَوْتَكُوْنَ | آ وْ تَ کُوْ نَ | یا تو ہوجائے | ك و ن | |
| | مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿٨٥﴾ | مِ نَ لْ ہَا لِ کِیْ ن | ہلاک ہونے والوں میں سے | ھ ل ك | ہلاک ہونا، مُہلک، ہلاکت |
| ٨٦ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنَّمَآ | اِن نَ مَا.. | بس میں تو | | |
| | اَشْكُوْا | اَ شْ کُوْ | شکایت کرتا ہوں | ش ك و | شکایت کنندہ، شکایت وشکوہ |

تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿٨٥﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا

یاد ہی میں لگے رہیں گے یہاں تک کہ گھل جائیں یا ختم ہی ہوجائیں ﴿٨٥﴾ انہوں نے کہا کہ میں تو اپنی پریشانیوں اور رنج کی فریاد

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَثِّيْ | بَث ثِیْ | اپنی بے قراری کی | ب ث ث | |
| | وَحُزْنِيْٓ | وَ حُ زْ نِیْ.. | اور اپنے غم کو | ح ز ن | حزن وملال، عام الحزن، غم وحزن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَى اللّٰهِ | اِ لَل لَا ہِ | اللہ ہی سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَاَعْلَمُ | وَ اَ عْ لَ مُ | اور میں جانتا ہوں | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | مِنَ اللّٰهِ | مِ نَ ل لَا ہِ | اللہ کی طرف سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾ | مَا لَا تَ عْ لَ مُوْ نَ | جو تم نہیں جانتے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| ٨٧ | يٰبَنِيَّ | یَا بَ نِ یْ یَ | اے میرے بیٹو! | ب ن و | اَبناء، بَنُوْن، اِبنِ عُمَر، اِبنِ آدَم |
| | اذْهَبُوْا | ذْ ہَ بُوْ | تم جاؤ | ذ ه ب | ذَاہِب (جانے والا)، مَذہَبِیَّت، ذَہَاب، مَذہَب، بَینَ المَذَاہِب |
| | فَتَحَسَّسُوْا | فَ تَ حَسْ سَ سُوْ | اور تلاش کرو | ح س س | |

بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا

اللہ تعالیٰ ہی سے کررہا ہوں، مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ باتیں معلوم ہیں جو تم نہیں جانتے ﴿٨٦﴾ میرے پیارے بچو! تم جاؤ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ يُّوْسُفَ | مِ يْ يُوْ سُ فَ | یوسف کو | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاَخِيْهِ | وَ اَ خِیْ ہِ | اور اس کے بھائی کو | ء خ و | اُخُوَّت پروگرام، مُؤَاخَات، اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمِین |
| | وَلَا تَايْـَٔسُوْا | وَلَا تَاْ ءَ سُوْ | اور مایوس نہ ہونا | ء ی س | یَاس و اُمید، مَایُوس ہونا |
| | مِنْ رَّوْحِ | مِر رَا وْ حِ | رحمت سے | ر و ح | |
| | اللّٰهِ ۭ | ل لَا ہْ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بے شک شان یہ ہے کہ | | |
| | لَا يَايْـَٔسُ | لَا یَاْ ءَ سُ | مایوس نہیں ہوتے | ء ی س | یَاس و اُمید، مَایُوس ہونا |
| | مِنْ رَّوْحِ | مِر رَا وْ حِ | رحمت سے | ر و ح | |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ

اور یوسف (علیہ السلام) کی اور اس کے بھائی کی پوری طرح تلاش کرو اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو، یقیناً رب کی رحمت سے ناامید وہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا | اِ ل لَ | مگر | | اِلَّا مَا شَآءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | الْقَوْمُ | لْ قَ اْ وْ مُ | لوگ ہی | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٧﴾ | لْ کَا فِ رُوْ نَ | کافر | ك ف ر | کُفر، کَافِر، کُفّار، تَکفِیر، کُفرانِ نِعمَت |
| ٨٨ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | |
| | دَخَلُوْا | دَ خَ لُوْ | وہ داخل ہوئے | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارَتِ دَاخِلہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس (یوسف) پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلَان |
| | قَالُوْا | قَ الُوْ | تو انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ | یَا..اَ یْ یُ ہَلْ عَ زِ یْ زُ | اے عزیز! | ع ز ز | عَزِیزِ مصر، مُعَزَّز، مُعَزَّزَات |
| | مَسَّنَا | مَس سَ نَا | پہنچی ہے ہمیں | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَسَاس کرنا |
| | وَاَهْلَنَا | وَ اَ ہْ لَ نَ | اور ہمارے اہل وعیال کو | ء ھ ل | اَہل وعَیَال، اَہلِ خَانہ، اَہلِ بَیت |

اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٧﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا

ہوتے ہیں جو کافر ہوتے ہیں ﴿٨٧﴾ پھر جب یہ لوگ یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچے تو کہنے لگے کہ اے عزیز! ہم کو اور ہمارے خاندان

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | الضُّرُّ | ضْ ضُ رُ | تکلیف | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجِدِ ضِرَار |
| | وَجِئْنَا | وَ جِ x نَا | اور ہم لائے ہیں | ج ی ء | |
| | بِبِضَاعَةٍ | بِ بِ ضَا عَ تِ | پونجی | ب ض ع | |
| | مُّزْجٰىةٍ | م مُزْ جَا تِنْ | معمولی سی | ز ج و | |
| | فَاَوْفِ لَنَا | فَ اَ وْ فِ لَ نَ | سو آپ پورا دیجئے ہمارے لئے | و ف ی | وَفا شِعَاری، وَفا دَارِی<br>اِیفَائے عہد، عہدِ وفا |
| | الْكَيْلَ | لْ کَ ئِ لَ | ماپ (غلہ) | ك ی ل | مِکیَال، کَیل (ناپ تول) |
| | وَتَصَدَّقْ | وَ تَ صَد دَقْ | اور صدقہ کیجئے | ص د ق | صَدقہ، صَدقَات، صَدقۃُ الفِطر |
| | عَلَيْنَا ط | عَ لَا ئِ نَا | ہم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلَان |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ اللّٰہَ | اِن نَ ل لا ہَ | بے شک اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |

**الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ**

کو دُکھ پہنچا ہے، ہم حقیر پونجی لائے ہیں پس آپ ہمیں پورے غلہ کا ناپ دیجئے اور ہم پر خیرات کیجئے، اللہ تعالیٰ خیرات

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | یَجْزِی | یَ جْ زِ | جزا دیتا ہے | ج ز ی | جزا و سزا، جزائے خیر<br>جزاکَ اللہ (اللہ تجھ کو جزا دے) |
| | الْمُتَصَدِّقِیْنَ ﴿۸۸﴾ | لْ مُ تَ صَ د دِ قِیْ ن | صدقہ کرنے والوں کو | ص د ق | صَدقہ، صَدقات، صَدقۃُ الفِطر |
| ۸۹ | قَالَ | قَ ا لَ | اس (یوسف) نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | هَلْ | ہَ لْ | کیا | | |
| | عَلِمْتُمْ | عَ لِمْ تُمْ | تمہیں معلوم ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلیم، مُعلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | مَّا فَعَلْتُمْ | مَا فَ عَلْ تُمْ | جو کچھ تم نے کیا | ف ع ل | فِعل، فَاعِل، مَفعُول، اَفعال |
| | بِیُوْسُفَ | بِ یُوْ سُ فَ | یوسف کے ساتھ | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاَخِیْهِ | وَ اَ خِیْ ہِ | اور اس کے بھائی (کے ساتھ) | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُوَاخات<br>اُخُوَّت، اخوانُ المُسلِمین |

**يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ**

کرنے والوں کو بدلہ دیتا ہے ﴿۸۸﴾ یوسف (علیہ السلام) نے کہا جانتے بھی ہو کہ تم نے یوسف (علیہ السلام) اور اس کے بھائی کے ساتھ اپنی نادانی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِذْ اَنْتُمْ | اِ ذْ اَنْ تُمْ | جب تم | | |
| | جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ | جَا ہِ لُوْ ن | نادان تھے؟ | ج ہ ل | جاہِل، جُہلا، جاہلیّت، جہالت |
| ۹۰ | قَالُوْٓا | قَ ا لُوْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | ءَاِنَّكَ | ءَ اِن نَ کَ | کیا واقعی | | |
| | لَاَنْتَ یُوْسُفُ ؕ | لَ اَنْ تَ یُوْ سُ فُ | تو ہی یوسف ہے؟ | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اَنَا | اَ نَا | (ہاں) میں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُوْسُفُ | یُوْ سُ فُ | یوسف (ہی) ہوں | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَهٰذَآ | وَ ہَا ذَا.. | اور یہ | | |
| | اَخِيْ ز | اَ خِیْ | میرا بھائی | ء خ و | اُخُوَّت پُروگرام، مُؤاخات اُخُوَّت، اَخوانُ المُسلِمین |

اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿٨٩﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ط قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ز

کی حالت میں کیا کیا؟ ﴿٨٩﴾ انھوں نے کہا کیا (واقعی) تو ہی یوسف (علیہ السلام) ہے، جواب دیا کہ ہاں! میں یوسف (علیہ السلام) ہوں اور یہ میرا بھائی ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | مَنَّ | مَن نَ | احسان کیا ہے | م ن ن | مَنّ واِحسان، عَبدُالمنّان، مَمنُون |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | عَلَيْنَا ط | عَ لَا یْ نَا | ہم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ هُوْ | بے شک شان یہ ہے کہ | | |
| | مَنْ يَّتَّقِ | مَا ئِیْں یَت تَ قِ | جو شخص ڈرتا ہے | و ق ی | مُتَّقِی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | وَيَصْبِرْ | وَ یَصْ بِ رْ | اور صبر کرتا ہے | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | تو بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَا يُضِيْعُ | لَا یُ ضِیْ عُ | ضائع نہیں کرتا | ض ی ع | ضَائع کرنا، وَقت کا ضِیَاع پانی کا ضِیَاع |
| | اَجْرَ | اَ جْ رَ | اَجر | ء ج ر | اَجر وثَواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| | الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٠﴾ | لْ مُ حْ سِ نِیْ نَ | نیکی کرنے والوں کا | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسِن، مُحسِنات |

قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ط اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٩٠﴾

اللہ تعالیٰ نے ہم پر فضل و کرم کیا، بات یہ ہے کہ جو بھی پرہیزگاری اور صبر کرے تو اللہ تعالیٰ کسی نیکوکار کا اجر ضائع نہیں کرتے ﴿٩٠﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٩١ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَاللّٰهِ | تَل لَا ہِ | اللہ کی قسم! | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | اٰثَرَكَ | آ ثَ رَ کَ | تجھے فضیلت دی | ء ث ر | اَثَر، تَاَثُّر، مُؤَثِّر ہونا، پُراَثَر |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلَيْنَا | عَ لَا ئِ نَا | ہم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الْاِعلَان |
| | وَاِنْ كُنَّا | وَ اِنْ کُن نَا | اور بلاشبہ ہم ہی تھے | ك و ن | |
| | لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿٩١﴾ | لَ خَا طِ ءِ یْ ن | خطا کار | خ ط ء | خطا، اِخطاء، مُخطی، خطائیں |
| ٩٢ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَا تَثْرِيْبَ | لَا تَ ثْ رِ یْ بَ | کوئی نہیں ملامت | ث ر ب | |
| | عَلَيْكُمُ | عَ لَا ئِ کُ مُ | تم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرَت، عَلَی الْاِعلَان |

## قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿٩١﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ

انہوں نے کہا اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے تجھے ہم پر برتری دی ہے اور یہ بھی بالکل سچ ہے کہ ہم خطا کار تھے ﴿٩١﴾ جواب دیا آج تم پر کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْيَوْمَ ط | لْ یَا ؤْ م | آج | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | يَغْفِرُ | یَ غْ فِ رُ | معاف کرے | غ ف ر | غفّار، عبدالغفور، مغفرت، غفّاری |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | لَكُمْ ز | لَ کُ مْ | تمہیں | | |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | |
| | اَرْحَمُ | اَ رْ حَ مُ | سب رحم کرنے والوں سے | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم وکرم |
| | الرّٰحِمِيْنَ ﴿٩٢﴾ | رْ رَا حِ مِیْ ن | زیادہ رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم وکرم |
| ٩٣ | اِذْهَبُوْا | اِذْ ہَ بُوْ | تم لے جاؤ | ذ ھ ب | ذاہب (جانے والا)، مذہبیّت، ذہاب، مذہب، بین المذاہب |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِقَمِيْصِىْ هٰذَا | بِ قَ مِیْ صِیْ ہَا ذَا | میری یہ قمیص | ق م ص | قمِیص (کُرتا) |

**اَلْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ؗ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝٩٢ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِىْ هٰذَا**

ملامت نہیں ہے، اللہ تعالیٰ تمہیں بخشے، وہ سب مہربانوں سے بڑا مہربان ہے ۝٩٢ میرا یہ کُرتا تم لے جاؤ اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَلْقُوْهُ | فَ اَلْ قُوْ ہُ | اور اسے ڈال دو | ل ق ی | اِلقاء ہونا، لِقاء، مُلاقات |
| | عَلٰى وَجْهِ | عَ لَا وَ جْ ہِ | چہرے پر | و ج ہ | وَجہ، وُجوہ، وَجاہت، مُتوَجّہ، توَجُّہ |
| | اَبِىْ | اَ بِیْ | میرے باپ کے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | يَاْتِ | یَ x تِ | وہ ہوجائیں گے | ء ت ی | |
| | بَصِيْرًا ۚ | بَ صِیْ رَا | دیکھنے والے | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، سَمع وبَصر |
| | وَاْتُوْنِىْ | وَ x تُوْ نِیْ | اور تم میرے پاس لے آؤ | ء ت ی | |
| | بِاَهْلِكُمْ | بِ اَ ہْ لِ کُ مْ | اپنے اہل وعیال کو | ء ھ ل | اَہل وعَیال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | اَجْمَعِيْنَ ۝٩٣ ع | اَ جْ مَ عِیْ نَ | سب کو | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمَع، مجمُوعہ |
| ٩٤ | وَلَمَّا | وَ لَ مْ مَا | اور جب | | |
| | فَصَلَتِ | فَ صَ لَ تِ | نکلا | ف ص ل | فَصل، فُصُول، فاصِلہ، فَصِیل |

**فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِىْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِىْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝٩٣ ع وَلَمَّا فَصَلَتِ**

اسے میرے والد کے منہ پر ڈال دو کہ وہ دیکھنے لگیں، اور آجائیں اور اپنے تمام خاندان کو میرے پاس لے آؤ ۝٩٣ جب یہ قافلہ جدا ہوا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْعِيْرُ | لْ عِیْ رُ | قافلہ (مصر سے) | ع ی ر | |
| | قَالَ | قَ ا لَ | تو کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | اَبُوْهُمْ | اَ بُوْ ہُمْ | ان کے باپ نے | ء ب و | آباؤاَجداد، اِس کے آباء |
| | اِنِّىْ | اِ ن نِیْ | بے شک میں | | |
| | لَاَجِدُ | لَ اَ جِ دُ | یقیناً پاتا ہوں | و ج د | وَجد، وَجدان، وَاجِد (نام)، مَوجُود |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رِيْحَ | رِیْ حَ | خوشبو | ر و ح | رِیاح، رِیح، رِیاحی دَرد |
| | يُوْسُفَ | یُوْ سُ فَ | یوسف کی | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | لَوْلَآ | لَوْ لَا.. | اگر نہ ہو | | |
| | اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ | اَنْ تُ فَنْ نِ دُوْ نِ | (یہ بات) کہ تم مجھے بہکا ہوا کہو گے | ف ن د | |
| ۹۵ | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | تَاللّٰهِ | تَ ل لَا هِ | اللہ کی قسم! | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |

الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ

تو ان کے والد نے کہا کہ مجھے تو یوسف خوشبو آ رہی ہے اگر تم مجھے سٹھیایا ہوا قرار نہ دو ﴿۹۴﴾ وہ کہنے لگے کہ واللہ!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّكَ | اِن نَ كَ | بے شک تو | | |
| | لَفِيْ | لَ فِيْ | یقیناً اپنی | | |
| | ضَلٰلِكَ | ضَ لَا لِ كَ | بھول میں ہے | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت وگمراہی |
| | الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ | لْ قَ دِيْ مِ | پرانی | ق د م | قَدِیم، زَمانۂ قدیم، آثارِ قدیمہ |
| ۹۶ | فَلَمَّآ اَنْ | فَ لَمْ مَا.. اَنْ | پھر جب | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آیا | ج ی ء | |
| | الْبَشِيْرُ | لْ بَ شِيْ رُ | خوشخبری دینے والا | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشیر، بُشریٰ |
| | اَلْقٰىهُ | اَلْ قَا هُ | تو اس نے وہ (قمیض) ڈالی | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | عَلٰى وَجْهِهٖ | عَ لَا وَجْ هِ هِیْ | اس کے چہرے پر | و ج ہ | وَجہ، وُجوہ، وَجاہت، مُتوَجّہ، توجّہ |
| | فَارْتَدَّ | فَرْ تَدْ دَ | تو وہ پھر سے ہو گئے | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کفر، اِرتداد، فِتنۂ اِرتداد |

اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ

آپ اپنے اسی پرانے خبط میں مبتلا ہیں ﴿۹۵﴾ جب خوشخبری دینے والے نے پہنچ کر ان کے منہ پر وہ کُرتا ڈالا اسی وقت وہ پھر سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَصِيْرًا ج | بَ صِیْ رَا | دیکھنے والے | ب ص ر | بَصَارت، بَصِیرت، سَمع وبَصر |
| | قَالَ | قَ ا لَ | اس (یعقوب) نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | اَلَمْ اَقُلْ | اَ لَ مْ اَ قُ لْ | کیا میں نے نہیں کہا تھا | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | لَّكُمْ ۚ | لَ كُ مْ | تم سے: | | |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِیْ.. | بے شک میں | | |
| | اَعْلَمُ | اَ عْ لَ مُ | جانتا ہوں | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| | مِنَ اللّٰهِ | مِ نَ ل لَا هِ | اللہ کی طرف سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہ العالمین |
| | مَا | مَا | وہ جو | | مَا حَول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجَرَہ |
| | لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ | لَا تَ عْ لَ مُوْ نَ | تم نہیں جانتے؟ | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| ٩٧ | قَالُوْا | قَ ا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |

بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوْا

بینا ہوگئے، کہا! کیا میں تم سے یہ کہا کرتا تھا کہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ﴿٩٦﴾ انہوں نے کہا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يٰٓاَبَانَا | یَا.. اَ بَا نَ | اے ہمارے باپ! | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | اسْتَغْفِرْ | سْ تَ غْ فِ رْ | تو بخشش طلب کر | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغفور، غَافِر، اِستِغفار |
| | لَنَا | لَ نَا | ہمارے لئے | | |
| | ذُنُوْبَنَآ | ذُ نُوْ بَ نَا.. | ہمارے گناہوں کی | ذ ن ب | ذَنبِ صَغیر (چھوٹے گناہ)<br>ذَنبِ کَبیر (بڑے گناہ) |
| | اِنَّا كُنَّا | اِن نَا كُن نَا | بے شک ہم ہی تھے | ك و ن | |
| | خٰطِـِٕيْنَ ﴿٩٧﴾ | خَا طِ ئِیْ نَ | خطا کار | خ ط ء | خَطا، اِخطاء، خطاکار، خَطَائیں |
| ٩٨ | قَالَ | قَ ا لَ | اس نے کہا: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | سَوْفَ | سَا ؤْ فَ | عنقریب | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَسْتَغْفِرُ | اَ سْ تَ غْ فِ رُ | میں بخشش طلب کروں گا | غ ف ر | غَفَّار، عَبْدُ الغفور، غَافِر، اِستِغفار |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | رَبِّیْ ط | رَ ب بِیْ | اپنے رب سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

يَٰٓأَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ط

ابا جی! آپ ہمارے لئے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے بیشک ہم قصوروار ہیں ﴿۹۷﴾ کہا اچھا میں جلد ہی تمہارے لئے اپنے پروردگار سے بخشش

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّهٗ هُوَ | اِ ن نَ هُوْ هُ وَ | بے شک وہی | | |
| | الْغَفُوْرُ | لْ غَ فُوْ رُ | بہت بخشنے والا ہے | غ ف ر | غَفَّار، عَبْدُ الغفور، غَافِر، اِستِغفار |
| | الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ | رْ رَ حِیْ مُ | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| ۹۹ | فَلَمَّا | فَ لَمْ مَا | پھر جب | | |
| | دَخَلُوْا | دَ خَ لُوْ | وہ داخل ہوئے | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | عَلٰى يُوْسُفَ | عَ لَا یُوْ سُ فَ | یوسف پر | | حضرت یوسف علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اٰوٰٓى | آ وَا.. | تو اس نے جگہ دی | ء و ی | مَلجاء وماویٰ، جَنَّتُ المَاویٰ |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا یْ هِ | اپنے پاس | | رُجوع اِلیَ اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | اَبَوَيْهِ | اَ بَ وَا یْ هِ | اپنے ماں باپ کو | ء ب و | آباؤاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقہ |
| | وَقَالَ | وَ قَ ا لَ | اور کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ

مانگوں گا، وہ بہت بڑا بخشنے والا اور نہایت مہربانی کرنے والا ہے ﴿۹۸﴾ جب یہ سارا گھرانہ یوسف (علیہ السلام) کے پاس پہنچ گیا تو یوسف (علیہ السلام) نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ادْخُلُوْا | دْ خُ لُوْ | تم داخل ہو جاؤ | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | مِصْرَ | مِ صْ رَ | مصر میں | | |
| | اِنْ شَآءَ | اِ نْ شَا...ءَ | اگر چاہا | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَللّٰهُ | ل لا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ | آ م نِیْ ن | امن سے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |
| ۱۰۰ | وَرَفَعَ | وَ رَ فَ عَ | اور اس نے اونچا بٹھایا | ر ف ع | رَافِع، مَرفُوع، رِفعت، اَرفَع واَعلیٰ |
| | اَبَوَيْهِ | اَ بَ وَ یْ ہِ | اپنے ماں باپ کو | ء ب و | آبا وَاَجداد، اِس کے آباء |
| | عَلَى الْعَرْشِ | عَ لَلْ عَ رْ شِ | تخت پر | ع ر ش | عَرشِ اِلٰہی، عَرشِ بَریں |
| | وَخَرُّوْا | وَ خَ رْ رُوْ | اور وہ گر پڑے | خ ر ر | |
| | لَهٗ | لَ ہُوْ | اس کے لئے | | |

اُدْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ

اپنے ماں باپ کو اپنے پاس جگہ دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کو منظور ہے تو آپ سب امن وامان کے ساتھ مصر میں آ ؤ ﴿۹۹﴾ اور اپنے تخت پر اپنے ماں باپ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سُجَّدًا ج | سُ ج جَ دَا | سجدہ کرتے ہوئے | س ج د | سَجدَہ، سَاجِد، مَسجُود، سَجدَہ گاہ، مَسجَد |
| | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور اس (یوسف) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | يٰٓاَبَتِ | یا.. اَ بَ تِ | اے میرے ابا جان! | ء ب و | آبا وَاَجداد، اِسکے آباء، آبائی عَلاقَہ |
| | هٰذَا تَاْوِيْلُ | ہَا ذَا تَ x وِیْ لُ | یہ تعبیر ہے | ء و ل | تَاوِیل کَلام، مُؤَوَّل کَلام |
| | رُءْيَايَ | رُ ءْ یَا یَ | میرے خواب کی جو | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُؤیتِ ہِلَال، غَیر مَرئی |
| | مِنْ قَبْلُ ز | مِنْ قَبْ لُ | (میں نے) پہلے (دیکھا) تھا | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طَعام |
| | قَدْ جَعَلَهَا | قَ دْ جَ عَ لَ ہَا | تحقیق اسے کر دیا ہے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |
| | رَبِّيْ | رَ بْ بِیْ | میرے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | حَقًّا ط | حَقْ قَا | سچا | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقیقت |

سُجَّدًا ج وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ز قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ط

کو اونچا بٹھایا اور سب اس کے سامنے سجدے میں گر گئے، تب کہا کہ ابا جی! یہ میرے پہلے کے خواب کی تعبیر ہے میرے رب نے اسے سچا کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | اور تحقیق | | |
| | اَحْسَنَ | اَ حْ سَ نَ | اس نے احسان کیا | ح س ن | حَسَن، اِحسان، مُحسن، مُحسِنات |
| | بِیْٓ | بِیْ.. | مجھ پر | | |
| | اِذْ اَخْرَجَنِیْ | اِذْ اَ خْ رَ جَ نِیْ | جب اس نے مجھے نکالا | خ ر ج | خارِج، اِخراج، خُرُوج، مَخرَج |
| | مِنَ السِّجْنِ | مِ نَسْ سِ جْ نِ | قید خانے سے | س ج ن | سِجن (قید خانہ) |
| | وَجَآءَ بِکُمْ | وَ جَا...ءَ بِ کُ مْ | اور وہ تمہیں (یہاں) لے آیا | ج ی ء | |
| | مِّنَ الْبَدْوِ | مِ نَ لْ بَ دْ وِ | صحرا سے | ب د و | بَادِیہ نشین، بَدوِی |
| | مِنْۢ بَعْدِ | مِ مْ بَ عْ دِ | اس کے بعد | ب ع د | بَعد از نماز، بَعد اَزاں، بَعد از ظُہر |

**وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْٓ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِکُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ**

دکھایا، اس نے میرے ساتھ بڑا احسان کیا جب کہ مجھے جیل خانے سے نکالا اور آپ لوگوں کو صحرا سے لے آیا اس اختلاف کے بعد

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ نَّزَغَ | اَ ن نَ زَ غَ | کہ اختلاف ڈال دیا تھا | ن ز غ | |
| | الشَّیْطٰنُ | ش شَا ئِ طَا نُ | شیطان نے | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | بَیْنِیْ | بَا ئِ نِیْ | میرے درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | وَبَیْنَ | وَ بَا ئِ نَ | اور درمیان | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | اِخْوَتِیْؕ | اِ خْ وَ تِیْ | میرے بھائیوں کے | ء خ و | اُخُوّت پروگرام، مُواخات اُخُوّت، اَخوانُ المُسلِمین |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بے شک | | |
| | رَبِّیْ | رَ ب بِیْ | میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | لَطِیْفٌ | لَ طِیْ فُ | خوب تدبیر کرنے والا ہے | ل ط ف | لُطف، اَلطاف، لَطِیف (اسم اللہ) |
| | لِّمَا | ل لِ مَا | اس کے لئے جو | | |
| | یَشَآءُؕ | یَ شَا...ءُ | وہ چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شاءَ اللہ، ما شاءَ اللہ، مشیتِ الٰہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | إِنَّهُ هُوَ | اِن نَ ہُو ہُ وَ | بلاشبہ وہی ہے | | |

أَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ إِخْوَتِيْ ط إِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ط إِنَّهُ هُوَ

جو شیطان نے مجھ میں اور میرے بھائیوں میں ڈال دیا تھا، میرا رب جو چاہے اس کے لئے بہترین تدبیر کرنے والا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْعَلِيْمُ | لْ عَ لِیْ مُ | خوب جاننے والا | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| | الْحَكِيْمُ ۝١٠٠ | لْ حَ کِیْ م | نہایت حکمت والا | ح ك م | حکیم، حِکمت و دانائی، حُکماء |
| ١٠١ | رَبِّ | رَب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | اٰتَيْتَنِيْ | آ تَا ئِیْ تَ نِیْ | تو نے مجھے دی | ء ت ی | |
| | مِنَ الْمُلْكِ | مِنَ لْ مُ لْ کِ | کچھ بادشاہی | م ل ك | ملک فہد، ملک محمّد بن سلمان |
| | وَعَلَّمْتَنِيْ | وَعَل لَمْ تَ نِیْ | اور تو نے مجھے سکھایا | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| | مِنْ تَأْوِيْلِ | مِنْ تَ x وِیْ لِ | تعبیر کرنا | ء و ل | تاوِیلِ کلام، مُؤَوّل کلام |

الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝١٠٠ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَأْوِيْلِ

اور وہ بہت علم و حکمت والا ہے ۝١٠٠ اے میرے پروردگار! تو نے مجھے ملک عطا فرمایا اور تو نے مجھے خواب کی تعبیر سکھلائی،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْأَحَادِيْثِ ج | لْ آ حَا دِیْ ث | باتوں (خوابوں) کی | ح د ث | حدیث، تحدیثِ نعمت، مُحدّث |
| | فَاطِرَ | فَا طِ رَ | اے پیدا کرنے والے | ف ط ر | سُورۃ الفاطر، فِطرت، فِطری چیز |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سماوی کُتب، ارض و سماء |
| | وَالْأَرْضِ قف | وَلْ اَ رْ ض | اور زمین کے! | ء ر ض | ارض و سماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | أَنْتَ | اَنْ تَ | تُو (ہی) | | |
| | وَلِيّ | وَ لِیْ یِ | میرا مددگار ہے | و ل ی | ولیُ اللہ، ولایت، اولیاءِ کرام |
| | فِي الدُّنْيَا | فِد دُنْ یَا | دنیا | د ن و | دِین و دُنیا، دُنیاوی زندگی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاٰخِرَةِ ج | وَلْ آخِ رَةِ | اور آخرت میں | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |
| | تَوَفَّنِیْ | تَ وَف فَ نِیْ | تو مجھے فوت کر | و ف ی | فوت ہونا، وفات، فوتیدگی |

اَلْاَحَادِیْثِ ج فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ج تَوَفَّنِیْ

اے آسمان وزمین کے پیدا کرنے والے! تُو ہی دنیا وآخرت میں میرا ولی (دوست) اور کارساز ہے، تُو مجھے اسلام کی حالت میں فوت کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُسْلِمًا | مُسْ لِ مَاؤں | مسلمان | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی |
| | وَّ اَلْحِقْنِیْ | وَّ اَلْ حِقْ نِیْ | اور مجھے ملا دے | ل ح ق | مُلحق ہونا، اِلحاق کرنا |
| | بِالصّٰلِحِیْنَ ۱۰۱ | بِصْ صَالِ حِیْ نَ | نیک لوگوں کے ساتھ | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| ۱۰۲ | ذٰلِكَ | ذَالِ كَ | یہ | | |
| | مِنْ اَنْۢبَآءِ | مِنْ اَمْ بَا...ءِ | کچھ خبریں ہیں | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، ختمِ نبوت، اَنْبَاء (سعودی چینل) |
| | الْغَیْبِ | لْ غَائِیْ بِ | غیب کی | غ ی ب | غیبی قوت، غائب، غیبت |
| | نُوْحِیْهِ | نُوْ حِیْ هِ | ہم ان کی وحی کرتے ہیں | و ح ی | وحی مَتلُو، وحی غیر مَتلُو، وحی کا آنا |
| | اِلَیْكَ ج | اِلَا ئِیْ كَ | آپ کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۱۰۱ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ج

اور نیکوں میں ملا دے ۱۰۱ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جس کی ہم آپ کی طرف وحی کر رہے ہیں، آپ ان کے پاس نہ تھے جب کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا كُنْتَ | وَ مَا كُنْ تَ | اور آپ نہیں تھے | ك و ن | |
| | لَدَیْهِمْ | لَ دَائِیْ هِمْ | ان (یوسف کے بھائیوں) کے پاس | | |
| | اِذْ اَجْمَعُوْٓا | اِذْ اَجْ مَعُوْ.. | جب انہوں نے اتفاق کیا تھا | ج م ع | جَمع، جَمِیع، اِجماع، مَجمع، مجموعہ |
| | اَمْرَهُمْ | اَمْ رَهُمْ | اپنے معاملے پر | ء م ر | اَمر، اُمور، آمر، امر بالمعروف |
| | وَهُمْ | وَهُمْ | اور وہ | | |
| | یَمْكُرُوْنَ ۱۰۲ | یَمْ كُ رُوْنَ | مکروفریب کر رہے تھے | م ك ر | مَکروفریب، مَاکر آدمی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۳ | وَمَآ | وَ مَا.. | اور نہیں ہیں | | |
| | اَكْثَرُ | اَ كْ ثَ رُ | اکثر | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | النَّاسِ | ن نَا سِ | لوگ | ن و س | خیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |

وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ

انہوں نے اپنی بات ٹھان لی تھی اور وہ فریب کرنے لگے تھے ﴿۱۰۲﴾ گو آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) لاکھ چاہیں لیکن اکثر لوگ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَوْ | وَ لَا ؤْ | خواہ | | |
| | حَرَصْتَ | حَ رَ صْ تَ | آپ حرص کریں | ح ر ص | حرص و لالچ، حریص |
| | بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ | بِ مُ x مِ نِيْ ن | ایمان لانے والے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومن، ایمان |
| ۱۰۴ | وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ | وَ مَا تَسْ ءَ لُ هُمْ | اور آپ نہیں مانگتے ان (مشرکین مکہ) سے | س ء ل | سائل، سائلین، مسائل، مسئلہ |
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِيْ هِ | اس (تبلیغ) پر | | رُجوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلیہ |
| | مِنْ اَجْرٍ ط | مِنْ اَ جْ رِ | کوئی اَجر | ء ج ر | اَجر و ثواب، روزے کا اَجر، نماز کا اَجر، نیکی کا اَجر |
| | اِنْ هُوَ | اِنْ هُ وَ | نہیں ہے وہ (قرآن) | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | ذِكْرٌ | ذِ كْ رُ | عظیم نصیحت | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مذکور، ذِکرِ اِلٰہی |

وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ

ایمان دار نہ ہوں گے ﴿۱۰۳﴾ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان سے اس پر کوئی اُجرت طلب نہیں کررہے ہیں، یہ تو نری نصیحت ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ ع | ل لِلْ عَا لَ مِيْ ن | جہان والوں کے لئے | ع ل م | عالَمِ رنگ و بو، عالَمِ اسلام، عالَمِ کُفر |
| ۱۰۵ | وَكَاَيِّنْ | وَ كَ اَ يْ يِ مْ | اور کتنی ہی ہیں | | |
| | مِّنْ اٰيَةٍ | مِنْ آ يَ تِنْ | نشانیاں (توحید اور قدرتِ الٰہی کی) | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُ الکُرسی، آیتِ کریمہ |
| | فِی السَّمٰوٰتِ | فِس سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سماوِی کُتب، اَرض و سَماء |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاَرْضِ | وَلْ اَرْضِ | اور زمین میں | ء ر ض | اَرض وسماء، کُرہ اَرض، اَرضِ مُقدس |
| | يَمُرُّوْنَ | یَ مُرْ رُوْنَ | (کہ) وہ گزرتے ہیں | م ر ر | مُرورِ زمانہ (زمانے کا گزرنا) |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ئِ ہَا | ان پر سے | | |
| | وَهُمْ | وَ ہُمْ | جبکہ وہ | | |
| | عَنْهَا | عَنْ ہَا | ان سے | | |

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا

نصیحت ہے تمام دنیا کے لئے ﴿١٠٤﴾ آسمانوں اور زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں، جن سے یہ منہ موڑے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُعْرِضُوْنَ ﴿١٠٥﴾ | مُ عْ رِ ضُوْنَ | منہ پھیرنے والے ہوتے ہیں | ع ر ض | اِعراض کرنا، اِعراض برتنا |
| ۱۰۶ | وَمَا يُؤْمِنُ | وَ مَا يُ x مِنُ | اور ایمان نہیں لاتے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | اَكْثَرُهُمْ | اَکْ ثَ رُ ہُمْ | ان کے اکثر | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | بِاللّٰهِ | بِلْ لَا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِلَّا | اِلْ لَا | مگر | | اِلّا ما شاءَ اللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | وَهُمْ | وَ ہُمْ | اس حال میں کہ وہ | | |
| | مُّشْرِكُوْنَ ﴿١٠٦﴾ | مُشْ رِ كُوْنَ | مشرک (ہی) ہوتے ہیں | ش ر ك | شِرک، مُشرک، مُشرکین، شُرکاء |
| ۱۰۷ | اَفَاَمِنُوْٓا | اَ فَ اَ مِ نُوْ.. | کیا پھر وہ بے خوف ہیں | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |

مُعْرِضُوْنَ ﴿١٠٥﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿١٠٦﴾ اَفَاَمِنُوْٓا

گزر جاتے ہیں ﴿١٠٥﴾ ان میں سے اکثر لوگ باوجود اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے کے بھی مشرک ہی ہیں ﴿١٠٦﴾ کیا وہ اس بات سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَنْ | اس سے کہ | | |
| | تَاْتِيَهُمْ | تَ x تِ یَ ہُمْ | ان کے پاس آئے | ء ت ی | |
| | غَاشِيَةٌ | غَا شِ یَ تُ | چھا جانے والا | غ ش ی | غاشِیہ (ڈھانپنے والی)، غشی طاری ہونا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنۡ عَذَابِ | م مِنۡ عَ ذَ ا بِ | کوئی عذاب | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنّم، عذابِ آخرت |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اَوۡ تَاۡتِيَهُمُ | آ وۡ تَ x تِ یَ ہُمُ | یا ان کے پاس آئے | ء ت ی | |
| | السَّاعَةُ | س سَا عَ ۃُ | قیامت | س و ع | یومُ السّاعہ (قیامت کا دن)، ساعتِ کبریٰ، ساعات |
| | بَغۡتَةً | بَ غۡ تَ تَا وۡ ں | اچانک | ب غ ت | |
| | وَّهُمۡ | وَ ہُ مۡ | اس حال میں کہ وہ | | |

اَنۡ تَاۡتِيَهُمۡ غَاشِيَةٌ مِّنۡ عَذَابِ اللّٰهِ اَوۡ تَاۡتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغۡتَةً وَّهُمۡ

بے خوف ہوگئے ہیں کہ ان کے پاس اللہ تعالیٰ کے عذابوں میں سے کوئی عام عذاب آجائے یا ان پر اچانک قیامت ٹوٹ پڑے اور وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَا يَشۡعُرُوۡنَ ١٠٧ | لَا یَشۡ عُ رُ وۡ نَ | شعور بھی نہ رکھتے ہوں؟ | ش ع ر | شُعوری طور پر، لاشُعوری طور پر |
| ١٠٨ | قُلۡ | قُ لۡ | (اے پیغمبر!) کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | هٰذِهٖ | ہَا ذِ ہِیۡ | یہی ہے | | |
| | سَبِيۡلِيۡۤ | سَ بِیۡ لِیۡ.. | میرا راستہ | س ب ل | سَبیل، سُبُل، فِی سَبیلِ اللہ |
| | اَدۡعُوۡۤا | اَ دۡ عُوۡ.. | میں (تمہیں) بلاتا ہوں | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، داعی اِلَی اللہ |
| | اِلَى اللّٰهِ ۚ قف | اِلَلۡ لَا ہِ | اللہ کی طرف | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلٰى بَصِيۡرَةٍ | عَ لَا بَ صِیۡ رَ تِنۡ | مکمل بصیرت پر (ہوں) | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، سَمع و بَصر |
| | اَنَا | اَ نَ | میں | | |
| | وَمَنِ | وَ مَ نِ | اور وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | اتَّبَعَنِيۡ ؕ | ت تَ بَ عَ نِیۡ | میری پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |

لَا يَشۡعُرُوۡنَ ١٠٧ قُلۡ هٰذِهٖ سَبِيۡلِيۡۤ اَدۡعُوۡۤا اِلَى اللّٰهِ ۚ قف عَلٰى بَصِيۡرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيۡ ؕ

بے خبر ہی ہوں ١٠٧ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ دیجئے میری راہ یہی ہے، میں اور میرے متبعین اللہ تعالیٰ کی طرف بلا رہے ہیں، پورے یقین

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَسُبۡحٰنَ | وَ سُبۡ حَا نَ | اور پاک ہے (شریکوں سے) | س ب ح | سُبحَانَ اللہ کہنا، سُبحَان، تسبیح |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَمَآ اَنَا | وَ مَا.. اَ نَا | اور نہیں ہوں میں | | |
| | مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۞١٠٨ | مِنَ لۡ مُشۡ رِ کِیۡ نَ | مشرکوں میں سے | ش ر ك | شرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکَاء |
| ١٠٩ | وَمَآ اَرۡسَلۡنَا | وَ مَا.. اَرۡ سَلۡ نَا | اور ہم نے نہیں بھیجے (رسول) | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مِنۡ قَبۡلِكَ | مِنۡ قَبۡ لِ كَ | آپ سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلیل |
| | رِجَالًا | رِ جَا لَ | مرد ہی | ر ج ل | اَسماءُ الرِّجَال کی کُتُب، رِجَال کَشی، قحطُ الرِّجَال |

وَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۞١٠٨ وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ اِلَّا رِجَالًا

اور اعتماد کے ساتھ اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکوں میں نہیں ۞١٠٨ آپ (ﷺ) سے پہلے ہم نے بستی والوں میں جتنے رسول بھیجے ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُّوۡحِىۡۤ | ن نُوۡ حِیۡ.. | ہم وحی کرتے تھے | و ح ی | وَحی مَتلُو، وَحی غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | اِلَيۡهِمۡ | اِ لَا یۡ ہِمۡ | ان کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مِّنۡ اَهۡلِ | مِنۡ اَ ہۡ لِ | والوں میں سے | ء ھ ل | اَہل وعیَال، اَہلِ خانہ، اَہلِ بَیت |
| | الۡقُرٰى ؕ | لۡ قُ رَا | بستیوں | ق ر ی | قَریَہ قَریَہ بَستی بَستی، اُمُّ القُریٰ (مکہ) |
| | اَفَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا | اَ فَ لَمۡ یَ سِیۡ رُوۡ | کیا پھر وہ نہیں چلے پھرے | س ی ر | سیر و تفریح، صُبح کی سیر |
| | فِى الۡاَرۡضِ | فِلۡ اَرۡ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، کُرۂ اَرض، اَرضِ مُقدس |
| | فَيَنۡظُرُوۡا | فَ یَنۡ ظُ رُوۡ | پھر وہ دیکھتے | ن ظ ر | نظر، نَظارہ، منظر، ناظرین |
| | كَيۡفَ | كَا یۡ فَ | کیسا | ك ی ف | کَیفیّت، بہر کَیف، کَیف حالُک |

نُّوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِمۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰى ؕ اَفَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِى الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ

سب مرد ہی تھے جن کی طرف ہم وحی نازل فرماتے گئے، کیا زمین میں چل پھر کر انہوں نے دیکھا نہیں کہ ان سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانَ | کَ ا نَ | ہوا | ك و ن | |
| | عَاقِبَةُ | عَا قِ بَ ۃُ | انجام | ع ق ب | ناعاقبت اَندیش، عَالَمِ عُقبیٰ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کا جو | | |
| | مِنْ قَبْلِهِمْ ط | مِنْ قَبْ لِ ہِمْ | ان سے پہلے تھے؟ | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | وَلَدَارُ | وَلَ دَا رُ | اور یقیناً گھر | د و ر | دارِاَرقَم، دِیَار، دَارِفانی، دِیَارِ غیر |
| | الْاٰخِرَةِ | لْ آ خِ رَ ۃِ | آخرت کا | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروِی کامیابی آخرت کا سفر |
| | خَيْرٌ | خَا ئِ رُ | بہت بہتر ہے | خ ی ر | خیر خواہی، خیر و شر، خیر و برکت |
| | لِّلَّذِيْنَ | ل لِل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کے لئے جنہوں نے | | |
| | اتَّقَوْا ط | ت تَ قَا وْ | تقویٰ اختیار کیا | و ق ی | مُتَّقِی لوگ، تَقویٰ و پرہیزگاری |

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ط وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ط

پہلے کے لوگوں کا کیسا کچھ انجام ہوا؟ یقیناً آخرت کا گھر پرہیزگاروں کے لئے بہت ہی بہتر ہے، کیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَ | اَ | کیا | | |
| | فَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٠٩﴾ | فَ لَا تَ عْ قِ لُوْ نَ | پھر تم عقل نہیں رکھتے ؟ | ع ق ل | عَقل، عَاقِل، مَعقُول، عَقِیل |
| ١١٠ | حَتّٰى | حَت تَا... | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّیٰ کہ |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | اسْتَيْـَٔسَ | سْ تَا ئِ ءَ سَ | ناامید ہوگئے | ی ء س | یَاس و اُمید، مَایُوس ہونا |
| | الرُّسُلُ | رْ رُ سُ لُ | رسول | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَظَنُّوْٓا | وَ ظَن نُوْ.. | اور انہوں نے (جھٹلانے والوں نے گمان کیا) | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بَدظَنّ |
| | اَنَّهُمْ | اَن نَ ہُمْ | کہ بے شک وہ | | |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُذِبُوْا | کُ ذِ بُوْ | (ان رسولوں سے) جھوٹ بولا گیا ہے | ك ذ ب | کِذب، تکذِیب، کاذِب، کذّاب مُسیلمہ کذّاب (نبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَ ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا

پھر بھی تم نہیں سمجھتے ﴿۱۰۹﴾ یہاں تک کہ جب رسول ناامید ہونے لگے اور وہ (قوم کے لوگ) خیال کرنے لگے کہ انہیں جھوٹ کہا گیا، فوراً

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَآءَهُمْ | جَا... ءَ ہُمْ | تو ان کے پاس آ گئی | ج ی ء | |
| | نَصْرُنَا | نَ صْ رُ نَا | ہماری مدد | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصیر |
| | فَنُجِّيَ | فَ نُجْ جِ یَ | پھر نجات دی گئی | ن ج و | نَجات، فِرقہ نَاجیہ، ناجیہ (نام) |
| | مَنْ | مَنْ | اسے جسے | | |
| | نَّشَآءُ ؕ | نَ شَا... ء | ہم چاہتے تھے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَلَا يُرَدُّ | وَلَا یُ رَ دُ | اور نہیں پھیرا جاتا | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کُفر، اِرتِدَاد، فِتنہَ اِرتِدَاد |
| | بَاْسُنَا | بَ x سُ نَا | ہمارا عذاب | ب ء س | |
| | عَنِ الْقَوْمِ | عَنِ لْ قَا وْ مِ | قوم سے | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسٰی |
| | الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ | لْ مُ جْ رِ مِیْ نَ | مجرم | ج ر م | جُرم، مُجرم، فَردِ جُرم، جَرَائم پیشَہ |

جَآءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾

ہی ہماری مدد ان کے پاس آ پہنچی جسے ہم نے چاہا اسے نجات دی گئی، بات یہ ہے کہ ہمارا عذاب گناہ گاروں سے واپس نہیں کیا جاتا ﴿۱۱۰﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۱ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | ہے | ك و ن | |
| | فِيْ قَصَصِهِمْ | فِیْ قَ صَ صِ ہِمْ | ان کے بیان میں | ق ص ص | قِصّے، قِصّہ خَوانی، قَصَصُ الاَنبیاَء |
| | عِبْرَةٌ | عِبْ رَ تُ | بڑی عبرت | ع ب ر | عِبرَتنَاک سَزَا، عِبرَتنَاک اَنجام |
| | لِّاُولِي | لْ لِ اُ لِ | والوں کے لئے | ء و ل | تَاوِیل کَلَام، مُؤَوَّل کَلَام |
| | الْاَلْبَابِ ؕ | لْ اَلْ بَا بِ | عقل | ل ب ب | لُبِّ لُبَاب، لَبِیب آدمی (عقلمند) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
فِی الْاَرْضِ ؕ وَ وَیْلٌ لِّلْکٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ شَدِیْدِ ۙ﴿۲﴾ اِۨلَّذِیْنَ یَسْتَحِبُّوْنَ

اور زمین میں ہے اور کافروں کے لئے تو سخت عذاب کی خرابی ہے ﴿۲﴾ جو آخرت کے مقابلے میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْحَیٰوةَ | لْ حَ یَا تَ | زندگی کو | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیاتِ طیبہ |
| | الدُّنْیَا | د دُنْ یَا | دنیا کی | د ن و | دِین و دُنیا، دُنیاوِی زندگی |
| | عَلَی الْاٰخِرَةِ | عَ لَلْ آ خِ رَةِ | آخرت کی نسبت | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |
| | وَیَصُدُّوْنَ | وَ یَ صُد دُوْ نَ | اور وہ روکتے ہیں (لوگوں کو) | ص د د | |
| | عَنْ سَبِیْلِ | عَنْ سَ بِیْ لِ | راہ سے | س ب ل | سَبیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | وَیَبْغُوْنَهَا | وَ یَبْ غُوْ نَ ہَا | اور اس میں تلاش کرتے ہیں | ب غ ی | |
| | عِوَجًا ؕ | عِ وَ جَا | کوئی ٹیڑھ | ع و ج | |

الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا عَلَی الْاٰخِرَةِ وَ یَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ یَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ

دنیاوی زندگی کو پسند رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس میں ٹیڑھ پن پیدا کرنا چاہتے ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُولٰٓئِكَ | اُلَا ... ءِکَ | یہ لوگ | | |
| | فِیْ ضَلٰلٍۭ | فِیْ ضَ لَا لِمْ | گمراہی میں ہیں | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گمراہی |
| | بَعِیْدٍ ﴿۳﴾ | بَ عِیْ د | بہت دُور کی | ب ع د | مَاضی بَعِید، بَعِید اَز عَقل، بُعد (دوری) |
| ۴ | وَمَآ اَرْسَلْنَا | وَ مَا .. اَرْ سَلْ نَا | اور ہم نے نہیں بھیجا | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ رَّسُوْلٍ | مِ ر رَ سُوْ لِنْ | کوئی رسول | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | بِلِسَانِ | بِ لِ سَا نِ | زبان میں | ل س ن | لِسَانِی گروہ، لِسَانِیَات<br>لِسَانِی فَسَادَات |
| | قَوْمِهٖ | قَوْ مِ ہِیْ | اُسی کی قوم کی | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |
| | لِيُبَيِّنَ | لِ یُ بَا ئِ یِ نَ | تاکہ وہ کھول کر بیان کرے | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلِیلِ بَیِّن |

اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ③ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ

یہی لوگ پرلے درجے کی گمراہی میں ہیں ③ ہم نے ہر ایک نبی کو اس کی قومی زبان میں ہی بھیجا ہے تاکہ ان کے سامنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَهُمْ ط | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | فَيُضِلُّ | فَ یُ ضِل لُ | پھر گُمراہ کرتا ہے | ض ل ل | ضَلالَت (گُمراہی)، ضَلالَت وگُمراہی |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | مَنْ يَّشَآءُ | مَا ئِیْں یَ شَا...ءُ | جسے چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَيَهْدِيْ | وَ یَ ہْ دِیْ | اور وہ ہدایت دیتا ہے | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عَالَم، ہَادِیٔ کَائِنَات |
| | مَنْ يَّشَآءُ ط | مَا ئِیْں یَ شَا...ء | جسے چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | اور وہ | | قَول وقَرَار، حُزن ومَلَال، غَم وحُزن |
| | الْعَزِيْزُ | لْ عَ زِ یْ زُ | نہایت غالب | ع ز ز | اَلعَزِیز (غَالِب، اللہ کا صَفَاتی نام)،<br>عَزِیزِ مِصر، مُعَزَّز، مُعَزَّزَات |
| | الْحَكِيْمُ ④ | لْ حَ کِیْ م | خوب حکمت والا ہے | ح ك م | حَکِیم، حِکمَت ودَانَائی، حُکَمَاء |

لَهُمْ ط فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ④

وضاحت سے بیان کردے، اب اللہ تعالیٰ جسے چاہے گمراہ کردے، اور جسے چاہے راہ دکھا دے، وہ غلبہ اور حکمت والا ہے ④

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | وَلَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | قَول وقَرَار، حُزن ومَلَال، غَم وحُزن |
| | اَرْسَلْنَا | اَ رْ سَل نَا | ہم نے بھیجا | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُوْسٰى | مُوْسَا | موسیٰ کو | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | بِاٰيٰتِنَآ | بِ آ یَا تِ نا... | اپنی آیات (معجزوں) کے ساتھ | ء ی ی | آیَتْ (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | اَنْ اَخْرِجْ | اَنْ اَخْ رِجْ | یہ کہ تو نکال | خ ر ج | خارِج، اِخراج، خُرُوج، مَخرَج |
| | قَوْمَكَ | قَا ؤ مَ کَ | اپنی قوم کو | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | مِنَ الظُّلُمٰتِ | مِنَ ظ ظُ لُ مَا تِ | اندھیروں سے | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، بحرِ ظُلمات |
| | اِلَى النُّوْرِ ۙ۬ | اِلَن نُوْرِ | روشنی کی طرف | ن و ر | نُور، اَنوار، مُنوّر ہونا، اَنوارِ الٰہی |
| | وَذَكِّرْهُمْ | وَ ذَ کْ کِ رْ هُمْ | اور انہیں یاد دلا | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |

**وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ۬ وَذَكِّرْهُمْ**

(یاد رکھو جب کہ) ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ تو اپنی قوم کو اندھیروں سے روشنی میں نکال اور انہیں اللہ تعالیٰ کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَيّٰىمِ | بِ اَ یْ یَا مِ | ایام (اہم واقعات) | ء ی م | یَومِ قائد، اَیّام، یومِ آخرت |
| | اللّٰهِ ؕ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | فِيْ ذٰلِكَ | فِیْ ذَا لِ کَ | ان میں | | فِی الحال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | لَاٰيٰتٍ | لَ آ یَا تِ | یقیناً بڑی نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیت، آیات (نشانیاں)، آیاتِ بیّنہ |
| | لِّكُلِّ | ل لِ کُل لِ | ہر کے لئے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | صَبَّارٍ | صَب بَا رِنْ | بڑے صابر | ص ب ر | صَبر، صابر، صَبُور، صابرین |
| | شَكُوْرٍ ۝۵ | شَ کُوْرِ | شاکر | ش ك ر | شُکر، شاکِر، مَشکُور، شُکرانِ نعمت |
| ٦ | وَاِذْ | وَ اِذْ | اور (یاد کرو) جب | | |
| | قَالَ | قَ ا لَ | کہا | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | مُوْسٰى | مُوْسَا | موسیٰ نے | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِقَوْمِهٖ | لِ قَوْ مِ هٖ | اپنی قوم سے: | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قوم، قَومِ مُوسیٰ |

بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝٥ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ

احسانات یاد دلا، اس میں نشانیاں ہیں ہر ایک صبر شکر کرنے والے کے لئے ۵ جس وقت موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُذْكُرُوْا | اُذْ كُ رُوْ | تم یاد کرو | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |
| | نِعْمَةَ | نِ عْ مَ تَ | نعمت | ن ع م | نِعمت، اِنعام، نِعمَ البَدل |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِيْ كُ مْ | (جو ہوئی) تم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلان |
| | اِذْ اَنْجٰىكُمْ | اِذْ اَنْ جَا كُ مْ | جب اس نے تمہیں نجات دی | ن ج و | نَجات، فِرقہ ناجِیہ، نَجات دِہندہ |
| | مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ | مِنْ آلِ فِ رْ عَا ؤْ نَ | آلِ فرعون سے | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | يَسُوْمُوْنَكُمْ | يَ سُوْ مُوْ نَ كُ مْ | وہ تمہیں پہنچاتے تھے | س و م | |
| | سُوْٓءَ | سُوْ...ءَ | بدترین | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | الْعَذَابِ | لْ عَ ذَا بِ | عذاب | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عذابِ جَہنّم، عذابِ آخرت |

اُذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ

اللہ تعالیٰ کے وہ احسانات یاد کرو جو اس نے تم پر کئے ہیں، جبکہ اس نے تمہیں فرعونیوں سے نجات دی جو تمہیں بڑے دکھ پہنچاتے تھے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَيُذَبِّحُوْنَ | وَ يُ ذَ بْ بِ حُوْ نَ | اور وہ ذبح کرتے تھے | ذ ب ح | ذَبح کرنا، مَذبَح خانہ، ذَبِیحُ اللہ |
| | اَبْنَآءَكُمْ | اَبْ نَا... ءَ كُ مْ | تمہارے بیٹے | ب ن و | اِبن، اَبناء، بَنُون، اَبنائے جامِعہ |
| | وَيَسْتَحْيُوْنَ | وَ يَسْ تَ حْ يُوْ نَ | اور زندہ چھوڑتے تھے | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیاتِ طَیِّبہ |
| | نِسَآءَكُمْ ؕ | نِ سَا... ءَ كُ مْ | تمہاری بیٹیاں | ن س و | نِساءُ المُؤمِنین، تَربِیتِ نِسواں، نِسوانِیت |
| | وَفِيْ ذٰلِكُمْ | وَ فِيْ ذَا لِ كُ مْ | اور اس میں | | قَول وقَرار، حُزن ومَلال، غَم وحُزن، فِی الحال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | بَلَآءٌ | بَ لَا... ءُ نْ | آزمائش تھی | ب ل ی | بَلا، مُبتَلا، دَورِ اِبتِلاء، آزمائش |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ رَّبِّكُمْ | م ِمر رَب بِ کُ مْ | تمہارے رب کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

وَ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَ يَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَ فِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

تمہیں لڑکوں کو قتل کرتے تھے اور تمہاری لڑکیوں کو زندہ چھوڑتے تھے، اس میں تمہارے رب کی طرف سے تم پر آزمائش تھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَظِيْمٌ ﴿٦﴾ ع | عَ ظی م | بہت بڑی | ع ظ م | عَظِیم، اَعظم، عَظمت، وَزارتِ عُظمیٰ |
| ۷ | وَاِذْ | وَ اِذْ | اور جب | | |
| | تَاَذَّنَ | تَ اَ ذْ ذَ نَ | آگاہ کر دیا (تھا) | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، بِاِذنِ اللہ، اِذنِ عام |
| | رَبُّكُمْ | رَب بُ کُ مْ | تمہارے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | لَئِنْ | لَ ءِ نْ | بلاشبہ اگر | | |
| | شَكَرْتُمْ | شَ کَ رْ تُمْ | تم شکر کرو گے | ش ك ر | شُکر، شاکِر، مَشکُور، شُکرانِ نعمت |
| | لَاَزِيْدَنَّكُمْ | لَ اَ زِ ی دَ نْ نَ کُ مْ | تو یقیناً میں تمہیں (اور) زیادہ دوں گا | ز ی د | زِیادہ، زَائد، مَزِید، زِیادات |
| | وَلَئِنْ | وَ لَ ءِ نْ | اور البتہ اگر | | قَول وقَرار، حُزن وملال، غَم وحُزن اِن شاءَ اللہ |
| | كَفَرْتُمْ | کَ فَ رْ تُمْ | تم کفر کرو گے | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفِیر، کُفرانِ نعمت |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | تو بلاشبہ | | |

عَظِيْمٌ ﴿٦﴾ ع وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ

بہت بڑی ﴿٦﴾ اور جب تمہارے پروردگار نے تمہیں آگاہ کر دیا کہ اگر تم شکر گزاری کرو گے تو بیشک میں تمہیں زیادہ دوں گا اور اگر تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابِيْ | عَ ذَا بِیْ | میرا عذاب (بھی) | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عذابِ جہنّم عذابِ آخرت |
| | لَشَدِيْدٌ ﴿٧﴾ | لَ شَ دِ ی د | یقیناً بہت سخت ہے | ش د د | شَدِید، تَشدِید، مُتَشَدِّد، شِدّتِ غم |
| ۸ | وَقَالَ | وَ قَ ا لَ | اور کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | مُوْسٰى | مُوْ سَا.. | موسیٰ نے | | حضرت موسیٰ علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شاءَ اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَكْفُرُوْٓا | تَ کْ فُ رُوْ.. | کفر کرو گے | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | اَنْتُمْ | اَنْ تُمْ | تم | | |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور وہ لوگ جو | | قول وقرار، حُزن وملال، غم وحُزن |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں ہیں | ء ر ض | ارض وسماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | جَمِيْعًا ۙ | جَ مِیْ عَنْ | سارے کے سارے | ج م ع | جَمع، جَمیع، اِجماع، مَجمَع، مجمُوعہ |

عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۞٧ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ

ناشکری کرو گے تو یقیناً میرا عذاب بہت سخت ہے ⑦ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا کہ اگر تم سب اور روئے زمین کے تمام انسان اللہ تعالیٰ کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاِنَّ | فَ اِنْ نَ | تو بے شک | | |
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَغَنِيٌّ | لَ غَ نِیْ یُنْ | یقیناً بڑا بے پروا | غ ن ی | عَبدُ الغنی، مُستغنی، اَغنیاء، غَنی (اللہ تعالیٰ کی صفت ہے) |
| | حَمِيْدٌ ⑧ | حَ مِیْ دْ | نہایت قابلِ تعریف ہے | ح م د | حمد وثناء، حامد، محمود، مُحمّد |
| ۹ | اَلَمْ يَاْتِكُمْ | اَلَمْ یَ x تِ کُ مْ | کیا تمہارے پاس نہیں آئی | ء ت ی | |
| | نَبَؤُا | نَ بَ ءُ | خبر | ن ب ء | نبی، اَنبیاء، ختمِ نبوّت، اَنباء (سعودی چینل) |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کی جو | | |
| | مِنْ قَبْلِكُمْ | مِنْ قَبْ لِ کُ مْ | تم سے پہلے تھے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل اَز نماز، قبل اَز طعام |
| | قَوْمِ | قَا وْ مِ | (یعنی) قوم | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | نُوْحٍ | نُوْ حِ نْ اُوْں | نوح کی | | حضرت نوح علیہ السلام (نبی کا نام) |

فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۞٨ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ

ناشکری کریں تو بھی اللہ تعالیٰ بے نیاز اور تعریفوں والا ہے ⑧ کیا تمہارے پاس تم سے پہلے کے لوگوں کی خبریں نہیں آئیں؟ یعنی قوم نوح (علیہ السلام)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّعَادٍ | وَ عَا دِ اُوْں | اور عاد | | حضرت ہود علیہ السلام کی قوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ ثَمُوْدَ ۛ | وَ ثَ مُو دَ | اور ثمود (کی) | | حضرت صالح علیہ السلام کی قوم |
| | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِی نَ | اور ان لوگوں کی جو | | |
| | مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ | مِم بَ عْ دِ ہِم | ان کے بعد (ہوئے)؟ | ب ع د | بعد از نماز، بعد ازاں، بعد از ظہر |
| | لَا يَعْلَمُهُمْ | لَا یَ عْ لَ مُ ہُم | انہیں (کوئی بھی) نہیں جانتا | ع ل م | علم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علامہ |
| | اِلَّا اللّٰهُ ۭ | اِل لَل لَا ہُ | اللہ کے سوا | ء ل ہ | الہٰ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |
| | جَآءَتْهُمْ | جَا...ءَ تْ ہُم | ان کے پاس آئے تھے | ج ی ء | |

وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَآءَتْهُمْ

اور عاد و ثمود (علیہم السلام) کی اور ان کے بعد والوں کی جنہیں سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا، ان کے پاس ان کے رسول

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رُسُلُهُمْ | رُ سُ لُ ہُم | ان کے رسول | ر س ل | رسالت، رسول، رسالہ، مُرسَل الیہ |
| | بِالْبَيِّنٰتِ | بِل بَا ئِ یِ نَا تِ | واضح دلیلوں کے ساتھ | ب ی ن | بیان، مُبیّنہ طور پر، دلیلِ بیّن |
| | فَرَدُّوْٓا | فَ رَ د دُ وْ.. | تو انہوں نے لوٹا لئے | ر د د | ردّ کرنا، ردِّ کفر، ارتداد، فتنہ ارتداد |
| | اَيْدِيَهُمْ | اَ ئْ دِ یَ ہُم | اپنے ہاتھ | ی د ی | یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع یدین، قطع ید |
| | فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ | فِیْ.. اَفْ وَا ہِ ہِم | اپنے مونہوں میں | ف و ہ | افواہیں پھیلانا، غلط افواہ |
| | وَقَالُوْٓا | وَ قَا لُوْ.. | اور انہوں نے کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اِنَّا كَفَرْنَا | اِن نَا کَ فَ رْ نَا | بے شک ہم نہیں مانتے | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | بِمَآ | بِ مَا.. | اس چیز کو کہ | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | اُرْسِلْتُمْ | اُرْ سِلْ تُم | تم بھیجے گئے ہو | ر س ل | رسالت، رسول، رسالہ، مُرسَل الیہ |

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ

معجزے لائے، لیکن انہوں نے اپنے ہاتھ اپنے منہ میں دبا لئے، اور صاف کہہ دیا کہ جو کچھ تمہیں دے کر بھیجا گیا ہے ہم اس کے منکر ہیں اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ساتھ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنَّا | وَ اِن نَا | اور بے شک ہم (تو) | | |
| | لَفِيْ شَكٍّ | لَ فِيْ شَ كْ كِ | یقیناً ایسے شک میں ہیں | ش ك ك | فِي الْحَالِ، فِي الْفَورِ، فِي الْوَقْت شک، شُکُوک، شُکُوک وشُبہات |
| | مِّمَّا | م مِم مَا | اس سے کہ | | |
| | تَدْعُوْنَنَآ | تَ دْ عُوْ نَ نَا.. | تم ہمیں بلاتے ہو | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیَہ، دَاعِی اِلَی اللہ |
| | اِلَيْهِ | اِ لَا یْ هِ | اس کی طرف | | |
| | مُرِيْبٍ ⑨ | مُ رِیْ بْ | جو پریشان (شک) کرنے والا ہے | ر ی ب | لَا رَیبَ کِتَاب، لَا رَیب بَات |
| ١٠ | قَالَتْ | قَا لَ تْ | کہا | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | رُسُلُهُمْ | رُ سُ لُ هُمْ | ان کے رسولوں نے: | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اَفِي اللّٰهِ | اَ فِلْ لَا هِ | کیا (اس) اللہ کے بارے میں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | شَكٌّ | شَ كْ كُنْ | (تمہیں) شک ہے | ش ك ك | شک، شُکُوک، شُکُوک وشُبہات |

بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ⑨ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ

جس چیز کی طرف تم ہمیں بلا رہے ہو ہمیں تو اس میں بڑا بھاری شبہ ہے ⑨ ان کے رسولوں نے انہیں کہا کہ کیا حق تعالیٰ کے بارے میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاطِرِ | فَا طِ رِ | جو پیدا کرنے والا ہے | ف ط ر | سُورَۃُ الفَاطِر، فِطرت، فِطرِی چیز |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ط | وَلْ اَ رْ ضِ | اور زمین کا؟ | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | يَدْعُوْكُمْ | یَ دْ عُوْ كُ مْ | وہ تمہیں بلاتا ہے | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیَہ، دَاعِی اِلَی اللہ |
| | لِيَغْفِرَ لَكُمْ | لِ یَ غْ فِ رَ لَ كُ مْ | تاکہ وہ تمہارے لئے بخش دے | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغَفُور، مَغفِرت، غَفّارِی |
| | مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ | مِنْ ذُ نُوْ بِ كُ مْ | تمہارے گناہ | ذ ن ب | ذَنبِ صَغِیر (چھوٹے گناہ) ذَنبِ کَبِیر (بڑے گناہ) |
| | وَيُؤَخِّرَكُمْ | وَ یُ ءَ خْ خِ رَ كُ مْ | اور (یا کہ) تمہیں مہلت دے | ء خ ر | تاخِیر، مُؤَخَّر، تَاخُّر، آخِری |
| | اِلٰٓى | اِ لَا.. | تک | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

**فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ يُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى**

تمہیں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے وہ تو تمہیں اس لئے بلا رہا ہے کہ تمہارے تمام گناہ معاف فرما دے، اور ایک مقرر وقت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَجَلٍ | اَ جَ لِ | ایک وقت | ء ج ل | اَجل، آجال، فرشتۂ اَجل، لُقمۂ اَجل |
| | مُّسَمًّى ؕ | م مُ سَم مَا | مقرر | س م و | وجہ تسمیہ، اِسمِ بامُسمّٰی، مُسمّاۃ، اِسمِ گرامی |
| | قَالُوْٓا | قَا لُوْ.. | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اِنْ اَنْتُمْ | اِنْ اَنْ تُمْ | تم نہیں (ہو) | | |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا ماشاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | بَشَرٌ | بَ شَ رُ | بشر | ب ش ر | خیرُالبشر، نُور و بَشر، بَشرِیّت |
| | مِّثْلُنَا ؕ | م مِ ثْ لُ نَا | ہم جیسے ہی | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تَمثِیل، مِثالیں |
| | تُرِيْدُوْنَ | تُ رِیْ دُوْ نَ | تم چاہتے ہو | ر و د | پُختہ اِرادہ، مُریدِ صادِق، مُرادِ رسول |
| | اَنْ تَصُدُّوْنَا | اَنْ تَ صُد دُوْ نَا | یہ کہ تم ہمیں روک دو | ص د د | |
| | عَمَّا | عَم مَا | ان (معبودوں) سے کہ | | |

**اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا**

تک تمہیں مہلت عطا فرمائے، انہوں نے کہا کہ تم تو ہم جیسے ہی انسان ہو تم چاہتے ہو کہ ہمیں ان خداؤں کی عبادت سے روک دو جن کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانَ | كَ ا نَ | تھے | ك و ن | |
| | يَعْبُدُ | یَ عْ بُ دُ | (ان کی) عبادت کرتے | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| | اٰبَآؤُنَا | آ بَا... ءُ نَا | ہمارے باپ دادا | ء ب و | آباؤاجداد، اِسکے آباء، آبائی علاقہ |
| | فَاْتُوْنَا | فَ x تُوْ نَا | لہٰذا تم ہمارے پاس لے آؤ | ء ت ی | |
| | بِسُلْطٰنٍ | بِ سُلْ طَا نِ | کوئی دلیل | س ل ط | سُلطان (کوئی دلیل)، سُلطانی گواہ |
| | مُّبِيْنٍ ۝١٠ | م مُ بِیْ نِ | واضح | ب ی ن | بیان، مُبیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١١ | قَالَتْ | قَا لَ تْ | کہا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقوُلہ |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | ان سے | | |
| | رُسُلُهُمْ | رُ سُ لُ هُمْ | ان کے رسولوں نے: | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِنْ نَّحْنُ | اِن نَ حْ نُ | نہیں (ہیں) ہم | | |

كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ⑩ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ

عبادت ہمارے باپ دادا کرتے رہے، اچھا تو ہمارے سامنے کوئی کھلی دلیل پیش کرو ⑩ ان کے پیغمبروں نے ان سے کہا کہ یہ تو سچ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | بَشَرٌ | بَ شَ رُ | بشر | ب ش ر | خَیرُالبَشَر، نُور و بَشَر، بَشَرِیَّت |
| | مِّثْلُكُمْ | م مِ ثْ لُ كُ مْ | تم جیسے ہی | م ث ل | مِثَال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |
| | وَلٰكِنَّ | وَ لَا كِن نَ | اور لیکن | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | يَمُنُّ | یَ مُن نُ | احسان کرتا ہے | م ن ن | مَنّ واِحسَان، عَبدُالمَنَّان (نام) |
| | عَلٰى مَنْ | عَ لَا مَا مَنْ | جس پر | | عَلَی الاِعلَان، عَلَی العُمُوم |
| | يَّشَآءُ | یَ شَا...ءُ | چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شَاءَاللہ، مَاشَاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | مِنْ عِبَادِهٖ ط | مِنْ عِ بَا دِ هٖ | اپنے بندوں میں سے | ع ب د | عَبد، عِبَادَت، عَابِد، عِبَادُاللہ |
| | وَمَا كَانَ | وَ مَا كَ انَ | اور نہیں ہے (اختیار) | ك و ن | |
| | لَنَآ | لَ نَا.. | ہمارے لئے | | |

اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ط وَمَا كَانَ لَنَآ

ہے کہ ہم تم جیسے ہی انسان ہیں لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنا فضل کرتا ہے، اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر ہماری مجال

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَ | یہ کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نَّاْتِيَكُمْ | ن نَ x تِ یَ کُ مْ | ہم لے آئیں تمہارے پاس | ء ت ی | |
| | بِسُلْطٰنٍ | بِ سُلْ طَا نِنْ | کوئی دلیل (معجزہ) | س ل ط | سُلطَان (کوئی دلیل)، سُلطَانی گواہ |
| | اِلَّا | اِل لَا | بغیر | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قلیل |
| | بِاِذْنِ | بِ اِذْ نِ | حکم کے | ء ذ ن | اِذنِ رَبّی، بِاِذْنِ اللہ، اِذنِ عام |
| | اللّٰهِ ؕ | ل لَا ہْ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَعَلَى اللّٰهِ | وَ عَ لَل لَا ہِ | اور اللہ ہی پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | فَلْيَتَوَكَّلِ | فَلْ یَ تَ وَ کْ کَ لِ | پس چاہیے کہ توکل کریں | و ك ل | تَوَکُّل کرنا، مُتَوَکِّل عَلَی اللہ |
| | الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪ | لْ مُ x مِ نُوْ نَ | مؤمن | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمن، اِیمان |
| ١٢ | وَمَا لَنَآ | وَ مَا لَ نَا.. | اور کیا (عذر) ہے ہمارے لئے | | |

اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪ وَمَا لَنَآ

نہیں کہ ہم کوئی معجزہ تمہیں لا دکھائیں اور ایمان والوں کو صرف اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے ⑪ آخر کیا وجہ ہے کہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلَّا نَتَوَكَّلَ | اَل لَا نَ تَ وَ کْ کَلَ | یہ کہ نہ ہم بھروسا کریں | و ك ل | تَوَکُّل کرنا، مُتَوَکِّل عَلَی اللہ |
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَل لَا ہِ | اللہ پر؟ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | حالانکہ تحقیق | | |
| | هَدٰىنَا | ہَ دَا نَا | اس نے ہمیں دکھائیں | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادیِ عَالَم، ہَادیِ کَائِنَات |
| | سُبُلَنَا ؕ | سُ بُ لَ نَا | ہماری (ہدایت کی) راہیں | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | وَلَنَصْبِرَنَّ | وَ لَ نَصْ بِ رَنْ نَ | اور یقیناً ہم ضرور صبر کریں گے | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | عَلٰى مَآ | عَ لَا مَا.. | اس پر جو | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعلَان<br>مَاحول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ | آ ذَا یْ تُ مُوْ نَا | تم ہمیں اذیت دیتے ہو | ء ذ ی | اِیذَا دینا، مُوذِی جَانور، مُوذِی اَمرَاض |
| | وَعَلَى اللّٰهِ | وَ عَ لَل لَا ہِ | اور اللہ ہی پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ | | | | |
| | ہم اللہ تعالیٰ پر بھروسہ نہ رکھیں جبکہ اسی نے ہمیں ہماری راہیں سجھائی ہیں، واللہ! جو ایذائیں تم ہمیں دو گے ہم ان پر صبر ہی کریں گے، | | | | |
| | فَلْيَتَوَكَّلِ | فَلْ يَ تَ وَكْ كَ لِ | پس چاہیے کہ بھروسا کریں | و ك ل | توکّل کرنا، مُتوکّل عَلَی اللہ |
| | الْمُتَوَكِّلُوْنَ ع ﴿۱۲﴾ | لْ مُ تَ وَكْ كِ لُوْ نَ | بھروسا کرنے والے | و ك ل | توکّل کرنا، مُتوکّل عَلَی اللہ |
| ۱۳ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہا | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِ يْ نَ | ان لوگوں نے جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | لِرُسُلِهِمْ | لِ رُ سُ لِ هِمْ | اپنے رسولوں سے: | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | لَنُخْرِجَنَّكُمْ | لَ نُ خْ رِ جَنْ نَ كُ مْ | یقیناً ہم تمہیں ضرور نکال دیں گے | خ ر ج | خارِج، اِخراج، خُروج، مَخرَج |
| | مِّنْ | مِنْ | سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القوم |
| | فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ع ﴿۱۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ | | | | |
| | توکل کرنے والوں کو یہی لائق ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی پر توکل کریں ﴿۱۲﴾ کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا کہ ہم تمہیں ملک بدر کردیں گے یا | | | | |
| | اَرْضِنَآ | اَ رْ ضِ نَا.. | اپنی زمین | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ اَرض، اَرضِ مُقدس |
| | اَوْ لَتَعُوْدُنَّ | اَوْ لَ تَ عُوْ دُنْ نَ | یا یقیناً تم ضرور واپس آجاؤ گے | ع و د | عَود کرنا (لوٹنا)، اِعادہ کرنا، عِید |
| | فِيْ مِلَّتِنَا ؕ | فِيْ مِلْ لَ تِ نَا | ہمارے دین میں | م ل ل | مِلّتِ ابراہیم، مِلّتِ اِسلامیہ، قوم ومِلّت |
| | فَاَوْحٰٓى | فَ اَوْ حَا.. | پھر وحی کی | و ح ی | وَحیِ مَتلُو، وَحیِ غیر مَتلُو، وَحی کا آنا |
| | اِلَيْهِمْ | اِ لَا يْ هِمْ | ان کی طرف | | مُرسَل اِلَیہ، مَکتُوب اِلَیہ |
| | رَبُّهُمْ | رَبْ بُ هُمْ | ان کے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |
| | لَنُهْلِكَنَّ | لَ نُ هْ لِ كَنْ نَ | یقیناً ہم ضرور ہلاک کریں گے | ه ل ك | ہَلاک ہونا، مُہلِک، ہَلاکت |
| | الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ لا | ظْ ظَا لِ مِيْ نَ | ظالموں کو | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلوم، ظالمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۝13ۙ

تم پھر سے ہمارے مذہب میں لوٹ آؤ، تو ان کے پروردگار نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ ہم ان ظالموں کو ہی غارت کردیں گے ⑬

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٤ | وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ | وَ لَ نُسْ كِ نَنْ نَ كُ مُ | اور یقیناً ہم تمہیں ضرور آباد کریں گے | س ك ن | سَاکِن، مَسْکَن، مَسَاکِن، سُکُونَت |
| | الْاَرْضَ | لْ اَ رْ ضَ | اس زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرہ ارض، ارضِ مُقدس |
| | مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ | مِمْ بَ عْ دِ هِمْ | ان کے بعد | ب ع د | بَعد از نماز، بَعد از اں، بَعد از ظہر |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ (وعدہ) | | |
| | لِمَنْ | لِ مَنْ | اس شخص کے لئے ہے جو | | |
| | خَافَ | خَا فَ | ڈر گیا | خ و ف | خوف، خَائِف، مَخَافَۃُ اللہ، خوفزدہ |
| | مَقَامِيْ | مَ قَا مِیْ | میرے سامنے کھڑا ہونے سے | ق و م | مَقامِ محمود، مَقامِ نماز، قیام گاہ |
| | وَخَافَ | وَ خَا فَ | اور ڈر گیا | خ و ف | خوف، خَائِف، مَخَافَۃُ اللہ، خوفزدہ |
| | وَعِيْدِ ⑭ | وَ عِیْ دِ | میری وعید سے | و ع د | وَعدہ و وَعید، وَعدہ کرنا |

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ⑭

اور انکے بعد ہم خود تمہیں اس زمین میں بسائیں گے، یہ ہے ان کیلئے جو میرے سامنے کھڑے ہونے کا ڈر رکھیں اور میری وعید سے خوفزدہ رہیں ⑭

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٥ | وَاسْتَفْتَحُوْا | وَسْ تَفْ تَ حُوْ | اور انہوں نے فتح مانگی | ف ت ح | فَتح، فَاتح، مَفتُوح، اِفتتَاح |
| | وَخَابَ | وَ خَا بَ | اور ناکام ہوا | خ و ب | خسارہ اُٹھانے والا، خَائِب و خَاسِر |
| | كُلُّ | كُلْ لُ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالم |
| | جَبَّارٍ | جَبْ بَا رِنْ | سرکش | ج ب ر | جَبّار وقہّار (سَرکَش)، عَبدُ الجَبّار (نام) |
| | عَنِيْدٍ ۝15ۙ | عَ نِیْ دِ | سخت عناد رکھنے والا | ع ن د | بُغض وعَناد رکھنا، مُعَانِدَانہ رَوَیّہ |
| ١٦ | مِّنْ وَّرَاۗىِٕهٖ | مِیْ وْ وَرَا...ءِ ہِیْ | اس کے آگے | و ر ی | مَاوراءُ النّہر، مَاورائے آئین، مَاورائے عدالت |
| | جَهَنَّمُ | جَ هَنْ نَ مُ | جہنم ہے | | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَيُسْقٰى | وَ يُسْ قَا | اور اسے پلایا جائے گا | س ق ی | سَاقی، نمازِ اِستِسقاء، سَاقیِ کوثر |
| | مِنْ مَّآءٍ | مِمْ مَا...ءِ نْ | پانی سے | م و ہ | مَاءِ زَمزم، مَاءِ شِیرِیں، مَاءِ بَارِد |

وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۙ﴿١٥﴾ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ

اور انہوں نے فیصلہ طلب کیا اور تمام سرکش ضدی لوگ نامراد ہوگئے ⑮ اس کے سامنے دوزخ ہے جہاں وہ پیپ کا پانی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | صَدِيْدٍ ۙ﴿١٦﴾ | صَ دِیْ دْ | جو (جہنمیوں کی) پیپ ہے | ص د د | |
| ١٧ | يَّتَجَرَّعُهٗ | یَ تَ جَرْ رَ عُ ہُوْ | وہ اسے گھونٹ گھونٹ پیئے گا | ج ر ع | |
| | وَلَا يَكَادُ | وَلَا یَ کَا دُ | اور نہیں قریب ہوگا | ك ی د | |
| | يُسِيْغُهٗ | یُ سِیْ غُ ہُوْ | کہ وہ اسے حلق سے اتار سکے | س و غ | |
| | وَيَأْتِيْهِ | وَ یَ x تِیْ ہِ | اور اس کو آئے گی | ء ت ی | |
| | الْمَوْتُ | لْ مَا وْ تُ | موت | م و ت | مَوت، اَموات، مَیّت، مَمات |
| | مِنْ كُلِّ | مِنْ کُلْ لِ | ہر سے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | مَكَانٍ | مَ کَا نِیْ اُوْں | جگہ | م ك ن | مَکان، مَکیں، اِمکان، بَاتمکین |

صَدِيْدٍ ۙ﴿١٦﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَأْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ

پلایا جائے گا ⑯ جسے بمشکل گھونٹ گھونٹ پیئے گا، پھر بھی اسے گلے سے اتار نہ سکے گا اور اسے ہر جگہ سے موت آتی دکھائی دے گی لیکن وہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّمَا هُوَ | وَ مَا ہُ وَ | جبکہ وہ نہیں (ہوگا) | | |
| | بِمَيِّتٍ ؕ | بِ مَا ئِیْ یِتْ | مرنے والا | م و ت | مَوت، اَموات، مَیّت، مَمات |
| | وَمِنْ وَّرَآئِهٖ | وَ مِیْ اُوْں وَرَا...ءِ ہِیْ | اور اس (عذاب) سے آگے | و ر ی | مَاوراءُ النّہر، مَاورائے آئین، مَاورائے عدالت |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | (اور) عذاب ہوگا | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عذابِ جہنّم، عذابِ آخرت |
| | غَلِيْظٌ ﴿١٧﴾ | غَ لِیْ ظْ | نہایت سخت | غ ل ظ | غَلِیظ اَشیاء، غَلِیظُ القلب، غَلِیظ خُون |
| ١٨ | مَثَلُ | مَ ثَ لُ | مثال | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تَمثِیل، مِثالیں |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں (کے عملوں) کی جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُ وْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | بِرَبِّهِمْ | بِ رَب بِ ہِمْ | اپنے رب کے ساتھ | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

**وَّهُوَ بِمَيِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ﴿17﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ**

مرنے والا نہیں، پھر اس کے پیچھے بھی سخت عذاب ہے ﴿17﴾ ان لوگوں کی مثال جنہوں نے اپنے پالنے والے سے کفر کیا،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَعْمَالُهُمْ | اَعْ مَا لُ ہُمْ | (یہ ہے کہ) ان کے اعمال | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | كَرَمَادِ | کَ رَ مَا دِ | اس راکھ جیسے ہوں گے | ر م د | |
| | اِشْتَدَّتْ | اِشْ تَد دَ تْ | کہ سخت چلی | ش د د | شِدّت، شِدّتِ غم، تَشدید، مُتشدّد |
| | بِهِ | بِ ہٖ | اس (راکھ) پر | | |
| | الرِّيْحُ | ر رِیْ حُ | ہَوا | ر و ح | رِیاح، رِیح، رِیاحی درد |
| | فِيْ يَوْمٍ | فِیْ یَا وْ مِنْ | دن میں | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | عَاصِفٍ ؕ | عَا صِفْ | آندھی والے | ع ص ف | |
| | لَا يَقْدِرُوْنَ | لَا یَقْ دِ رُ وْ نَ | وہ قدرت نہیں رکھیں گے | ق د ر | قادِرِ مُطلق، قُدرت، مُقدّر، تقدیر |
| | مِمَّا | مِم مَا | ان (اعمال) میں سے جو | | ماحول، مافوقُ الفِطرت، ماجرہ |

**اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ اِشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا**

ان کے اعمال مثل اس راکھ کے ہیں جس پر تیز ہوا آندھی والے دن چلے، جو بھی انہوں نے کیا اس میں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَسَبُوْا | کَ سَ بُوْ | انہوں نے کمائے | ك س ب | کسبِ کثیر، کسبِ حلال، کسبِ فیض |
| | عَلٰى شَيْءٍ ؕ | عَ لَا شَیْ ءِ | کسی چیز پر (بھی) | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | ذٰلِكَ هُوَ | ذَا لِ کَ ہُ وَ | یہی ہے | | |
| | الضَّلٰلُ | ض ضَ لَا لُ | گمراہی | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و گمراہی |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْبَعِيْدُ ﴿١٨﴾ | لْ بَ عِیْ دُ | بہت دُور کی | ب ع د | ماضی بعید، بعید از عقل، بُعد (دوری) |
| ١٩ | اَلَمْ تَرَ | اَ لَمْ تَ رَ | کیا آپ نے نہیں دیکھا | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | اَنَّ اللّٰهَ | اَن نَ ل لا ہَ | کہ بے شک اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کیا | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں | س م و | سماوی کُتب، ارض و سماء |

كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿١٨﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

کسی چیز پر قادر نہ ہوں گے، یہی دور کی گمراہی ہے ⑱ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْ ضَ | اور زمین کو | ء ر ض | ارض و سماء، کُرہ ارض، ارضِ مُقدس |
| | بِالْحَقِّ ؕ | بِلْ حَقْ قِ | حق کے ساتھ؟ | ح ق ق | حق، حقوق، حق بات، حقیقت |
| | اِنْ يَّشَاْ | اِیْ یَ شَ x | اگر وہ چاہے | ش ی ء | ان شاءاللہ، ماشاءاللہ، مشیتِ الٰہی |
| | يُذْهِبْكُمْ | یُ ذْ ہِبْ کُ مْ | تو تمہیں لے جائے | ذ ہ ب | |
| | وَيَاْتِ | وَ یَ x تِ | اور لے آئے | ء ت ی | |
| | بِخَلْقٍ | بِ خَ لْ قِ نْ | مخلوق | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | جَدِيْدٍ ۙ﴿١٩﴾ | جَ دِیْ دْ | ایک نئی | ج د د | جدید (نئی)، کتابِ جدید، جدّت |
| ٢٠ | وَّمَا ذٰلِكَ | وَ مَا ذَا لِ کَ | اور یہ (کام) نہیں ہے | | |

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۙ﴿١٩﴾ وَّمَا ذٰلِكَ

اور زمین کو بہترین تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے، اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کردے اور نئی مخلوق لائے ⑲ اللہ تعالیٰ پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَلْ لا ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | بِعَزِيْزٍ ﴿٢٠﴾ | بِ عَ زِیْ زْ | کچھ بھی مشکل | ع ز ز | العزیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عزیزِ مصر، معزّز، معزّزات |
| ٢١ | وَبَرَزُوْا | وَ بَ رَ زُوْ | اور وہ سامنے (کھڑے) ہوں گے | ب ر ز | بارز ہونا، مُبارزت کرنا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلّٰهِ | لِل لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | جَمِيْعًا | جَ مِیْ عَنْ | سب کے سب | ج م ع | جَمْع، جَمِیْع، اِجماع، مَجْمَع، مجمُوعہ |
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو کہیں گے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | الضُّعَفٰٓؤُا | ض ضُ عَ فَا...ءُ | کمزور لوگ | ض ع ف | ضَعِیف، ضُعفاء، ضَعِیف آدمی |
| | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں سے جو | | |
| | اسْتَكْبَرُوْٓا | سْ تَ کْ بَ رُ وْ.. | (دنیا میں) تکبر کرتے تھے: | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کَبِیر، تَکَبُّر، مُتَکَبِّر |
| | اِنَّا | اِن نَا | بے شک ہم | | |

عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿٢٠﴾ وَ بَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا

یہ کام کچھ بھی مشکل نہیں ﴿٢٠﴾ سب کے سب اللہ تعالیٰ کی سامنے روبرو کھڑے ہوں گے، اس وقت کمزور لوگ بڑائی والوں سے کہیں گے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُنَّا | كُن نَا | (تو) تھے | ك و ن | |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہارے | | |
| | تَبَعًا | تَ بَ عَنْ | تابع | ت ب ع | تابعدار، تابِع فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | فَهَلْ اَنْتُمْ | فَ ہَلْ اَ نْ تُمْ | تو کیا تم | | |
| | مُّغْنُوْنَ عَنَّا | مُ غْ نُوْ نَ عَن نَا | دور کرسکتے ہو ہم سے | غ ن ی | |
| | مِنْ عَذَابِ | مِنْ عَ ذَا بِ | عذاب | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عذابِ جہنّم عذابِ آخرت |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مِنْ شَيْءٍ ط | مِنْ شَا یْ ءِ | کچھ بھی؟ | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ شَئے، اَشیائے خورد ونوش |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |

كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ط قَالُوْا

ہم تو تمہارے تابعدار تھے، تو کیا تم اللہ تعالیٰ کے عذابوں میں سے کچھ عذاب ہم سے دور کرسکنے والے ہو؟ وہ جواب دیں گے کہ اگر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَوْ هَدٰىنَا | لَاْ وْ هَ دَا نَ | اگر ہمیں ہدایت دیتا | ھ د ی | ہَادِیٔ عَالَم، ہَادِی بَرحَق، ہِدَایت |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | لَهَدَيْنٰكُمْ ط | لَ هَ دَا ئِیْ نَا کُ مْ | تو ہم بھی تمہیں ضرور ہدایت کرتے | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عَالَم، ہَادِیٔ کائنات |
| | سَوَآءٌ | سَ وَا...ءُ نْ | برابر ہے | س و ی | تَسوِیَۃُ الصُّفُوف (صفوں کو سیدھا کرنا) مُسَاوات، مُسَاوِی |
| | عَلَيْنَآ | عَ لَا ئِیْ نَا.. | ہم پر | | عَلٰی وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الْاِعْلَان |
| | اَجَزِعْنَآ | اَ جَ زِ عْ نَا.. | کہ ہم روئیں پیٹیں | ج ز ع | جَزع وفَزَع کرنا (رونا پیٹنا) |
| | اَمْ صَبَرْنَا | اَ مْ صَ بَ رْ نَا | یا ہم صبر کریں | ص ب ر | صَبر، صَابر، صُبُور، صَابرین |
| | مَا لَنَا | مَا لَ نَا | نہیں ہے ہمارے لئے | | |

لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ط سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا

اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت دیتا تو ہم بھی ضروری تمہاری رہنمائی کرتے، اب تو ہم پر بے قراری کرنا اور صبر کرنا دونوں ہی برابر ہے ہمارے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْ مَّحِيْصٍ ۲۱ ع | مِ مْ مَ حِیْ صْ | کوئی بھاگنے کی جگہ | م ح ص | |
| ۲۲ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہے گا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | الشَّيْطٰنُ | ش شَا ئِیْ طَا نُ | شیطان | ش ط ن | شَیطَانی خیال، شَیطَانی وَسوَسے |
| | لَمَّا قُضِيَ | لَمْ مَا قُ ضِ یَ | جب فیصلہ کر دیا جائے گا | ق ض ی | قَضا وقَدر، قَاضِیُ القُضَاۃ، قَاضی |
| | الْاَمْرُ | لْ اَ مْ رُ | معاملے کا: | ء م ر | اَمر، اُمُور، آمِر، امر بِالمَعرُوف |
| | اِنَّ | اِ نْ نَ | بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَعَدَكُمْ | وَ عَ دَ کُ مْ | تم سے وعدہ کیا تھا | و ع د | وَعدہ وفَائی، وَعدہ ووَعِید، وَعدہ کرنا |
| | وَعْدَ | وَ عْ دَ | وعدہ | و ع د | وَعدہ وفَائی، وَعدہ ووَعِید، وَعدہ کرنا |
| | الْحَقِّ | لْ حَ قْ قِ | سچا | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿٢١﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ

کوئی چھٹکارا نہیں ﴿٢١﴾ جب اور کام کا فیصلہ کردیا جائے گا تو شیطان کہے گا کہ اللہ تعالیٰ نے تو تمہیں سچا وعدہ دیا تھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَوَعَدْتُّكُمْ | وَوَعَت تُ کُ مْ | اور میں نے (بھی) تم سے وعدہ کیا تھا | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَعِید، وَعدہ کرنا |
| | فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ | فَ اَخْلَفْ تُ کُ مْ | تو میں نے تم سے خلاف ورزی کی | خ ل ف | خِلاف، مُخالَفت، مُخالِف، اِختِلاف |
| | وَمَا كَانَ | وَمَا کَ انَ | اور نہیں تھا | ك و ن | |
| | لِيَ | لِ یَ | میرے لئے | | |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَائْ کُ مْ | تم پر | | |
| | مِّنْ سُلْطٰنٍ | مِنْ سُلْ طَانِنْ | کوئی غلبہ | س ل ط | سَلْطَنَتِ اِسلَامِیہ، تَسَلُّط قائم کرنا |
| | اِلَّآ | اِل لَا.. | سوائے | | اِلَّا مَا شَاءَ اللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |
| | اَنْ | اَنْ | اس کے کہ | | |
| | دَعَوْتُكُمْ | دَعَاوْ تُ کُ مْ | میں نے تمہیں بلایا | د ع و | دُعا، دَعوَت، اَدعِیہ، دَاعی اِلَی اللہ |

وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ

اور میں نے تم سے جو وعدے کئے تھے ان کا خلاف کیا، میرا تم پر کوئی دباؤ تو تھا ہی نہیں، ہاں! میں نے تمہیں پکارا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاسْتَجَبْتُمْ | فَسْ تَ جَبْ تُ مْ | اور تم نے فوراً مان لی | ج و ب | اِیجَاب وقبُول، مُجِیبُ الدَّعوات، مُستَجَابُ الدَّعوات، اِجَابتِ دُعا |
| | لِيْ ۚ | لِیْ | میری بات | | |
| | فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ | فَ لَا تَ لُوْمُوْنِیْ | اب تم مجھے ملامت نہ کرو | ل و م | مَلَامَت زَدہ، مَلَامَت کرنا |
| | وَلُوْمُوْٓا | وَلُوْمُوْ.. | اور تم ملامت کرو | ل و م | مَلَامَت زَدہ، مَلَامَت کرنا |
| | اَنْفُسَكُمْ ؕ | اَنْ فُ سَ کُ مْ | اپنے آپ کو | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتَنَفَّس |
| | مَآ اَنَا | مَا.. اَ نَا | میں نہیں (ہوں) | | |
| | بِمُصْرِخِكُمْ | بِ مُ صْ رِخِ کُ مْ | تمہاری فریاد سننے والا | ص ر خ | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَآ اَنْتُمْ | وَ مَا.. اَنْ تُمْ | اور نہ تم ہی ہو | | |

فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ

اور تم نے میری مان لی، پس تم مجھے الزام نہ لگاؤ، بلکہ خود اپنے آپ کو ملامت کرو، نہ میں تمہارا فریاد رس اور نہ تم میری فریاد کو پہنچنے والے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِمُصْرِخِيَّ ۭ | بِ مُ صْ رِ خِیْ یَ | میری فریاد سننے والے | ص ر خ | |
| | اِنِّيْ | اِن نِیْ | بلاشبہ میں | | |
| | كَفَرْتُ | کَ فَ رْ تُ | انکار کرتا ہوں | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | بِمَآ | بِ مَا.. | اس کا جو | | مَا حَول، مَا فوقَ الفِطرت، مَا جرَہ |
| | اَشْرَكْتُمُوْنِ | اَشْ رَ کْ تُ مُوْ نِ | تم مجھے (اللہ کا) شریک ٹھہراتے تھے | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکین، شُرَکَاء |
| | مِنْ قَبْلُ ۭ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | الظّٰلِمِيْنَ | ظ ظَا لِ مِیْ نَ | ظالم لوگ | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمِین |
| | لَهُمْ | لَ هُمْ | انہی کے لئے | | |
| | عَذَابٌ | عَ ذَا بُنْ | عذاب ہے | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم، عذابِ آخرت |

بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ

میں تو سرے سے مانتا ہی نہیں کہ تم مجھے اس سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شریک مانتے رہے، یقیناً ظالموں کے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلِيْمٌ ﴿٢٢﴾ | اَ لِیْ مٌ | بہت دردناک | ء ل م | اَلمناک حادِثہ، رَنج و اَلَم |
| ٢٣ | وَاُدْخِلَ | وَ اُ دْ خِ لَ | اور داخل کئے جائیں گے | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ دَاخِلہ |
| | الَّذِيْنَ | ا ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن و اَمَان، مُؤمن، اِیمان |
| | وَعَمِلُوْا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |
| | جَنّٰتٍ | جَن نَا تِن | ایسے باغات میں کہ | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | تَجْرِیْ | تَ جْ رِ یْ | بہتی ہے | ج ر ی | جاری وساری، اِجراء، جِریان |
| | مِنْ تَحْتِهَا | مِنْ تَ حْ تِ ہَ | ان کے نیچے | ت ح ت | تحتَ الشُّعور، ماتحت، تحتَ الارض |

اَلِیْمٌ ﴿۲۲﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا

دردناک عذاب ہے ﴿۲۲﴾ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے وہ ان جنتوں میں داخل کئے جائیں گے جن کے نیچے چشمے جاری ہیں جہاں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَنْهٰرُ | لْ اَنْ ہَا رُ | نہریں | ن ھ ر | نہر، اَنہار، نہرِ جاری، نہرِ زُبیدہ |
| | خٰلِدِیْنَ | خَا لِ دِیْ نَ | وہ ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلدِ بریں، خُلود (ہیشگی)، خالدہ (نام) |
| | فِیْهَا | فِیْ ہَا | ان میں | | |
| | بِاِذْنِ | بِ اِذْ نِ | حکم سے | ء ذ ن | اِذنِ ربّی، بِاِذنِ اللہ، اِذنِ عام |
| | رَبِّهِمْ ط | رَب بِ ہِمْ | اپنے رب کے | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین، ربِّ کعبہ، ربِّ محمد ﷺ |
| | تَحِیَّتُهُمْ | تَ حِیْ یَ تُ ہُمْ | ان کی (ملاقات کی) دعا ہوگی | ح ی ی | تحیّۃُ المسجد، تحیّۃُ الوضو |
| | فِیْهَا | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ | سَ لَا مْ | سلام | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مسلمان، سلامتی |
| ۲۴ | اَلَمْ تَرَ | اَ لَمْ تَ رَ | کیا آپ نے دیکھا نہیں | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیرمرئی |
| | كَيْفَ | كَا ئِ فَ | (کہ) کس طرح | ك ی ف | کیفیّت، بہرکیف، کیف حالک |

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ط تَحِیَّتُهُمْ فِیْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ

انہیں ہیشگی ہوگی اپنے رب کے حکم سے، جہاں ان کا خیرمقدم سلام سے ہوگا ﴿۲۳﴾ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ضَرَبَ | ضَ رَ بَ | بیان کی | ض ر ب | ضربُ المثل، ضارب |
| | اللّٰهُ | لْ لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَثَلًا | مَ ثَ لَ نْ | ایک مثال | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثالیں |
| | كَلِمَةً | كَ لِ مَ تَنْ | (یعنی) کلمہ | ك ل م | کَلِمہ طَیِّبہ، کَلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |
| | طَيِّبَةً | طَ ىْ يِ بَ تَنْ | طیبہ (پاک) کی؟ | ط ی ب | طَیِّب اَشیاء، کلمہ طَیِّبہ، مَدینہ طَیِّبہ |
| | كَشَجَرَةٍ | كَ شَ جَ رَ تِنْ | (کہ وہ) ایک مانند درخت (کھجور) | ش ج ر | شَجَرۂ نَسَب، شَجَرۂ طَیِّبہ، شَجَرۂ مَمنُوعہ |
| | طَيِّبَةٍ | طَ ىْ يِ بَ تِنْ | ایک پاکیزہ | ط ی ب | طَیِّب اَشیاء، کلمہ طَیِّبہ، مَدینہ طَیِّبہ |
| | اَصْلُهَا | اَ صْ لُ هَا | اُس کی جڑ | ء ص ل | اَصل، اَصُول، اَصلِیَّت، اَصلی |
| | ثَابِتٌ | ثَا بِ تُنْ | مضبوط ہے | ث ب ت | ثابِت قَدَم، مُثبَت قَدَم، ثُبُوت |
| | وَّ فَرْعُهَا | وَ فَ رْ عُ هَا | اور اس کی شاخیں | ف ر ع | فَرُوعی اِختلافات، فَرُوعی مَسائل |

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا

اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ بات کی مثال کس طرح بیان فرمائی، مثل ایک پاکیزہ درخت کے جس کی جڑ مضبوط ہے اور جس کی ٹہنیاں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي السَّمَآءِ ۙ (۲۴) | فِ سْ سَ مَا...ءِ | آسمان میں ہیں | س م و | سَماوی کُتُب، اَرض و سَماء |
| ۲۵ | تُؤْتِيْٓ | تُ x تِیْ.. | وہ (درخت) لاتا ہے | ء ت ی | |
| | اُكُلَهَا | اُ كُ لَ هَا | اپنا پھل | ء ك ل | اَکلِ حلال، اَکل و شُرب |
| | كُلَّ | كُلْ لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | حِيْنٍۭ | حِ یْ نِ مْ | وقت | | |
| | بِاِذْنِ | بِ اِ ذْ نِ | حکم سے | ء ذ ن | اِذنِ رَبِّی، بِاِذنِ اللہ، اِذنِ عام |
| | رَبِّهَا ؕ | رَبْ بِ هَا | اپنے رب کے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | وَيَضْرِبُ | وَ يَ ضْ رِ بُ | اور بیان فرماتا ہے | ض ر ب | ضَربُ المَثَل، ضارِب، مِضراب |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | الْاَمْثَالَ | لْ اَمْ ثَا لَ | مثالیں | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثالیں |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **فِي السَّمَآءِ ﴿٢٤﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ** | | | | |
| | آسمان میں ہیں ﴿٢٤﴾ جو اپنے پروردگار کے حکم سے ہر وقت اپنے پھل لاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ لوگوں کے سامنے مثالیں بیان فرماتا ہے | | | | |
| | لِلنَّاسِ | لِن نا سِ | لوگوں کے لئے | ن و س | خَیرُالنّاس، عامّۃُالنّاس، عوامُ النّاس |
| | لَعَلَّهُمْ | لَ عَل لَ هُمْ | تا کہ وہ | | |
| | يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٥﴾ | یَ تَ ذَ کْ کَ رُوْ نَ | نصیحت حاصل کریں | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکِر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |
| ٢٦ | وَمَثَلُ | وَ مَ ثَ لُ | اور مثال | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تمثِیل، مِثالیں |
| | كَلِمَةٍ | کَ لِ مَ تِنْ | کلمے (کفر وشرک) کی | ك ل م | کَلِمہ طَیِّبہ، کلامُ اللہ، کَلیمُ اللہ |
| | خَبِيْثَةٍ | خَ بِیْ ثَ تِنْ | خبیث | خ ب ث | خَبیث آدمی، خَبیث اَشیاء، خَباثَت |
| | كَشَجَرَةٍ | کَ شَ جَ رَ تِنْ | ایک درخت کی طرح ہے | ش ج ر | شَجَرۂ نَسَب، شَجَرۂ طَیِّبَہ، شَجَرۂ مَمنُوعَہ |
| | خَبِيْثَةِ | خَ بِیْ ثَ ةِ | ناپاک | خ ب ث | خَبیث آدمی، خَبیث اَشیاء، خَباثَت |
| | **لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٥﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ** | | | | |
| | تا کہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿٢٥﴾ اور ناپاک بات کی مثال گندے درخت جیسی ہے جو زمین کے کچھ ہی اوپر سے | | | | |
| | اِجْتُثَّتْ | اِ جْ تُ ثْ ثَتْ | جو اکھیڑ دیا گیا ہو | ج ث ث | |
| | مِنْ فَوْقِ | مِنْ فَ وْ قِ | اوپر ہی سے | ف و ق | فَوقُ الارض، فَوقَ السَّماء، فَوقِیَّت |
| | الْاَرْضِ | لْ اَ رْ ضِ | زمین کے | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | مَا لَهَا | مَا لَ هَا | اس کے لئے نہیں ہے | | |
| | مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ | مِنْ قَ رَا ر | کوئی قرار | ق ر ر | اِستقرارِ حَمل، قَرار گاہ، مُستَقِر |
| ٢٧ | يُثَبِّتُ | یُ ثَ بْ بِ تُ | ثابت قدم رکھتا ہے | ث ب ت | ثابِت قَدَم، مُثبَت قَدَم، ثُبُوت |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں کو جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، اِیمان |

**اِجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا**

اکھاڑ لیا گیا، اسے کچھ ثبات تو ہے نہیں ﴿٢٦﴾ ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ پکی بات کے ساتھ مضبوط رکھتا ہے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْقَوْلِ | بِ لْ قَا وْلِ | بات کے ساتھ | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | الثَّابِتِ | ث ثَا بِ تِ | پختہ (کلمۂ توحید) | ث ب ت | ثابت قدم، مُثبت قدم، ثُبوت |
| | فِي الْحَيٰوةِ | فِلْ حَ يَا تِ | زندگی میں | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیاتِ طیبہ |
| | الدُّنْيَا | دُ دُنْ يَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زندگی |
| | وَفِي الْاٰخِرَةِ ج | وَ فِلْ آ خِ رَهْ | اور آخرت میں (بھی) | ء خ ر | آخرت کا دن، اُخروی کامیابی آخرت کا سفر |
| | وَيُضِلُّ | وَ يُ ضِلْ لُ | اور گُمراہ کرتا ہے | ض ل ل | ضَلالت (گُمراہی)، ضَلالت وگُمراہی |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | الظّٰلِمِيْنَ قف | ظ ظَا لِ مِیْ نَ | ظالموں کو | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلوم، ظالمین |

**بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ج وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ قف**

دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی، ہاں! ناانصاف لوگوں (ظالموں) کو اللہ تعالیٰ بہکا دیتا ہے اور اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَيَفْعَلُ | وَ يَفْ عَ لُ | اور کرتا ہے | ف ع ل | فِعل، فاعِل، مَفعُول، اَفعال |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | مَا يَشَآءُ ع ﴿٢٧﴾ | مَا یَ شَا...ء | جو چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، ماشاءَاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |
| ٢٨ | اَلَمْ تَرَ | اَ لَمْ تَ رَ | کیا آپ نے دیکھا نہیں | ر ء ی | رِیا، رُویا، رُویتِ ہِلال، غیر مَرئی |
| | اِلَى الَّذِيْنَ | اِ لَلْ لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کو جنھوں نے | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | بَدَّلُوْا | بَد دَ لُوْ | بدل ڈالا | ب د ل | تغیُّر وتبدُّل، تبدیلی، مُتبادِل |
| | نِعْمَتَ | نِ عْ مَ تَ | نعمت (ایمان) کو | ن ع م | نعمت، نِعمتیں، اِنعام، مُنعِم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | كُفْرًا | کُفْ رَا ؤں | ناشکری کی | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّار، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| | وَّ اَحَلُّوْا | وَ اَ حَل لُو | اور انہوں نے جا اتارا | ح ل ل | حِلّت وحُرمت، مَحَل، مَحِلِ وُقوع |

وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ﴿٢٧﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّ اَحَلُّوْا

جو چاہے کر گزرے ﴿٢٧﴾ کیا آپ نے انکی طرف نظر نہیں ڈالی جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی نعمت کے بدلے ناشکری کی اور اپنی قوم کو ہلاکت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَوْمَهُمْ | قَا ؤ مَ ہُمْ | اپنی قوم کو | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | دَارَ | دَا رَ | گھر میں؟ | د و ر | دارِ ارقم، دِیار، دارِ فانی، دِیارِ غیر |
| | الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ | لْ بَ وَا ر | ہلاکت کے | ب و ر | |
| ٢٩ | جَهَنَّمَ ج | جَ ہَن نَ مَ | (یعنی) جہنم (میں) | ج ہ م | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | يَّصْلَوْنَهَا ط | یَصْ لَا ؤ نَ ہَا | وہ اس میں داخل ہوں گے | و ص ل | وَاصِلِ جَہَنَّم ہونا، مَوصُول، وُصُول |
| | وَبِئْسَ | وَ بِ x سَ | اور وہ بُرا | ب ء س | |
| | الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ | لْ قَ رَا ر | ٹھکانا ہے | ق ر ر | اِستقرارِ حمل، قرار گاہ، مُستَقِر |
| ٣٠ | وَجَعَلُوْا | وَ جَ عَ لُو | اور انہوں نے بنائے | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ، جعلی مُقابلہ، جعلی کاغذات |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا هِ | اللہ کے لئے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | اَنْدَادًا | اَنْ دَا دَ | کئی شریک | ن د د | نِدٌّ (شریک) |

قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿٢٨﴾ جَهَنَّمَ ج يَصْلَوْنَهَا ط وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٢٩﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا

کے گھر میں لا اتارا ﴿٢٨﴾ یعنی دوزخ میں جس میں یہ سب جائیں گے، جو بدترین ٹھکانہ ہے ﴿٢٩﴾ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے ہمسر بنا لئے کہ لوگوں کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّيُضِلُّوْا | ل لِ يُ ضِل لُو | تا کہ وہ گمراہ کریں (لوگوں کو) | ض ل ل | ضَلالت (گمراہی)، ضَلالت و نُقصان |
| | عَنْ سَبِيْلِهٖ ط | عَنْ سَ بِيْ لِ ہٖ | اس کے راستے سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَمَتَّعُوْا | تَ مَت تَ عُوْ | تم فائدہ اُٹھاؤ (دنیا میں) | م ت ع | مَتاعِ کارواں، مَتاعِ عَزیز تَمتُّع (فائدہ اٹھانا)، حجِ تمتّع |
| | فَاِنَّ | فَ اِن نَ | پھر بلاشبہ | | |
| | مَصِيْرَكُمْ | مَ صِیْ رَ کُ مْ | تمہاری واپسی | ص ی ر | |
| | اِلَى | اِ لَ | طرف ہے | | |
| | النَّارِ ۝٣٠ | ن نا ر | آگ کی | ن و ر | نارِ نَمرود، نارِ جَہنم، نارِ سَموم |
| ٣١ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | لِّعِبَادِيَ | لِ عِ بَا دِ یَ | میرے ان بندوں کو | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، عِبادُاللہ |

لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ۝٣٠ قُلْ لِّعِبَادِيَ

اللہ تعالیٰ کی راہ سے بہکائیں، آپ (ﷺ) کہہ دیجئے کہ خیر مزے کرلو تمہاری بازگشت تو آخر جہنم ہی ہے ۝٣٠ میرے ایمان والے بندوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | ل لَ ذِی نَ آ مَ نُوْ | جو ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، اِیمان |
| | يُقِيْمُوْا | یُ قِیْ مُ | کہ وہ قائم کریں | ق و م | قِیام، قائم، مُقیم، اِقامَتِ صَلوٰۃ |
| | الصَّلٰوةَ | ص صَ لَا ۃَ | نماز | ص ل و | صَلوٰۃِ ظُہر، صَلوٰۃِ عید، صَلوٰۃِ جُمعہ |
| | وَيُنْفِقُوْا | وَ یُنْ فِ قُوْ | اور خرچ کریں | ن ف ق | اِنفاق فِی سَبیلِ اللہ، نان ونفقہ |
| | مِمَّا | مِم مَا | اس میں سے جو | | مَاحول، مَافوقُ الفطرت، مَاجرہ |
| | رَزَقْنٰهُمْ | رَ زَ قْ نَا هُمْ | ہم نے انہیں رزق دیا | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزّاق، مَرزُوق |
| | سِرًّا | سِر رَا ؤں | چھپا کر | س ر ر | سِرّی نماز، پُراَسرار، اَسرار ورُموز |
| | وَّعَلَانِيَةً | وَ عَ لَا نِ یَ تَ | اور ظاہر | ع ل ن | عَلَی الاَعلان، عَلانیہ طور پر |
| | مِّنْ قَبْلِ | م مِنْ قَبْ لِ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ

سے کہہ دیجئے کہ نمازوں کو قائم رکھیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دے رکھا ہے اس میں سے کچھ نہ کچھ پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے رہیں اس سے پہلے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ يَّاْتِيَ | آ ئِیْں یَ x تِ یَ | کہ آئے | ء ت ی | |
| | يَوْمٌ | یَا ؤُ مُ | ایسا دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | لَّا بَيْعٌ | ل لَا بَا ئِ عُنْ | کہ نہ کوئی خرید و فروخت ہوگی | ب ی ع | بَیع و شرا، زمین کی بَیع، بَیعانہ |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الحال، فِی الفور، فِی الوقت |
| | وَلَا خِلٰلٌ ﴿٣١﴾ | وَلَا خِ لَا ل | اور نہ کوئی دوستی (ہی کام آئے گی) | خ ل ل | اِبراہیم خَلیلُ اللہ، خَلیل احمد (نام) |
| ٣٢ | اَللّٰهُ | اَل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِ یْ | وہ ذات ہے جس نے | | |
| | خَلَقَ | خَ لَ قَ | پیدا کئے | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلوق، خلقت |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمان | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَ رْ ضَ | اور زمین | ء ر ض | اَرض و سَماء، کُرۂ اَرض، اَرضِ مُقدس |

اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿٣١﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی نہ دوستی اور محبت ﴿٣١﴾ اللہ تعالیٰ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور آسمانوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَنْزَلَ | وَ اَنْ زَ لَ | اور اس نے نازل کیا | ن ز ل | نازِل، اِنزال، قُنوتِ نازِلہ |
| | مِنَ السَّمَآءِ | مِ نَس سَ مَا ... ءِ | آسمان سے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض و سَماء |
| | مَآءً | مَا ... ءَنْ | پانی | م و ہ | مَاءِ زمزم، مَاءِ شیریں، مَاءِ بارِد |
| | فَاَخْرَجَ | فَ اَ خْ رَ جَ | پھر اس نے نکالے (پیدا کئے) | خ ر ج | خارِج، اِخراج، خُروج، مَخرَج |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس (پانی) کے ذریعے سے | | |
| | مِنَ الثَّمَرٰتِ | مِ نَث ثَ مَ رَا تِ | پھل | ث م ر | ثمر بار، مُثمِر، ثَمرہ، شربتِ ثمر |
| | رِزْقًا | رِ زْ قَ | بطورِ رزق | ر ز ق | رِزق، رازِق، رزّاق |
| | لَّكُمْ ج | ل لَ کُ مْ | تمہارے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَسَخَّرَ | وَ سَ خْ خَ رَ | اور اس نے تابع کر دیا | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسَخَّر کرنا |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْفُلْكَ | لْ فُ لْ كَ | کشتیوں کو | ف ل ك | فُلک (کشتی) |

وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ

سے بارش برسا کر اس کے ذریعے سے تمہاری روزی کے لئے پھل نکالے ہیں اور کشتیوں کو تمہارے بس میں کر دیا ہے کہ دریاؤں میں اس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِتَجْرِيَ | لِ تَ جْ رِ يَ | تاکہ وہ چلیں | ج ر ی | جاری وساری، اجراء، جریان |
| | فِي الْبَحْرِ | فِلْ بَ حْ رِ | سمندر میں | ب ح ر | بحرِ ہند، بحیرہ عرب، بحرِ اوقیانوس |
| | بِاَمْرِهٖ ۚ | بِ اَمْ رِهٖ | اس (اللہ) کے حکم سے | ء م ر | امر، اُمور، آمر، امر بالمعروف |
| | وَسَخَّرَ | وَ سَ خْ خَ رَ | اور اس نے تابع کر دیا | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسَخَّر کرنا |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْاَنْهٰرَ ۚ ﴿٣٢﴾ | لْ اَنْ ہَا رَ | دریاؤں کو | ن ھ ر | نہر، انہار، نہر جاری، نہرِ زبیدہ |
| ٣٣ | وَسَخَّرَ | وَ سَ خْ خَ رَ | اور اُس نے تابع کر دیا | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسَخَّر کرنا |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الشَّمْسَ | شْ شَمْ سَ | سورج | ش م س | شمس وقمر، شمسی سال، شمسی توانائی |
| | وَالْقَمَرَ | وَلْ قَ مَ رَ | اور چاند کو | ق م ر | شمس وقمر، چودھویں رات کا قمر، قمری مہینہ، اَقمار (قمر کی جمع) |

لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿٣٢﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

کے حکم سے چلیں پھریں، اسی نے ندیاں اور نہریں تمہارے اختیار میں کر دی ہیں ﴿٣٢﴾ اسی نے تمہارے لئے سورج چاند کو مسخر کر دیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | دَآئِبَيْنِ ۚ | دَا ... ءِ بَ یْ نِ | اس حال میں کہ وہ دونوں برابر چل رہے ہیں | د ء ب | |
| | وَسَخَّرَ | وَ سَ خْ خَ رَ | اور اُس نے تابع کر دیا | س خ ر | تسخیرِ کائنات، مُسَخَّر کرنا |
| | لَكُمُ | لَ كُ مُ | تمہارے لئے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّيْلَ | ل لَا ئِ لَ | رات | ل ی ل | لَیل ونہار، لَیلۃُ القدر، قِیامُ اللَّیل |
| | وَالنَّهَارَ ؕ ۳۳ | وَن نَ ہَا رَ | اور دن کو | ن ھ ر | لَیل ونہار، نہار مُنہ، نَہاری |
| ۳۴ | وَاٰتٰىكُمْ | وَ آ تَا کُ مْ | اور اس نے تمہیں دی | ء ت ی | |
| | مِّنْ كُلِّ مَا | مِنْ کُل لِ مَا | ہر وہ چیز کہ | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | سَاَلْتُمُوْهُ ؕ | سَ اَلْ تُ مُوْ ہُ | تم نے اس کا سوال کیا | س ء ل | سُوال، مَسئلہ، مَسئُول، سائِل |
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | اِن شاءَ الله |

دَآىِٕبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ ۳۳ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ

ہے کہ برابر ہی چل رہے ہیں، اور رات دن کو بھی تمہارے کام میں لگا رکھا ہے ۳۳ اسی نے تمہیں تمہاری منہ مانگی کل چیزوں میں سے دے رکھا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَعُدُّوْا | تَ عُ دْ دُوْ | تم شمار کرو | ع د د | عدد، اَعداد، مَعدُود، اَعداد وشُمار |
| | نِعْمَتَ | نِ عْ مَ تَ | نعمتیں | ن ع م | نِعمت، اِنعام، نِعمَ البَدَل |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالمین |
| | لَا تُحْصُوْهَا ؕ | لَا تُ حْ صُوْ ہَا | تو تم انہیں گن نہ سکو گے | ح ص ی | |
| | اِنَّ الْاِنْسَانَ | اِن نَ لْ اِنْ سَا نَ | بے شک انسان | ء ن س | اِنسانی حُلیہ، خُوبصورت اِنسان |
| | لَظَلُوْمٌ | لَ ظَ لُوْ مُنْ | یقیناً بہت بڑا ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلُوم، ظالمین |
| | كَفَّارٌ ۳۴ | کَف فَا رٌ | نہایت ناشکرا ہے | ك ف ر | کُفّار (ناشکرا)، تکفیر، کُفرانِ نعمت |
| ۳۵ | وَاِذْ | وَ اِذْ | اور (یاد کرو) جب | | |
| | قَالَ | قَا لَ | کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |

تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۳۴ وَاِذْ قَالَ

ہے، اگر تم اللہ تعالیٰ کے احسان گننا چاہو تو انہیں پورے گن بھی نہیں سکتے، یقیناً انسان بڑا ہی بے انصاف اور ناشکرا ہے ۳۴ (ابراہیم علیہ السلام) کی یہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِبْرٰهِيْمُ | اِبْ رَا ہِیْ مُ | ابراہیم نے | | حضرت ابراہیم علیہ السلام (نبی کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّ | رَ ب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | اجْعَلْ | جْ عَ لْ | تو بنا دے | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |
| | هٰذَا الْبَلَدَ | ہَا ذَ لْ بَ لَ دَ | اس شہر (مکہ) کو | ب ل د | بَلَد، بِلاد، بَلدِیہ، بَلدِ مدینہ |
| | اٰمِنًا | آمِ نَا ؤں | امن والا | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | وَّاجْنُبْنِيْ | وَجْ نُبْ نِیْ | اور دُور رکھ مجھے | ج ن ب | اِجتِناب، ایک جانب ہونا |
| | وَبَنِيَّ | وَ بَ نِیْ یَ | اور میری اولاد کو | ب ن ی | بَنی اِسرائیل، بَنی اِسماعیل، بَنی آدم |
| | اَنْ | اَنْ | اس بات سے کہ | | |
| | نَّعْبُدَ | نَ عْ بُ دَ | ہم عبادت کریں | ع ب د | عَبد، عِبادَت، عابِد، مَعبُود |
| | الْاَصْنَامَ ﴿٣٥﴾ | لْ اَ صْ نَا م | بُتوں کی | ص ن م | صَنَم، اَصنام، صَنَم کدہ |

اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿٣٥﴾

دعا بھی یاد کرو) جب انہوں نے کہا کہ اے میرے پروردگار! اس شہر کو امن والا بنا دے، اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے پناہ دے ﴿٣٥﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٦ | رَبِّ | رَ ب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |
| | اِنَّهُنَّ | اِنْ نَ ہُنْ نَ | بلاشبہ انہوں (بُتوں) نے | | |
| | اَضْلَلْنَ | اَ ضْ لَلْ نَ | گمراہ کئے ہیں | ض ل ل | ضَلالَت (گمراہی)، ضَلالَت وگُمراہی |
| | كَثِيْرًا | کَ ثِیْ رَ | بہت سے | ك ث ر | خیرِ کثیر، کَثرت، اَکثر، کَثیر لوگ |
| | مِّنَ النَّاسِ ج | مِ مِنَ نْ نَا س | لوگ | ن و س | خَیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | فَمَنْ | فَ مَنْ | پھر جس شخص نے | | |
| | تَبِعَنِيْ | تَ بِ عَ نِیْ | میری پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابع فرماں، اِتباعِ سُنّت |
| | فَاِنَّهٗ | فَ اِنْ نَ ہُوْ | تو بے شک وہ | | |
| | مِنِّيْ ج | مِنْ نِیْ | مجھ سے ہے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور جس نے | | |
| | عَصَانِيْ | عَ صَا نِيْ | میری نافرمانی کی | ع ص ی | عاصی آدمی، عِصیان (نافرمانی) |

رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ

اے میرے پالنے والے معبود! انہوں نے بہت سے لوگوں کو راہ سے بھٹکا دیا ہے، پس میری تابعداری کرنے والا میرا ہے اور جو میری نافرمانی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاِنَّكَ | فَ اِنْ نَ كَ | تو بے شک تو | | |
| | غَفُوْرٌ | غَ فُوْ رُ | بہت زیادہ بخشنے والا | غ ف ر | غفّار، عبدُالغفور، غافر، اِستغفار |
| | رَّحِيْمٌ ٣٦ | رَرَ حِیْ م | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رحم، رحمت، رحیم، رحم وکرم |
| ٣٧ | رَبَّنَآ | رَب بَ نَا.. | اے ہمارے رب! | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین ربِّ کعبہ، ربِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | اِنِّيْٓ | اِن نِيْ.. | بے شک میں نے | | |
| | اَسْكَنْتُ | اَس كَنْ تُ | بسائی ہے | س ک ن | ساکن، مَسکن، مَساکن، سُکونت |
| | مِنْ ذُرِّيَّتِيْ | مِنْ ذُ رِ رِیْ یَ تِيْ | اپنی کچھ اولاد | ذ ر ر | ذُریّتِ آدم علیہ السلام، ذُریّتِ اِبلیس |
| | بِوَادٍ | بِ وَا دِنْ | ایک ایسی وادی میں | و د ی | وادیٔ طیبہ، وادیٔ مُقدّس |
| | غَيْرِ | غَا ئِيْ رِ | جو نہیں ہے | غ ی ر | غیر آدمی، غیرُاللہ، اِسکے بغیر |
| | ذِيْ زَرْعٍ | ذِيْ زَرْ عِنْ | کھیتی والی | ز ر ع | زراعت، زرعی آلات، مزارِع |
| | عِنْدَ | عِنْ دَ | نزدیک | ع ن د | عنداللہ ماجور ہوں، عندالطّلب |

فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ٣٦ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ

کرے تو تو بہت ہی معاف اور کرم کرنے والا ہے ٣٦ اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی کچھ اولاد اس بے کھیتی کی وادی میں تیرے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَيْتِكَ | بَا ئِيْ تِ كَ | تیرے گھر (کعبے) کے | ب ی ت | بیتُ المعمور، بیتِ ارقم، بیتُ اللہ |
| | الْمُحَرَّمِ ۙ | اَلْ مُ حَرْ رَ مِ | حرمت والے | ح ر م | حلال وحرام، حلّت وحُرمت |
| | رَبَّنَا | رَب بَ نَا | اے ہمارے رب! | ر ب ب | ارباب، مُربّی، ربُّ العالمین ربِّ کعبہ، ربِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِيُقِيْمُوا | لِ يُ قِیْ مُ | تا کہ وہ قائم کریں | ق و م | قائم، قِیامت، اِقامت گاہ، مُقیم |
| | الصَّلٰوةَ | ص صَ لَا ۃَ | نماز | ص ل و | صَلوٰۃِ ظُہر، صلوٰۃِ عید، صلوٰۃِ جُمعہ |
| | فَاجْعَلْ | فَ جْ عَ لْ | لہٰذا تو کردے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | اَفْـِٕدَةً | اَف ءِ دَ تَ | دل | ف ء د | مُحمّد فُؤاد (نام)، فُؤاد عبدُالباقی (مصنف) |
| | مِّنَ النَّاسِ | م مِن ن نا سِ | لوگوں کے | ن و س | خیرُالنّاس، عامّۃُالنّاس، عوامُ النّاس |
| | تَهْوِيْٓ | تَ ہْ وِیْ.. | کہ مائل ہوں | ھ و ی | ہوائے نفس، ہوا و ہوس |

بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ

حرمت والے گھر کے پاس بسائی ہے، اے ہمارے پروردگار! یہ اس لئے کہ وہ نماز قائم رکھیں، پس تُو کچھ لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلَيْهِمْ | اِ لَا ئِ ہِمْ | ان کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَارْزُقْهُمْ | وَ رْ زُ قْ ہُمْ | اور تو انہیں رزق دے | ر ز ق | رِزق، رازِق، رَزّاق |
| | مِّنَ الثَّمَرٰتِ | م مِن ث ثَ مَ رَا تِ | پھلوں سے | ث م ر | ثمر بار، مُثمِر، ثَمرہ، شَربتِ ثَمر |
| | لَعَلَّهُمْ | لَ عَل لَ ہُمْ | تا کہ وہ | | |
| | يَشْكُرُوْنَ ۳۷ | یَشْ کُ رُو نَ | (تیرا) شکر کریں | ش ک ر | شُکر، شاکِر، مَشکُور، شُکرانِ نعمت |
| ۳۸ | رَبَّنَآ | رَب بَ نا.. | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالَمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | اِنَّكَ | اِن نَ کَ | بے شک تو | | |
| | تَعْلَمُ | تَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، عَلّامہ |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | ما حول، ما فوقُ الفطرت، ماجرہ |

اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۝۳۷ رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا

کردے اور انہیں پھلوں کی روزیاں عنایت فرما تا کہ یہ شکر گزاری کریں ۳۷ اے ہمارے پروردگار! تُو خوب جانتا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | نُخْفِيْ | نُ خْ فِیْ | ہم چھپاتے ہیں | خ ف ی | خُفیہ، خُفیہ پالیسی، خُفیہ ادارے |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَا نُعْلِنُ ط | وَ مَا نُ عْ لِ نُ | اور جو کچھ ہم ظاہر کرتے ہیں | ع ل ن | عَلَی الاِعلان، عَلانیہ طور پر |
| | وَمَا يَخْفٰى | وَ مَا يَ خْ فَا | اور نہیں چھپتی | خ ف ی | خُفیہ پالیسی، خُفیہ ایجنسی، مخفی |
| | عَلَى اللّٰهِ | عَ لَلْ لَا هِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | مِنْ شَيْءٍ | مِنْ شَا ئِ ءِ نْ | کوئی چیز | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَئے، اَشیائے خور دونوش |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَ رْ ضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | وَلَا فِي السَّمَآءِ ۳۸ | وَ لَا فِسْ سَ مَا... | اور نہ آسمان میں | س م و | سَماوی کُتُب، اَرض وسَماء |
| نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ط وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۳۸ | | | | | |
| جو ہم چھپائیں اور جو ظاہر کریں، زمین و آسمان کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ پر پوشیدہ نہیں ۳۸ | | | | | |
| ۳۹ | اَلْحَمْدُ | اَ لْ حَ مْ دُ | تمام تعریفیں | ح م د | حمد وثناء، حامد، محمود |
| | لِلّٰهِ | لِلْ لَا هِ | اللہ کے لئے ہیں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | الَّذِيْ | لْ لَ ذِ يْ | وہ جس نے | | |
| | وَهَبَ لِيْ | وَ هَ بَ لِيْ | عطا کئے مجھے | و ہ ب | ہِبہ کرنا، وَہّاب (اللہ کا صفاتی نام) |
| | عَلَى الْكِبَرِ | عَ لَلْ كِ بَ رِ | بڑھاپے کے باوجود | ك ب ر | کِبَر، اَکبر، کُبریٰ، کَبیر، تکبُّر |
| | اِسْمٰعِيْلَ | اِسْ مَا عِيْ لَ | اسماعیل | | حضرت اسماعیل علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | وَاِسْحٰقَ ط | وَ اِسْ حَا قَ | اور اسحاق | | حضرت اسحاق علیہ السلام (نبی کا نام) |
| | اِنَّ رَبِّيْ | اِنْ نَ رَبْ بِيْ | بے شک میرا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | لَسَمِيْعُ | لَ سَ مِيْ عُ | یقیناً خوب سننے والا ہے | س م ع | سامع، قوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ط اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ | | | | | |
| اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے اس بڑھاپے میں اسماعیل واسحاق (علیہما السلام) عطا فرمائے، کچھ شک نہیں کہ میرا پالنہار اللہ تعالیٰ دعاؤں کا | | | | | |
| | الدُّعَآءِ ۳۹ | دُ عَا... | دعا کا | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعیہ، داعی اِلَی اللہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۰ | رَبِّ | رَب بِ | اے میرے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ ﷺ |
| | اجْعَلْنِيْ | جْ عَلْ نِيْ | تو مجھے بنادے | ج ع ل | جعلی، جعل سازی، جعلی نوٹ جعلی مقابلہ، جعلی کاغذات |
| | مُقِيْمَ | مُ قِيْ مَ | قائم کرنے والا | ق و م | قیام، قائم، مُقیم، اِقامتِ صلوٰۃ |
| | الصَّلٰوةِ | صْ صَ لَا ةِ | نماز کو | ص ل و | صلوٰۃِ ظُہر، صلوٰۃِ عید، صلوٰۃِ جمعہ |
| | وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ | وَمِنْ ذُ رْ رِیْ یَ تِيْ | اور میری اولاد میں سے (بھی) | ذ ر ر | ذُرِّیَّتِ آدم علیہ السلام، ذُرِّیَّتِ اِبلیس |
| | رَبَّنَا | رَب بَ نَا | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ ﷺ |
| | وَتَقَبَّلْ | وَ تَ قَبْ بَلْ | اور تو قبول فرما | ق ب ل | قَبل اسکے، قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام |
| | دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ | دُ عَا...ءِ | میری دعا | د ع و | دُعا، دعوت، اَدعیہ، دَاعی اِلَی اللہ |

الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾

سننے والا ہے ﴿۳۹﴾ اے میرے پالنے والے! مجھے نماز کا پابند رکھ اور میری اولاد سے بھی، اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما ﴿۴۰﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱ | رَبَّنَا | رَب بَ نَ | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدؐ ﷺ |
| | اغْفِرْ لِيْ | غْ فِ رْ لِيْ | تو مجھے بخش دے | غ ف ر | غفّار، عبدُالغفور، مغفرت، غفّاری |
| | وَلِوَالِدَيَّ | وَلِ وَالِ دَ ئْ یَ | اور میرے ماں باپ کو | و ل د | والدِگرامی، والدین، والدہ |
| | وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ | وَلِلْ مُ x مِ نِيْ نَ | اور (سب) مومنوں کو | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، اِیمان |
| | يَوْمَ | یَا ؤْ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يَقُوْمُ | یَ قُوْ مُ | قائم ہوگا | ق و م | قائم، قیامت، اِقامت گاہ، مُقیم |
| | الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ | لْ حِ سَا بُ | حساب | ح س ب | حِساب وکتاب، حِساب دان یومِ حِساب، مُحاسبہ |
| ۴۲ | وَلَا تَحْسَبَنَّ | وَلَا تَ حْ سَ بَنْ نَ | آپ ہرگز خیال نہ کریں | ح س ب | حِساب وکتاب، حِساب دان یومِ حِساب، مُحاسبہ |

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ

اے ہمارے پروردگار! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی بخش اور دیگر مؤمنوں کو بھی بخش جس دن حساب ہونے لگے ﴿۴۱﴾ ناانصافوں کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالمین |
| | غَافِلًا | غَا فِ لَنْ | بے خبر | غ ف ل | غَفلت، غَافِل آدمی، تَغافُل |
| | عَمَّا | عَمْ مَا | اس سے جو | | مَاشَاءَاللہ، مَافوقَ الفِطرت، مَاتحت |
| | يَعْمَلُ | یَ عْ مَ لُ | عمل کرتے ہیں | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمول |
| | الظّٰلِمُوْنَ ۜ | ظْ ظَا لِ مُوْ نَ | ظالم | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالِمین |
| | اِنَّمَا | اِنْ نَ مَا | یقیناً | | |
| | يُؤَخِّرُهُمْ | یُ ءَ خْ خِ رُ ہُمْ | وہ انہیں مہلت دیتا ہے | ء خ ر | تَاخیر، مُؤخَّر، تَاخُّر، آخِری |
| | لِيَوْمٍ | لِ یَا وْ مِنْ | اس دن تک | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | تَشْخَصُ | تَشْ خَ صُ | (کہ) پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی | ش خ ص | |
| | فِيْهِ | فِیْ ہِ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | الْاَبْصَارُ ۙ﴿۴۲﴾ | لْ اَبْ صَا رُ | آنکھیں | ب ص ر | بَصَارت، بَصِیرت، سَمع وبَصر |

اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۜ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ۙ﴿۴۲﴾

اعمال سے اللہ تعالیٰ کو غافل نہ سمجھ وہ تو انہیں اس دن تک مہلت دیئے ہوئے ہے جس دن آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی ﴿۴۲﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۳ | مُهْطِعِيْنَ | مُ ہْ طِ عِیْ نَ | وہ دوڑ رہے ہوں گے (محشر کی طرف) | ھ ط ع | |
| | مُقْنِعِيْ | مُقْ نِ عِیْ | اُٹھائے ہوئے | ق ن ع | |
| | رُءُوْسِهِمْ | رُءُ وْ سِ ہِمْ | اپنے سروں کو | ر ء س | رَاسُ الخَیمہ، رُؤُسُ الشَّیَاطین |
| | لَا يَرْتَدُّ | لَا یَ رْ تَدْ دُ | نہیں لوٹے گی (خود) | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کُفر، اِرتِدَاد، فِتنۂ اِرتِدَاد |
| | اِلَيْهِمْ | اِ لَا یْ ہِمْ | ان کی طرف | | مُرسَل اِلَیہ، مَکتُوب اِلَیہ |
| | طَرْفُهُمْ ۚ | طَ رْ فُ ہُمْ | ان کی نگاہ | ط ر ف | طَرف، اَطرَاف، طَرفَین |
| | وَاَفْـِٕدَتُهُمْ | وَ اَفْ ءِ دَ تُ ہُمْ | اور ان کے دل | ف ء د | مُحمَّد فُؤَاد (نام)، فُؤَاد عَبدُالبَاقی (مصنف) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | **مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَ اَفْـِٕدَتُهُمْ** | | | | |
| | وہ اپنے سر اوپر اٹھائے دوڑ بھاگ کر رہے ہوں گے، خود اپنی طرف بھی ان کی نگاہیں نہ لوٹیں گی اور ان کے دل خالی اور اڑے | | | | |
| | هَوَآءٌ ۝٤٣ | ہَ وَا...ءُ | (عقل وشعور سے) خالی ہوں گے | ھ و ی | ہَوائے نَفس، ہَوا و ہَوَس |
| ۴۴ | وَ اَنْذِرِ | وَ اَنْ ذِ رِ | اور آپ ڈرائیں | ن ذ ر | نَذِیر و بَشِیر، اِنذار، مُنذِر |
| | النَّاسَ | ن نا سَ | لوگوں کو | ن و س | خَیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | يَوْمَ | یَا ؤ مَ | اس دن سے | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يَاْتِيْهِمُ | یَ x تِیْ ہِمُ | (کہ) آئے گا (اس دن) ان پر | ء ت ی | |
| | الْعَذَابُ | لْ عَ ذَا بُ | عذاب | ع ذ ب | عذابِ اِلٰہی، عذابِ جہنّم، عذابِ آخرت |
| | فَيَقُوْلُ | فَ یَ قُوْ لُ | تو کہیں گے | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | ظَلَمُوْا | ظَ لَ مُوْ | ظلم کیا: | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلوم، ظالمین |
| | رَبَّنَآ | رَ ب بَ نَا.. | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العالمین، رَبِّ کعبہ، رَبِّ مُحمّد ﷺ |
| | **هَوَآءٌ ۝٤٣ وَ اَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ** | | | | |
| | ہوئے ہونگے ۝٤٣ لوگوں کو اس دن سے ہوشیار کردے جب کہ انکے پاس عذاب آجائے گا اور ظالم کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں بہت تھوڑے | | | | |
| | اَخِّرْنَآ | اَ خ خِ رْ نَا.. | تو ہمیں مہلت دے | ء خ ر | تاخیر، مُؤخّر، تاخُّر، آخری |
| | اِلٰٓى اَجَلٍ | اِلَا.. اَ جَ لِنْ | مدت تک | ء ج ل | اَجَل، آجال، فرشتۂ اَجَل، لُقمۂ اَجَل |
| | قَرِيْبٍ ۙ | قَ رِیْ بِ | تھوڑی سی | ق ر ب | قُرب، قَریب، اَقرب، قَریبی عزیز و اَقارِب |
| | نُّجِبْ | ن نُ جِبْ | ہم قبول کرلیں گے | ج و ب | اِیجاب و قُبول، مُجِیبُ الدّعوات، مُستجابُ الدّعوات، اِجابتِ دُعا |
| | دَعْوَتَكَ | دَ عْ وَ تَ کَ | تیری دعوت | د ع و | دُعا، دَعوت، اَدعِیہ، داعی اِلَی اللہ |
| | وَ نَتَّبِعِ | وَ نَتْ تَ بِ عِ | اور ہم پیروی کریں گے | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الرُّسُلَ ؕ | رُ رُ سُ لُ | رسولوں کی | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اَوَ | اَ وَ | (تو کہا جائے گا:) کیا اور | | |
| | لَمْ تَكُوْنُوْٓا | لَ مْ تَ كُوْ نُوْ.. | تم نہیں تھے | ك و ن | |
| | اَقْسَمْتُمْ | اَقْ سَمْ تُمْ | کہ قسمیں کھاتے تھے | ق س م | قسم، اللہ کی قسم، خُدا کی قسم |

اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ

قریب کے وقت تک کی ہی مہلت دے کہ ہم تیری تبلیغ مان لیں اور تیرے پیغمبروں کی تابعداری میں لگ جائیں، کیا تم اس سے پہلے بھی قسمیں نہیں کھا رہے تھے؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قبل اسکے، قبل اَز نماز، قبل اَز طعام |
| | مَا لَكُمْ | مَا لَ كُ مْ | (کہ) نہیں ہے تمہارے لئے | | |
| | مِّنْ زَوَالٍ ۙ﴿٤٤﴾ | مِنْ زَ وَا لِ | کوئی زوال؟ | ز و ل | زَوالِ آفتاب، لازوال کِتاب |
| ٤٥ | وَّ سَكَنْتُمْ | وَ سَ كَنْ تُمْ | اور تم آباد تھے | س ك ن | سَاکِن، مَسْکَن، مَسَاکِن، سُکُونت |
| | فِيْ مَسٰكِنِ | فِيْ مَ سَا كِ نِ | ان لوگوں کے گھروں میں | س ك ن | سَاکِن، مَسْکَن، مَسَاکِن، سُکُونت |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | جنھوں نے | | |
| | ظَلَمُوْٓا | ظَ لَ مُوْ.. | ظلم کیا تھا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مَظلُوم، ظَالمین |
| | اَنْفُسَهُمْ | اَنْ فُ سَ هُمْ | اپنی جانوں پر | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، مُتنفّس |

مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ۙ﴿٤٤﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

کہ تمہارے لئے دنیا سے ٹلنا ہی نہیں ﴿٤٤﴾ اور کیا تم ان لوگوں کے گھروں میں رہتے سہتے نہ تھے جنھوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور کیا تم پر وہ معاملہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَتَبَيَّنَ | وَ تَ بَا ئْ يَ نَ | اور واضح ہو گیا تھا | ب ی ن | بَیان، مُبَیِّنَہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | كَيْفَ | كَا ئْ فَ | (کہ) کیسا | ك ی ف | کَیفیّت، بَہر کَیف، کَیف حَالُک |
| | فَعَلْنَا | فَ عَلْ نَا | ہم نے (سلوک) کیا | ف ع ل | فِعل، فَاعِل، مَفعُول، اَفعَال |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهِمْ | بِ ہِمْ | ان کے ساتھ؟ | | |
| | وَضَرَبْنَا | وَ ضَ رَ بْ نَا | اور ہم نے بیان کردی تھیں | ض ر ب | ضَربُ المَثَل، ضَارِب، مَضرَاب |
| | لَكُمُ | لَ کُ مُ | تمہارے لئے | | |
| | الْاَمْثَالَ ﴿٤٥﴾ | لْ اَمْ ثَا لَ | مثالیں | م ث ل | مِثَال، مَثَل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثَالیں |
| ٤٦ | وَقَدْ | وَ قَ دْ | اور تحقیق | | |
| | مَكَرُوْا | مَ کَ رُوْ | انہوں نے مکر کیے تھے | م ك ر | مَکروفَریب، مَاکرآدمی، مَکّارِی |
| | مَكْرَهُمْ | مَ كْ رَ ہُمْ | اپنے مکر | م ك ر | مَکروفَریب، مَاکرآدمی، مَکّارِی |

وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿٤٥﴾ وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ

کھلا نہیں کہ ہم نے ان کے ساتھ کیسا کچھ کیا، ہم نے (تو تمہارے سمجھانے کو) بہت سی مثالیں بیان کردی تھیں ﴿٤٥﴾ یہ اپنی اپنی چالیں چل رہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعِنْدَ | وَ عِنْ دَ | اور پاس ہیں | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں، عِندَالطَّلَب |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | مَكْرُهُمْ ؕ | مَ كْ رُ ہُمْ | ان کے مکر | م ك ر | مَکروفَریب، مَاکرآدمی، مَکّارِی |
| | وَاِنْ كَانَ | وَاِنْ كَ انَ | اور نہ تھے | ك و ن | |
| | مَكْرُهُمْ | مَ كْ رُ ہُمْ | ان کے مکر | م ك ر | مَکروفَریب، مَاکرآدمی، مَکّارِی |
| | لِتَزُوْلَ | لِ تَ زُوْ لَ | کہ ہل جاتے | ز و ل | زَوَالِ آفتَاب، اَثرزَائِل ہونا |
| | مِنْهُ | مِنْ هُ | ان (مکروں) سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | الْجِبَالُ ﴿٤٦﴾ | لْ جِ بَا لُ | پہاڑ | ج ب ل | جَبَلِ اُحد، جَبَلِ ثَور، جَبَلِ رَحمَت |
| ٤٧ | فَلَا تَحْسَبَنَّ | فَ لَا تَ حْ سَ بَنْ نَ | چنانچہ آپ ہرگز خیال نہ کریں | ح س ب | حِسَاب وکِتَاب، حِسَاب دَان، یَومِ حِسَاب، مُحَاسَبَہ |

وَعِنْدَ اللّٰهِ مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿٤٦﴾ فَلَا تَحْسَبَنَّ

ہیں اور اللہ تعالیٰ کو انکی تمام چالوں کا علم ہے اور انکی چالیں ایسی نہ تھیں کہ ان سے پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائیں ﴿٤٦﴾ آپ ہرگز یہ خیال نہ کریں کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مُخْلِفَ | مُ خْ لِ فَ | خلاف کرنے والا | خ ل ف | خِلاف، مُخالَفت، مُخالِف، اِختِلاف |
| | وَعْدِهٖ | وَ عْ دِ ہِیْ | اپنے وعدے کا | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ ووَعِید، وَعدہ کرنا |
| | رُسُلَهٗ ط | رُ سُ لَ ہٗ | اپنے رسولوں سے | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | اِنَّ | اِن نَ | بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | عَزِيْزٌ | عَ زِیْ زُنْ | نہایت غالب | ع ز ز | مُعَزَّز لوگ، مُعَزَّزِین کِرام، مُعَزَّز لوگ، عَبدُ العَزِیز (نام) |
| | ذُو انْتِقَامٍ ۝٤٧ | ذُ نْ تِ قَا م | انتقام لینے والا ہے | ن ق م | اِنتِقام، اِنتِقامی رَوَیّہ، اِنتِقامی مُقدّمہ، اِنتِقامی کاروائی |
| ٤٨ | يَوْمَ | یَا وْ مَ | جس دن | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | تُبَدَّلُ | تُ بَد دَ لُ | (کہ) بدل دی جائے گی | ب د ل | تَغَیُّر وتَبَدُّل، تَبدِیلی، مُتَبادِل |
| | الْاَرْضُ | لْ اَ رْ ضُ | یہ زمین | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |

اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝٤٧ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ

اللہ تعالیٰ اپنے نبیوں سے وعدہ خلافی کرے گا، اللہ تعالیٰ بڑا ہی غالب اور بدلہ لینے والا ہے ۝٤٧ جس دن زمین اس زمین کے سوا اور ہی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غَيْرَ | غَا ئِ رَ | (کسی) اور | غ ی ر | غَیرِ آدمی، غَیرُ اللہ، اِسکے بَغیر |
| | الْاَرْضِ | لْ اَ رْ ضِ | زمین سے | ء ر ض | اَرض وسَماء، کُرۂ ارض، ارضِ مُقدس |
| | وَالسَّمٰوٰتُ | وَ س سَ مَا وَا تُ | اور آسمان بھی | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَبَرَزُوْا | وَ بَ رَ زُوْ | اور وہ لوگ سامنے ہوں گے | ب ر ز | بَارِز ہونا، مُبارَزَت کرنا |
| | لِلّٰهِ | لِل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | الْوَاحِدِ | لْ وَا حِ دِ | (جو) ایک ہے | و ح د | وَاحِد، وَحدانیت، اَحَد |
| | الْقَهَّارِ ۝٤٨ | لْ قَ ہ ہَا رِ | بڑا زبردست ہے | ق ھ ر | قَاهِر، عَبدُ القَہّار، قَہر نازِل ہونا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۹ | وَتَرَى | وَ تَ رَ | اور آپ دیکھیں گے | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہلال، غیر مرئی |
| | الْمُجْرِمِيْنَ | لْ مُ جْ رِ مِیْ نَ | مجرموں کو | ج ر م | جُرم، مُجرم، فردِ جُرم، جرائم پیشہ |

غَيْرَ الْاَرْضِ وَ السَّمٰوٰتُ وَ بَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَ تَرَى الْمُجْرِمِيْنَ

بدل دی جائے گی اور آسمان بھی، اور سب کے سب اللہ واحد غلبے والے کے روبرو ہوں گے ﴿۴۸﴾ آپ اس دن گناہ گاروں کو دیکھیں گے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَوْمَئِذٍ | یَا ؤْ مَ ءِ ذِ | اس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | مُّقَرَّنِيْنَ | مْ مُ قَ رْ رَ نِیْ نَ | وہ جکڑے ہوئے ہوں گے | ق ر ن | |
| | فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ | فِلْ اَصْ فَا دْ | زنجیروں میں | ص ف د | |
| ۵۰ | سَرَابِيْلُهُمْ | سَ رَا بِیْ لُ ہُمْ | ان کی قمیصیں ہوں گی | س ر ب ل | |
| | مِّنْ قَطِرَانٍ | مِنْ قَ طِ رَا نِنْ وْ | گندھک کی | ق ط ر | |
| | وَّتَغْشٰى | وَ تَ غْ شَا | اور ڈھانکتی ہوگی | غ ش ی | غاشیہ (ڈھانپنے والی)، غشی طاری ہونا |
| | وُجُوْهَهُمُ | وُ جُوْ ہَ ہُمْ | ان کے چہروں کو | و ج ہ | وجہ، وُجوہ، علیٰ وجہِ البصیرت، توجّہ |

يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّ تَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ

زنجیروں میں ملے جلے ایک جگہ جکڑے ہوئے ہوں گے ﴿۴۹﴾ ان کے لباس گندھک کے ہوں گے اور آگ ان کے چہروں پر بھی چڑھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | النَّارُ ﴿۵۰﴾ | نْ نَا رْ | آگ | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| ۵۱ | لِيَجْزِيَ | لِ یَ جْ زِ یَ | تاکہ بدلہ دے | ج ز ی | جزائے خیر، جزاکُمُ اللہ |
| | اللّٰهُ | لْ لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | كُلَّ | کُلْ لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالم |
| | نَفْسٍ | نَفْ سِنْ | جان کو | ن ف س | نفس، انفُس، نفسا نفسی، مُتنفّس |
| | مَّا | مْ مَا | اس (عمل) کا جو | | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |
| | كَسَبَتْ ط | کَ سَ بَتْ | اس نے کمایا | ك س ب | کسبِ کثیر، کسبِ حلال، کسبِ فیض |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنَّ اللّٰهَ | اِن نَ ل لاَ ہَ | بے شک اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | سَرِيْعُ | سَ رِیْ عُ | بہت ہی جلد | س ر ع | سُرعَتِ اَفعال، سَرِیعُ الحَرکَت سَرِیعُ التَّاثِیر دَوَا |
| | الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ | لْ حِ سَا ب | حساب لینے والا ہے | ح س ب | حِسَاب وکِتَاب، حِسَاب دَان یَومِ حِسَاب، مُحَاسَبَہ |

النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِىَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾

ہوئی ہوگی ﴿۵۰﴾ یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ہر شخص کو اسکے کئے ہوئے اعمال کا بدلہ دے، بیشک اللہ تعالیٰ کو حساب لیتے کچھ دیر نہیں لگنے کی ﴿۵۱﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵۲ | هٰذَا بَلٰغٌ | ہَا ذَا بَ لاَ غُ | یہ (قرآن) ایک پیغام ہے | ب ل غ | بَالِغ، اَبلاَغِ عَامہ، مُبَلِّغ، تَبلِیغ |
| | لِّلنَّاسِ | ل ـلن نَا س | لوگوں کے لئے | ن و س | خَیرُالنَّاس، عَامّۃُالنَّاس، عَوَامُ النَّاس |
| | وَلِيُنْذَرُوْا | وَلِ یُ ن ذَ رُ وْ | اور تا کہ وہ (لوگ) ڈرائے جائیں | ن ذ ر | نَذِیر وبَشِیر، اِنذَار، مُنذِر |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ذریعے سے | | |
| | وَلِيَعْلَمُوْٓا | وَلِ یَ عْ لَ مُوْ.. | اور تا کہ وہ جان لیں | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | اَنَّمَا هُوَ | اَن نَ مَا ہُ وَ | کہ بس وہی (اللہ) | | |
| | اِلٰهٌ | اِلاَ ہُوْں | معبودِ برحق ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَّاحِدٌ | وَا حِ دُوْں | ایک | و ح د | وَاحِد، وَحدَانِیت، اَحَد |
| | وَّلِيَذَّكَّرَ | وَلِ یَذ ذَ ک کَ رَ | اور تا کہ نصیحت حاصل کریں | ذ ك ر | ذِکر، اَذکَار، ذَاکِر، مَذکُور، ذِکرِ اِلٰہی |

هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَ لِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّ لِيَذَّكَّرَ

یہ قرآن تمام لوگوں کیلئے اطلاع نامہ ہے کہ اسکے ذریعہ سے وہ ہوشیار کردیئے جائیں اور بخوبی معلوم کرلیں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہی معبود ہے اور

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُولُوا | اُ لُ | والے | ء و ل | اُولُواالعَزم، اُولُوالاَمر، اُولُواالعِلم |
| | الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع | لْ اَلْ بَا ب | عقل | ل ب ب | لُبِّ لُبَاب، لَبِیب آدمی (عقلمند) |

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع

تا کہ عقلمند لوگ سوچ سمجھ لیں ﴿۵۲﴾

اٰيَاتُهَا ٩٩ (١٥) سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ (٥٤) رُكُوْعَاتُهَا ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | الٓرٰ قف | اَلِف لَآ... م رَا | الرٰ | | حُروفِ مُقطّعات میں سے ہے |
| | تِلْكَ | تِ لْ کَ | یہ | | |
| | اٰيٰتُ | آ یَا تُ | آیتیں ہیں | ء ی ی | آیتِ قرآنی، آیۃُالکرسی آیتِ کریمہ |
| | الْكِتٰبِ | لْ کِ تَا بِ | کامل کتاب کی | ك ت ب | کِتابِ حِکمت، کِتابُ اللہ، کِتابت |
| | وَقُرْاٰنٍ | وَ قُ رْ آ نِ | اور قرآن | ق ر ء | قُرآنِ عَظیم، قِرأت، قاری |
| | مُّبِيْنٍ ① | م مُ بِیْ ن | واضح کی | ب ی ن | بَیان، مُبَیِّنَہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ①

الر، یہ کتاب الٰہی کی آیتیں ہیں اور کھلے اور روشن قرآن کی ①

# قرآن فہمی میں مددگار دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ

| اَللّٰهُمَّ | اِنِّيْ | عَبْدُكَ | وَابْنُ عَبْدِكَ | وَابْنُ اَمَتِكَ | نَاصِيَتِيْ | بِيَدِكَ | مَاضٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ لْ لَا ہُ مْ مَ | اِ نْ نِ یْ | عَ بْ دُ کَ | وَ بْ نُ عَ بْ دِ کَ | وَ بْ نُ اَ مَ تِ کَ | نَا صِ یَ تِ یْ | بِ یَ دِ کَ | مَ ا ضِ نْ |
| اے اللہ! | یقیناً میں | تیرا بندہ ہوں | اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں | اور تیری بندی کا بیٹا ہوں | میری پیشانی | تیرے ہاتھ میں ہے | جاری ہے |

اے اللہ! یقیناً میں تیرا بندہ ہوں، اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں، اور تیری ہی بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے قابو میں ہے،

فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَائُكَ اَسْئَالُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ

| فِيَّ | حُكْمُكَ | عَدْلٌ | فِيَّ | قَضَائُكَ | اَسْئَالُكَ | بِكُلِّ اسْمٍ | هُوَلَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِ یْ یَ | حُ کْ مُ کَ | عَ دْ لُ نْ | فِ یْ یَ | قَ ضَ اءُ کَ | اَ سْ ءَ لُ کَ | بِ کُ لْ لِ سْ مِ نْ | ہُ وَ لَ کَ |
| میرے حق میں | تیرا حکم | انصاف والا ہے | میرے بارے میں | تیرا فیصلہ | میں تجھ سے سوال کرتا ہوں | ہر اس نام کے واسطے سے | جو تیرے لئے ہے |

میرے حق میں تیرا حکم جاری ہے، تیرا فیصلہ میرے بارے میں انصاف کے ساتھ ہے، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر اُس نام کے

سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهُ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهُ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

| سَمَّيْتَ بِهٖ | نَفْسَكَ | اَوْ | اَنْزَلْتَهُ | فِيْ كِتَابِكَ | اَوْ | عَلَّمْتَهُ | اَحَدًا | مِّنْ خَلْقِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَ مْ مَا یْ تَ بِ ہِیْ | نَ فْ سَ کَ | اَوْ | اَنْ زَلْ تَ ہُوْ | فِ یْ کِ تَا بِ کَ | اَوْ | عَ لْ لَ مْ تَ ہُوْ | اَ حَ دَ مْ | مِ نْ خَ لْ قِ کَ |
| تو نے پسند کیا ہے جسے | اپنے لئے | یا | تو نے اُتارا | اپنی کتاب میں | یا | تُو نے سکھایا اُسے | کسی کو | اپنی مخلوق میں سے |

واسطے سے جو تُو نے اپنے لئے پسند کیا، یا اپنی کتاب میں تُو نے اُتارا، یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے،

اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ

| اَوِ اسْتَأْثَرْتَ | بِهٖ | فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ | عِنْدَكَ | اَنْ | تَجْعَلَ | الْقُرْاٰنَ | رَبِيْعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوِ سْ تَ x ثَ رْ تَ | بِ ہِیْ | فِیْ عِ لْ مِ لْ غَا یْ بِ | عِ نْ دَ کَ | اَنْ | تَ جْ عَ لَ | لْ قُ رْ آ نَ | رَ بِ یْ عَ |
| یا تو نے اختیار کر رکھا ہے | اُس کو | علمِ غیب میں | اپنے پاس | یہ کہ | تُو بنا دے | قرآن کو | بہار |

یا اپنے علم غیب میں تُونے اُس کو اختیار کر رکھا ہے، اس بات کو کہ تُو قرآن مجید کو میرے دل کی بہار

قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجَلَاۤءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ ۔ (مسند احمد ج ۱ ص ۳۹۱)

| قَلْبِيْ | وَنُوْرَ صَدْرِيْ | وَجَلَاۤءَ حُزْنِيْ | وَذَهَابَ | هَمِّيْ |
|---|---|---|---|---|
| قَ لْ بِ یْ | وَنُ وْ رَ صَ دْ رِ یْ | وَ جَ لَا ... ءَ حُ زْ نِ یْ | وَ ذَ ہَ ا بَ | ہَ مْ مِ یْ |
| میرے دل کی | اور نُور میرے سینے کا | اور دُور کر دے میرے رنج وغم کو | اور دُور کر دے | میری فکر کو |

اور میرے سینے کا نُور بنا دے اور دُور کر میرے رنج و غم کو اور میری فکر و پریشانیوں کو دُور کرنے کا ذریعہ بنا دے۔

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا (سورۃ مزمل:۴)

''اور قرآن کی تلاوت اطمینان سے صاف صاف کیا کرو۔''

## خاور صادق ''قرآن سمجھو'' تحریک

کا یہ اہم اور منفرد منصوبہ فہمِ قرآن کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

- ☆ قرآن کریم کو سمجھانے کا یہ اسلوب پہلی دفعہ ہمارے ہی ادارے نے متعارف کروایا ہے۔
- ☆ قرآن فہمی کا یہ منصوبہ خالصتاً ''رضائے الٰہی'' کے حصول کیلئے ہے۔
- ☆ مزید بہتری کیلئے اس مفید کاوش کی ترویج و ترقی میں ادارہ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

آیئے! اس منفرد کوشش میں شریک ہو کر
تعلیمِ قرآن کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کریں۔


خاور صادق ''قرآن سمجھو'' تحریک

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق

1- سینٹ میری پارک، گلبرگ III، کلمہ چوک، لاہور 0300-7942202

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com